URDU NOVEL BANK

میں تیرا سرمایہ ہوں

از قلم سُنیہا رؤف

مکمل ناول

ناول بینک ویب پر شائع ہونے والے تمام ناولز کے جملہ و حقوق مصنفین کے نام محفوظ ہے خلاف ورزی کی صورت میں قانونی کارروائی کی جا سکتی ہے۔ اگر آپ ناول بینک ویب پر اپنی تحریر پبلش کروانا چاہتے ہیں تو اردو میں ٹائپ کر کے ہمارے واٹس اپ یا ای میل پر سینڈ کردیں۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

E-mail : pdfnovelbank@gmail.com
WhatsApp : 92 306 1756508

ناول بینک انتظامیہ

URDU NOVEL BANK

کسی کو نکاح کر کے سرِ راہ نہیں چھوڑا جاتا شایان عثمانی۔۔۔وہ اکثر تنہائی میں یہ سوچا کرتی تھی۔

وہ آج واپس آئی تھی وہاں سات سالوں بعد اور اب کی بار دل خون کے آنسو رو رہا تھا کہ مت مانگو بھیک اس شخص سے جس نے تمہیں بے مول کر دیا جس نے نکاح کے سات سال میں مڑ کر تمہیں نہیں دیکھا جس کے لیے تم اب بھی ایک ان پڑھ، گوار اور چھوٹی لڑکی ہو۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کس سے ملنا ہے آپ کو؟ اس سے پوچھا گیا۔

شایان عثمانی۔۔۔!

آواز دھیمی تھی آنسوؤں سے بھری ہوئی جیسے ساتھ نہ دینا چاہ رہی ہو اس کا۔

میں بتا دیتا ہوں سر کو! اس لڑکے نے اسے دیکھتے سرسری سے انداز میں کہا۔

URDU NOVEL BANK

لیکن اسے بٹھایا گیا تھا۔۔۔۔انتظار۔۔۔۔ہاں وہ شخص ہمیشہ سے اسے انتظار ہی تو کرواتا آیا تھا۔

آجائیں!

وہ تھکے قدموں سے اٹھی اسے لگا نہیں تھا کہ سات سالوں بعد وہ وہیں آجائے گی جہاں نہ آنے کی قسم کھائی تھی اُس نے۔

وہ اندر داخل ہوئی جہاں وہ کسی لڑکی کے بے حد قریب بیٹھا باتیں کر رہا تھا۔

اس کی آنکھوں میں مرچیں بھر گئیں وہ اب بھی کہاں بدلا تھا۔

اسی طبیعت کا مالک تھا وہ !اس نے نقاب کو درست کرتے اندر قدم رکھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

جی کون؟

وہ اس کی طرف دیکھ کر بولا۔۔۔سیکرٹری کب کا جا چکا تھا اب صرف وہ لڑکی اور وہ شخص تھا سامنے۔

اس کے لبوں پر تلخ سی مسکراہٹ چھا گئی۔

URDU NOVEL BANK

پھر آنکھیں جھکاتے اپنا نقاب اتارا اور بھاری ہوتی پلکوں سے اسے دیکھا۔

شاید نام سے بھی وہ اسے نہ پہچانتا اسی لیے چہرے سے نقاب ہٹا دیا۔

کونین خاور نے اسے دیکھا جو اب اپنی جگہ سے کھڑا ہوتا اس کے قریب آیا تھا فوراً۔

تمہیں اندر کس نے آنے دیا؟ وہ دھاڑا تو اس کا دل سہم گیا

اس جگہ پر میرا بھی اتنا حق ہے جتنا آپ کا----!

وہ دھیمے سے بولی اور نقاب دوبارہ کر لیا۔۔۔وہ لڑکی اٹھ کر چلی گئی اب وہ دونوں رہ گئے تھے۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ہاہاہاہا !سات سالوں میں ہمت آگئی ہے تم میں کونین خاور ماننا پڑے گا۔

لیکن ہمت بھی نہ کرنا یہاں گھسنے کی----یہ میرے باپ دادا کی بنائی جگہ ہے۔

جس میں حصّہ دار میرا باپ بھی ہے وہ چیخ پڑی۔۔۔اتنا فرق کیوں بھائیوں میں صرف اس لیے کہ انھوں نے خاندان کی روایت کو توڑتے اپنی پسند کی شادی کی تھی؟

URDU NOVEL BANK

جس کی وجہ سے میری آنی تڑپی ہو سالوں۔۔۔اس شخص کا تو میں نام سننا پسند نہ کروں کجا کہ اسے سامنے دیکھنا!

وہ ہنکارا بھر گیا اسے لگا نہیں تھا کہ سامنے موجود وہ چھٹانک بھر کی لڑکی ایک روز اس کے سامنے موجود اس سے اپنا حق طلب کرے گی۔

زیادہ نہیں بس مجھے میرے باپ کا حصّہ چاہیے۔۔۔۔یہ کہتے اس کا دل کیا کہ زمین پھٹے اور وہ اس میں جا سمائے۔

کیا کہا پھر سے کہنا زرا وہ تھوڑا قریب ہوا تو وہ فوراً سے پیچھے ہوئی جس پر شایان نے آئبرو اچکائی جیسے کہہ رہا ہو اتنی تم پاکیزہ!

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

میرے باپ کا حق۔۔۔۔۔۔

وہ جائیداد سے اور ہر رشتے سے اسی دن عاق کر دیا گیا تھا جس دن اس نے ہمارے خاندان کی روایات کا پاس نہ رکھا تھا کونین میڈیم۔۔۔۔۔۔۔۔

URDU NOVEL BANK

اس کا اس جگہ پر حصہ تو کیا پھوٹی کوڑی تک نہیں ہے -----نکلو اور یہاں کا راستہ دوبارہ کبھی مت دیکھنا---

نکلو ---اس کی دھاڑ پر وہ پاؤں تک کانپ گئی۔

شایان !وہ لرزتے ہوئے بولی---آنسو چہرہ بھگونے لگے نقاب اب گیلا ہونے لگا تھا۔

!ہمارے درمیان رشتے کا واسطہ آپ کو

مجھے کچھ رقم چاہیے----میرا باپ مر جائے گا---وہ کہتی اپنی بے بسی پر پھوٹ پھوٹ کر رو دی تو وہ شخص اسے دیکھنے گا جیسے اس کے آنسوؤں سے بیزار ہو رہا ہو۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

بدلے میں مجھے کیا ملے گا؟ وہ مسکراتا مطلب پر آیا پھر اسے سر تا پاؤں دیکھا۔

سب دے دوں گی جو آپ کو چاہیے-----وہ منمنائی۔

تم سے جو چاہیے وہ تو میں کسی لمحے بھی پا سکتا ہوں کونین شایان---وہ کیا کہہ رہا تھا وہ سمجھ گئی۔

URDU NOVEL BANK

کونین کا دل کیا اس شخص کا گریبان پکڑے اور اس سے پوچھے کہ کیا بیوی کو صرف اسی لیے گھر لایا جاتا ہے؟ کیا بیویوں کو یوں رسوا کیا جاتا ہے؟ کیا نکاح کر کے مڑ کر نہیں دیکھا جاتا۔۔۔کیا سالوں صرف دشمنی میں گزار دیے جاتے ہیں؟

کل گھر پر آجانا صبح آٹھ بجے۔۔۔۔۔

لیٹ ہوئی تو قدم نہ رکھنا وہاں۔ میرا وقت بہت قیمتی ہے۔۔۔۔اور۔۔۔قیمت ایک ساتھ نہیں ملے گی بھاگ گئی اگر تم تو؟

کونین نے ہچکی بھرتے اسے دیکھا۔۔۔۔نکاح کے سات سال وہ دور رہی تھی اسے فرق نہیں پڑا تھا لیکن قیمت جانے پر وہ اسے قبر سے نکال لیتا وہ جانتی تھی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

میں۔۔۔آجاؤں گی۔۔۔۔۔۔وہ کہتے پلٹ گئی۔۔۔۔۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

میں اور کوئی رشتہ نہیں نبھانا چاہتی میں بس ایک اچھی بیٹی بننا چاہتی ہوں۔۔۔۔میرے باپ پر میرے خون کا ہر قطرہ وار دوں گی لیکن آنچ نہیں آنے دوں گی وہ خود کو مضبوط کرتی کل کے لیے خود کو تیار کرنے لگی۔

اس کا بس چلتا تو وہ کبھی بھی شایان عثمانی سے دوبارہ نہیں ملتی جو جب ملتا تھا اس کی زات کی تذلیل یوں کرتا تھا کہ وہ ریزہ ریزہ ہوتی بکھر جاتی تھی۔

آج مجبوری نہ ہوتی تو وہ وہاں قدم رکھنے سے پہلے مرنا پسند کرتی۔

----

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ اسے خود پھنسا رہا تھا ان سب میں۔۔۔اسے لگا تھا یہ اتنا مشکل نہ ہو گا لیکن اب اسے تکلیف میں دیکھ کر پاگل ہو رہا تھا وہ۔

یہ تمہارا اپنا فیصلہ تھا ازلان کہ تم اسے ان سب سے گزارو تاکہ وہ مضبوط ہو سکے۔۔۔۔

URDU NOVEL BANK

ہاں لیکن میں برداشت نہیں کر پا رہا۔۔۔اس کا ایک ایک آنسو میرے دل پر گر رہا ہے۔۔۔۔۔میں پاگل ہو رہا ہوں۔۔۔۔وہ رو رہی ہے اور وجہ میں ہوں۔۔۔۔

لیکن اسے ان سب سے تم نے نکالنا ہے اپنے ماں باپ کے بعد وہ جس طرح ڈرپوک بن گئی ہے کہ لوگوں سے دور بھاگتی ہے ایسا نہیں چلے گا نا ہمیشہ۔۔۔۔اس کا سب تُو ہے تو ہی اسے ان سب سے نکال سکتا ہے۔۔۔۔

میں جانتا ہوں اسی لیے اسے ان سب سے نکال رہا ہوں۔۔۔۔وہ اندھیرے میں دو چار بار بیہوش ہوئی ہے ناجانے کتنے زخم اس نے خود کو دیے ہیں مجھے اپنی جان جاتی محسوس ہوتی ہے جب وہ یہ سب کرتی ہے۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

میری روح ازیت میں ہے بہت۔۔۔۔میں ان دکھوں کا مداوا کیسے کروں۔۔؟

خود کو مضبوط بنا۔۔۔۔۔۔وہ سب بھول گئی ہے۔

وہ آنکھیں میچ گیا ہاں وہ سب ہی تو بھول گئی تھی۔۔۔یاد تو اسے صرف اس کی زندگی کی تلخیاں تھیں۔

URDU NOVEL BANK

وہ قدم قدم چلتا اس کے کمرے میں گیا جہاں وہ کچھ دیر کے لیے رُکی تھی۔

اس کے آتے ہی اس نے ٹانگیں سمیٹی اور دوپٹہ سر پر رکھتے آنکھیں جھکا لیں۔

آپ کو مجھ سے ڈر لگتا ہے ہنی؟

وہ تھر تھر کانپ رہی تھی۔۔۔۔وہ شخص چاہتا تھا اسے پناہوں میں لے لے لیکن ایسا کرتا تو وہ چیختی شاید صدمے سے ہی بیہوش ہو جاتی۔

آپ مجھ سے کیوں ڈرتی ہیں ہنی؟

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اس نے اس کے ہاتھ تھامنے چاہے جو اس نے جھٹ سے اپنی قمر پر باندھ لیے۔

ہاتھ دکھائیں۔۔۔۔۔وہ سنجیدگی سے بولا۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

ہنی اپنا ہاتھ کسی لڑکے کو نہیں دیتی۔۔۔وہ ممنائی۔۔۔۔۔سولہ سالہ وہ لڑکی دس سال کی بچی معلوم ہوتی تھی اس کے ساتھ کیا کیا ہوا تھا ان سولہ سالوں میں کوئی سنتا تو اس پر غشی طاری ہو جاتی۔

مجھے دِکھا سکتی ہیں !اس نے آہستگی سے کہا۔

کیوں؟ وہ آنکھیں کھولتے حیرت سے اسے دیکھنے لگی۔ کانپنا کچھ کم ہوا تھا کیونکہ وہ اسے باتوں میں الجھا رہا تھا۔

کیونکہ میں آپ کا اچھا والا دوست ہوں !وہ اور کچھ نہ کہہ پایا۔

اممم۔۔۔ہمممم۔۔۔ماما کہتی تھیں لڑکے دوست نہیں ہوتے۔۔۔۔وہ اس کی اس بات کو بھی رد کر گئی تھی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

تو میں آپ کا سب کچھ ہوں بس اتنا سمجھ لیں۔۔۔۔میں آپ کو ہاتھ لگا سکتا ہوں۔۔۔آپ صرف مجھ سے بات کریں گی، میری بات مانیں گی، مجھ سے فرمائشیں کریں گی جیسے آپ کی ماما آپ نے بابا سے کرتی تھیں۔

URDU NOVEL BANK

!تو وہ تو میری ماما کی زندگی کے "لو" تھے نا

وہ اسے دیکھتے بولی ہاتھ اب جھولی میں رکھ لیے تھے۔

تو میں بھی آپ کی زندگی کا سرمایہ ہوں---لَو ہوں---شاید یہ لفظ اس نے چھوٹے ہوتے سے ہی اپنے باپ کے منہ سے ماں کے لیے سنا تھا۔

اووووووو !وہ اب بھی اس کی بات پر یقین لائی تھی یا نہیں وہ سمجھ نہیں پایا۔

انہیں پرانی باتیں یاد کروانا ضروری ہے نہیں تو یہ ساری زندگی اسی ازیت میں گزار دیں گی

اسے ڈاکٹر کی بات یاد آئی تو وہ دُکھتے دل سے کھڑا ہونے لگا۔

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

!یہ لیں---

اسے لگا وہ ناراض ہو گیا ہے اسی لیے اپنے ہاتھ آگے کیے۔

!ہنی-----

وہ اس کے ہاتھ تھامتا وہاں موجود زخم دیکھنے لگا---پھر اس کی بھوری آنکھیں جنہیں وہ شدت سے چومنا چاہتا تھا جو سوجی تھی ہلکی سی ہمیشہ کی طرح۔

فرشتے!

اس کا نام لبوں سے ادا کرتا وہ اس کے ہاتھوں پر جھکنے لگا جب اس نے تیزی سے اپنے ہاتھ کھینچ لیے اور جسم ہلکا ہلکا کانپتا شروع ہو گیا۔

کیا کھائیں گی آپ؟

آپ مجھے یہاں سے لے جائیں۔۔ مجھے یہاں ڈروانے خواب آتے ہیں وہ اسے بتانے لگی۔

آپ میرے گھر چلیں گی؟ وہ یک دم کچھ سوچتا پوچھنے لگا۔

اممممم-----آپ میرے کیا لگتے ہیں؟

اس کے اس سوال پر وہ اسے بہت سے جوابات دینا چاہتا تھا لیکن خاموش ہو گیا۔

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

بس کچھ-----میں آپ کا سب کچھ ہوں----ہم میرے گھر چلیں گے میرے ساتھ شام تک---

وہ کہتا باہر نکل گیا۔

اردو ناول اور سٹوریز کی سب سے بڑی ویب سائٹ

www.urdunovelbank.com



Urdu Novel Bank website

جہاں ملے آپ کو نئے اور اچھے معیاری ناول تمام کیٹگری میں۔۔۔

گوگل پر ٹائپ کریں

Urdu Novel Bank

اور ویب سائٹ سے ڈاؤنلوڈ کریں ہزاروں مکمل ناول مفت میں

URDU NOVEL BANK

اپنے باپ کو ناشتہ کروانے کے بعد وہ دوا دینے لگی جو نقاہت سے بس بستر سے لگ کر رہ گئے تھے۔

"بابا جان !آج کام سے جا رہی ہوں !تھوڑی دیر میں آجاؤں گی طبیعت خراب ہو تو مجھے بس ایک فون کر لیجئے گا۔"

اب وہ کہیں جاتی تو دل کو دھڑکا سا لگا رہتا تھا باپ کی وجہ سے---- پہلے تو اس نے ان کے لیے ایک لڑکا رکھا تھا جو ان کی دیکھ بھال کرتا جب وہ کالج جاتی تھی لیکن اب حالات ایسے نہ رہے تھے اسی لیے اس نے سب کو ہٹا دیا تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"بابا جان ہم آپ کا حق لے کر رہیں گے---آپ نے سالوں دیے ہیں اس بزنس کو "!وہ ہمیشہ ان سے کہتی۔

"نہیں !ان کے در پر جا کر مانگنا ایسا ہے جیسے میں مان لوں کہ میں نے کوئی گناہ کیا ہے۔"

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

محبت کی شادی اور اپنی زندگی کے بہتریں شخص کا انتخاب کرنا ہر انسان کا حق ہے جو اس حویلی میں کہاں دیا جاتا ہے "وہ ہمیشہ یہ سب کہہ کر اسے چُپ کروا دیتے۔

لیکن اب اسے ضرورت پڑ گئی تھی اس کا باپ بیمار تھا بے حد---بی پی روز ہی ہائی ہو جاتا تھا----وہ ابھی جاب کرتی بھی تو سات آٹھ ہزار سے ہاتھ میں کچھ نہ آتا---اس کا اپنا کالج ابھی ختم ہوا تھا۔

بس شام میں گھر میں بچوں کو پڑھا دیتی تھی وہ اتنا خود کے لیے کر لیتی تھی وہ۔

اٹھارہ سال کی ہو جانا تھا اس نے چند ماہ میں اور یونیورسٹی بھی تو شروع ہو جاتی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ گھر سے نکل گئی---رکشہ کروایا اور اس پتے پر پہنچ گئی جہاں اسے بلایا گیا تھا۔

اندر داخل ہوتے اس نے اس بڑے سے لان کو دیکھا اس میں تو اس کا پورا گھر آجاتا---تلخ سی مسکراہٹ اس کے لبوں پر پھیل گئی۔

جی میم؟ "ملازم نے اس سے پوچھا۔"

URDU NOVEL BANK

"!شایان عثمانی سے ملنا ہے"

وہ اسے بتانے لگی تو اس نے عجیب سی نگاہوں سے اس سترہ سالہ لڑکی کو دیکھا جو کالج کی یا سکول کی ہی بچی لگتی تھی۔

"کیا کام ہے؟"

"یہاں پر اپنے نجی کام بھی سب کو بتانے پڑتے ہیں؟"

وہ اتنی بلحاظ نہیں تھی لیکن اس گھر کی شان و شوکت دیکھ کر اسے اپنے باپ کے ساتھ ہوئی ناانصافی کھلنے لگی تھی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"!آجائیں"

اسے اندر بٹھایا گیا۔۔۔لیکن اندر اس نے سر اٹھا کر اس محل کی رونقوں کو نہیں دیکھا یہ سب چیزیں اسے متاثر نہیں کرتی تھیں۔

"!اپنے کمرے میں بلا رہے ہیں وہ آپ کو"

اسی ملازم نے اسے کہا اور اوپر کمرے کے دروازے کی طرف اشارہ کیا تو اس کا سانس سوکھا۔

URDU NOVEL BANK

"کمرے میں کیوں؟"

"یہ وہی بتائیں گیں۔۔۔۔اور پلیز یہ جوتے اتار دیں انہیں گندگی نہیں پسند۔"

"ہاں مگر میلے دل پسند ہیں ان سب کو"

وہ دل میں بولی اور جوتے اتارتے اوپر اس کے کمرے کی طرف بڑھی۔

کم اِن "!وہ کب سے کھڑی ہمت اکٹھی کر رہی تھی جب اندر سے آواز آئی۔"

اس نے اندر قدم رکھا لیکن دروازہ کُھلا ہی رہنے دیا وہ اپنی شرٹ کے بٹن بند کر رہا تھا۔

مڑ کر اسے دیکھا اور پھر مسکرایا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"!دروازہ بند کر دو"

اس کی گھمبیر آواز پر اس نے تھوک نگلا اور دروازہ بند کر دیا اور وہیں کھڑی انگلیاں مروڑنے لگی۔

یہاں آؤ "!دوسری آواز پر وہ دم سادھ گئی۔"

"!یہیں بتادیں پلیز۔۔۔۔"

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

وہ کونفیڈنٹ تھی لیکن اس کے سامنے آکر اس کی ساری ہمت، سارا اعتماد پانی ہو رہا تھا۔

یہاں آ رہی ہو یا میں آؤں؟ "وہ سخت آواز میں بولا تو وہ قدم قدم اٹھاتی اس کے قریب" گئی۔

جی!

شایان نے اسے دیکھا جس نے چادر مزید کھینچ کر ماتھے کو چھپا دیا تھا اور خود کو بھی اس چادر میں چھپا رکھا تھا اس کے چھوٹے سے نازک سراپے پر نظر ڈالی اور پھر اس کی پلکوں پر جو بیشک اسی کے خوف پر لرز رہی تھیں۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

تمہیں پتا ہے میں نے تمہیں یہاں کیوں بلایا ہے؟ "وہ استفسار کرنے لگا۔"

نہیں "!وہ آنکھیں اٹھاتے اس کی آنکھوں میں دیکھتے بولی۔"

"تو کیوں آئی ہو؟"

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

اپنے باپ کا حق لینے۔۔۔یہ جس حویلی نما محل میں آپ لوگ رہ رہے ہیں اس میں" میرے باپ کی بھی محنت ہے۔۔۔۔انھوں نے روایت کا پاس نہیں رکھا یہ کوئی گناہ نہیں اور چلیں سزا کے طور پر انہیں سب چیزوں سے نکال دیا گیا لیکن میرے باپ کی "!محنت کی قیمت تو پوری کریں اگر اتنے انصاف پسند ہیں تو

شایان نے اس چھٹانگ بھر کی لڑکی کو دیکھا جو ڈرتی تھی تو نظریں تک نہ اٹھاتی تھی اور اب بے خوف جو بولی رہی تھی تو نگاہیں اس کی نگاہوں سے نہ ہٹائیں تھیں۔

شایان نے قدم اٹھائے تو وہ پیچھے ہوتی چلی گئی اور الماری کے ساتھ لگ گئی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"!اپنے باپ کی بات کر کے موڈ مت خراب کرو"

مجھے کچھ اور چاہیے تم سے۔۔۔۔"وہ یہ سب نہیں کرنے کا سوچ رہا تھا لیکن سامنے" موجود لڑکی کا اعتماد بھی تو توڑنا تھا۔

اس لیے اس کے ماتھے سے چادر کو پیچھے کرتے اس کے سر سے اتار دیا تو وہ حیرت زدہ سی اسے دیکھنے لگی۔

URDU NOVEL BANK

"!شوہر ہوں تمہارا میرا حق ہے"

"!کاش آپ نے فرائض بھی ادا کیے ہوتے"

وہ بولتی پھر سے اس کی آنکھوں میں دیکھنے لگی جو شایان عثمانی کو نہیں بھایا تھا یقیناً۔

اس گاؤں کے وڈیرے کا بیٹا تھا وہ۔۔۔۔اپنا بزنس بیٹھک تھا اس کا۔۔۔۔لیکن گاؤں میں کوئی اس سے اتنی قریب آکر آنکھ میں آنکھ ڈال کر بات کرنے کی ہمت نہ رکھتا تھا جو وہ کر رہی تھی۔

اس کے بالوں کو تھامتے شایان نے اس کی آنکھوں میں دیکھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"کیا کیا کر سکتی ہو؟"

"آپ کیا کروانا چاہ رہے ہیں؟"

دل میں وہ از حد خوفزدہ تھی لیکن اگر آج ڈر جاتی تو وہ شخص اسے خوفزدہ کرتے کرتے ہی مار دیتا۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

"دلچسپ!---بہت دلچسپ"

"شایان عثمانی کے سارے کام !سارے مطلب سارے آج سے تمہارے زمے ہیں---"وہ تو کچھ اور سوچے ہوئے تھا لیکن کچھ اور کر گیا تھا۔

"میرے بابا کو اچھے مہنگے ہسپتال میں داخل کروائیں ان کا سارا علاج آپ کے زمے ہو گا تو مجھے سب منظور ہے۔"

"تم اپنی قیمت بتا رہی ہو؟"

"نہیں !میری قیمت تو بہت زیادہ ہے آپ سب مل کر بھی ادا نہیں کر پائیں گے"

وہ اس کی طرف دیکھتی رُخ پھیر گئی جیسے سامنے کھڑا شخص معنی نہ رکھتا ہو۔

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

"اور اگر تمہیں خرید لوں تو؟"شایان نے اس کے دونوں بازوؤں کو تھامتے کہا۔

"آپ میرے جسم کو خرید سکتے ہیں شایان عثمانی لیکن میری روح کو نہیں-----کونین خاور کبھی اس حویلی کے مرد کا نصیب نہیں بنے گی"

"میرے نکاح میں ہو تم بھول رہی ہو۔"

URDU NOVEL BANK

مجھے یاد ہے آپ بھول گئے ہیں۔۔۔آپ کو یاد نہیں آیا سات سالوں میں میں نے ہر"
روز اس رشتے کے ختم ہونے کی دعا مانگی ہے"

ایک اور تماچہ وہ اسے مار گئی تھی اور بس یہی تک تھا شایان عثمانی کا صبر۔

ڈیمم اٹ!"

اب میں دیکھتا ہوں تم اس رشتے سے رہائی کیسے پاتی ہو۔۔۔میری موت تک تو تمہارا نام میرے نام سے الگ نہیں ہو گا "کونین خاور وہ اسے دھکا دیتا بولا۔

وہ زمین پر گرتے گرتے بچی تھی۔۔۔حلق آنسوؤں سے بھر گیا تھا لیکن آنکھوں سے ایک قطرہ نہ گرنے دیا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ شخص کہاں اہمیت رکھتا تھا کہ اس کے سامنے اپنے آنسوؤں کو بے مول کیا جاتا۔

جاؤ نیچے میرا ناشتہ بناؤ !آرہا ہوں میں پانچ منٹ میں "وہ اپنا پہلا حکم صادر کرتا بولا۔"

کل سے "!وہ بولنے لگی تھی کہ وہ اس کے پاس آیا اور اسے جھٹکے سے کھڑا کیا کہ وہ" اس کے سینے میں لگتے لگتے بچی۔

URDU NOVEL BANK

"!آج سے اور ابھی سے"

اس نے فون نکالا۔۔۔۔۔خاور عثمانی کو ہسپتال میں داخل کرواؤ۔۔۔۔۔اچھے ڈاکٹرز سے علاج ہونا چاہیے۔

وہ بولا تو کونین کھڑی ہو گئی اور سر ہلاتی فوراً اس کا کام کرنے کے لیے نکل گئی۔

تمہاری کمزوری تمہارہ باپ ہے کونین خاور "!اس کی پشت کو دیکھتا وہ بہت کچھ سوچ رہا" تھا۔

---

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

شام کو وہ اسے اپنے گھر لے جا رہا تھا اس وقت وہ گاڑی میں اس کے ساتھ بیٹھی تھی۔

"چلیں؟"

اس نے تیزی سے سر ہلاتے اس عمارت کو دیکھا جہاں وہ کتنی دیر سے تھی اسے یاد بھی نہیں تھا۔

سیٹ بیلٹ باندھیں ہنی !اس نے اپنی سیٹ بیلٹ لگاتے کہا۔

URDU NOVEL BANK

"وہ کیسے باندھتے ہیں؟"

وہ واپس مڑا اور اسے دیکھتے جھک کر اس کی بیلٹ بغیر اسے چھوئے باندھی۔

"کیا آپ کے گھر میں جھولا ہے؟"

نہیں !لیکن آپ کو پسند ہے تو لگا دوں گا آپ کو "!وہ اپنی گاڑی کے پیچھے دوسری" گاڑی کو چلتے دیکھ مطمئن ہوا۔

نہیں تو فرشتے کو یہاں سے لے کر جانا خطرے سے خالی نہ تھا۔

اس نے تیزی سے ڈرائیو کیا تھا اور اپنے فلیٹ پر گاڑی روکی اور نیچے اترا پھر اس کی طرف کا دروازہ کھولا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

آجاؤ!

"کیا یہ ہے آپ کا گھر؟"

بالکل !وہ اندر داخل ہوا تو وہ اسکے پیچھے اندر آئی۔۔۔اس نے فوراً سے دروازہ بند کر کے لاک کر دیا۔

URDU NOVEL BANK

"کیا کھاؤ گی؟"

ابھی بھوک۔۔۔ نہیں ہے "!وہ اپنے ہاتھوں کو دیکھتی اسے بتانے لگی۔"

"!اچھا یہاں آئیں زرا ہنی"

وہ صوفے پر بیٹھ کر اسے اپنے پاس بلانے لگا جو سامنے کے صوفے پر بیٹھی تھی۔

"نہیں۔۔۔۔می۔۔میں۔۔۔۔۔"

آجائیں ہنی۔۔۔وہ قدم قدم اٹھاتی آئی اور اس سے کچھ فاصلے پر بیٹھ گئی۔

"کیا مجھے آپ کی سب باتیں مانی ہیں جیسے ماما بابا کی مانتی تھی؟"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

!بالکل

تو آپ بھی میری باتیں مانیں گے؟ "وہ نجانے کیا سوچ رہی تھی۔"

"!بالکل"

اممم۔۔۔۔۔پھر آپ میرے جوتے کے تسمے کھول دیں گے مجھ سے نہیں" کھلتے۔۔۔۔"وہ بولی تو اس نے نگاہیں اٹھاتے اسے دیکھا جو ہاتھوں سے کھیل رہی تھی۔

URDU NOVEL BANK

وہ گھٹنوں کے بل نیچے جھکا اور اس کے جوتے کے تسمے کھولتے بنا اس کے پیروں کو ہاتھ لگائے اسکے جوتے اتار دیے۔

اس پر نظر ڈالی جو مسکرا رہی تھی۔

کیا ہوا؟ وہ پوچھے بنا نہ رہ سکا۔

وہ بھی ایسا ہی کرتے تھے۔۔۔۔وہ کہتے تھے فرشتے کے جوتے صرف وہی اتار سکتے "ہیں اور پتا ہے اپنے جوتے انہوں نے کبھی بھی مجھے پکڑنے نہیں دیے تھے۔۔۔

وہ۔۔۔۔خاموش ہو گئی۔۔۔۔۔اس نے ہونٹ بھینچ لیے۔۔۔۔آنکھیں ضبط سے سرخ پڑ گئیں۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ سو گئی تھی وہیں پر۔۔۔۔وہ اس پر جھکا اور اسے باہوں میں بھرتے سامنے کے کمرے میں اپنے بستر پر لٹایا۔

وہ بیشک میرا بھائی سہی لیکن فرشتے ازلان اظہر تمہاری تو خوشبو تک نہ میں کسی کو "دوں "!وہ آنکھیں میچ گیا۔

URDU NOVEL BANK

بھائی کہاں ہیں اس وقت؟ "اس نے باہر نکلتے ہی ڈرتے دل کے ساتھ کال ملائی۔"

"وہ ٹریننگ پر ہے-----"

"کیا اس کی کوئی گرل فرینڈ نہیں ہے؟"

ہر بار کا پوچھا سوال اس نے پوچھا اس امید میں کہ کسی روز تو اسے کوئی کہے گا کہ ہاں اس کا بھائی کسی لڑکی کو اپنی زندگی میں شامل کر چکا ہے----کوئی اسے بتاتا کہ ازلان اظہر تمہارے بھائی نے فرشتے کے علاوہ کسی اور کو چُن لیا ہے۔

میں کسی کو نہیں دوں گا فرشتے----وہ میری روح ہے حصّہ ہے----آپ اسے چھوڑ" گئے تھے جب اسے آپ کی سب سے زیادہ ضرورت تھی یہ بات جس دن اسے یاد آگئی وہ آپ کو یاد کرنا چھوڑ دے گی "وہ ہمکلامی کرتا بولا۔

فرشتے کی بات یاد کرتے اسے پھر سے جسم میں انگارے لوٹتے محسوس ہوئے سکون کی خاطر وہ واپس کمرے میں آیا جہاں وہ موجود تھی۔

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

اس کے پاس بیٹھتے اس کے چہرے سے کمفرٹر ہٹایا اسکے پھولے سفید گالوں پر اپنے ہاتھ کی پشت پھیری۔

فرشتے ازلان اظہر کی ہے بس !اور اگر تم نے مجھ پر کسی کو فوقیت دی تو مر جاؤں گا اور تمہیں بھی مار دوں گا وہ اس کو دیکھتا سوچ رہا تھا۔

پھر جھک کر اسکے ماتھے پر بوسہ دیا۔۔۔۔۔نگاہیں اب اس کی گردن پر جا ٹھہریں۔

"بہت انتظار کرنا پڑے گا میں جانتا ہوں۔۔"

لیکن تمہاری بے خبری میں تمہارے قریب ہونے پر ازلان اظہر کو کچھ دوا اپنے دل کے "لیے کام کرتی محسوس ہوتی ہے۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ جھک کر اس کی گردن میں اپنا چہرہ چھپا گیا۔۔۔۔۔شدت محسوس ہوتے ہی فرشتے نے رُخ موڑنا چاہا تھا۔

وہ فوراً سے پیچھے ہٹا۔۔۔۔۔

پھر اس کے بالوں میں انگلیاں چلانے لگا۔۔۔اس کے جاگنے سے پہلے اسے یہاں موجود نہیں ہونا تھا اس کے سامنے۔

میر نے آزان کی آواز سنتے ہی اپنی نگاہیں اس سے ہٹائیں تھیں۔۔۔اس پر کمفرٹر برابر کرتے وہ بنا آواز اٹھا اور باہر نکل گیا۔
نماز ادا کرنے کے بعد آنکھیں نیند سے بھری تھیں اسی لیے بستر پر گرتے ہی سو گیا۔

فرشتے نے جاگتے اردگرد دیکھا تو گھبرا گئی اس ماحول سے مانوس نہ تھی وہ۔
جب کتنی ہی دیر اسے وہ سامنے نہ دِکھا جو یہاں لایا تھا تو تو رونے والی ہو گئی پھر کمرے سے باہر نکل گئی۔
گھر سارا سنسان پڑا تھا۔۔۔۔۔وہ روتی وہیں صوفے پر بیٹھ گئی۔۔۔ خوف پھر سے دل پر غالب ہونے لگا تھا۔

"!!!!ززززززز!۔۔۔۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

اسے صبح سے تو اس مسیحا کا نام بھی نہیں یاد تھا جس نے اسے کہا تھا وہ اس کا سب کچھ ہے۔

وہ اب کی بار ہچکیوں سے رونے لگی تھی۔۔۔بالوں کو کھینچتے وہ پاگل ہونے کو تھی۔۔۔ایسا اس کے ساتھ خوف کے عالم میں اکثر ہوتا تھا۔

اسے نیند میں شائبہ گزرا تھا کہ اسے پکارا گیا ہے لیکن چند لمحوں بعد سسکیاں سنتے اس نے آنکھیں کھولیں۔

پھر یاد آنے پر خود پر ہزار بار لعنت بھیجتے کمفرٹر دور پھینکا اور باہر کی طرف بھاگا۔

"ہنی!"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

صوفے پر اسے روتے دیکھا تو وہ فورا اس کے قریب گیا۔

"کیا ہوا؟"

"ڈر گئی ہو؟ یہاں دیکھو۔۔۔۔"

"تم سب کی طرح ہو۔۔۔مجھے یہاں نہیں رہنا۔۔۔"

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

وہ اس کے ہاتھوں کو دور کرتی خوفزدہ ہوتی چیخنے لگی۔

"!فرشتے"

اس کے سامنے گھٹنوں کے بل بیٹھتے ازلان نے بے بسی سے اسے دیکھا۔۔۔۔اس کا دل چاہا خود کو اپنی اتنی لاعلمی پر سزا دے۔

میری طرف دیکھو !آئیم سوری۔۔۔۔"اس کے گھٹنے پر نا محسوس انداز میں ہاتھ رکھتے وہ" بولا۔

"تم بھی سب۔۔۔کی طرح۔۔۔ہو۔۔۔۔۔۔گندے۔۔۔۔۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

سب کی طرح نہیں ہوں میں ۔۔۔۔۔۔مجھے نیند آگئ تھی۔۔۔میں معافی مانگ رہا"

"ہوں۔۔۔۔آئندہ ایسا نہیں ہو گا۔

تم میرے کمرے میں سو گے اب سے "!وہ اسے بتانے لگی تو مسکرا دیا۔"

وعدہ رہا !پھر اس کے ہاتھوں کو بنا تھامے جھکا اور ہلکے سے لب رکھے۔

URDU NOVEL BANK

تم-----وہ کانپی نہیں تھی لیکن جھجکی ضرور تھی۔

"کیا ناشتہ کرے گی میری ہنی؟"

"کیا تمہیں حلوہ پوری بنانی آتی ہے؟"

وہ ہچکی لیتے بولی تو ازلان نے ٹشو کے ڈبے سے ٹشو نکالتے ہلکے ہاتھ سے اس کا چہرہ صاف کرنا چاہا تو وہ پیچھے ہٹی۔

ازلان نے اسے سنجیدگی سے دیکھا۔

"کیا میرا ایسا کرنا بُرا لگا ہے؟"

ممممم----پتا نہیں !!

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ازلان نے دوبارہ سے ہاتھ بڑھایا اور اب کی بار اس کا چہرہ ٹشو سے صاف کر دیا۔

"نہیں ہنی مجھے نہیں آتی حلوہ پوری بنانی لیکن تمہیں پتا ہے میں پراٹھا اچھا بناتا ہوں۔"

"!کیا سچ میں؟ وہ بھی بنا لیتے تھے پراٹھا اور بابا بھی"

ازلان خاموش ہو گیا لیکن پھر اٹھ گیا تو وہ بھی کھڑی ہوئی۔

URDU NOVEL BANK

"!میں یہاں اکیلی نہیں بیٹھوں گی"

یہ میرا گھر ہے ہنی۔۔۔یہاں کوئی نہیں آئے گا کبھی میرے علاؤہ !وہ اس کا ڈر ختم کرنا"

"چاہتا تھا۔

"پکا وعدہ؟"

"پکا والا !آؤ ناشتہ بنا دوں۔۔۔۔"

ازلان کچن میں گیا تو وہ پیچھے پیچھے گئی اور وہیں بیٹھتی اسے کام کرتا دیکھنے لگی۔

ازلان نے اپنا اور اس کا ناشتہ میز پر رکھا اور نا محسوس انداز میں اپنی کرسی کھینچ کر تھوڑی اس کی کرسی کے قریب کی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

!کھاؤ

اُمممم !مجھے تو بوا کھلاتی تھیں۔۔۔میرے ہاتھ گندے ہو جائیں گے انڈے"

سے۔۔۔۔"وہ کسی دس سالہ لڑکی کی طرح منہ بسورتی بولی۔

ہاں حالات نے اسے دس سال کی بچی ہی تو بنا دیا تھا۔۔۔۔زندگی اس کے ساتھ بہت سختی کر گئی تھی اتنی سی عمر میں۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

میں کھلا دیتا ہوں "!ازلان نے لقمہ بناتے اس کے آگے کیا تو وہ کھا گئی۔"

پھر ایسے ہی ناشتے میں اس نے مزید کوئی بات نہ کی۔

پھر اپنا لیپ ٹاپ تھام کر بیٹھ گیا اور اسے اس کی دوا دی جو اب صوفے پر بیٹھی اسے دیکھتی اور کبھی کمرے کو، کبھی اردگرد کی چیزوں کو۔

"ازززز !تم جھولا کب لگواؤ گے؟"

آج شام کو لگوا لوں گا۔۔۔"وہ کہہ کر اپنے لیپ ٹاپ پر دیکھنے لگا۔"

"!یہاں آؤ"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ازلان نے فرشتے کو دیکھتے کہا۔۔۔وہ چاہتا تھا کہ وہ اسے اتنی اپنی عادت لگا دے کہ وہ کچھ گھنٹے بھی اس کے بغیر نہ رہ پائے اور اعظم اظہر کے آنے کے بعد بھی وہ اسی کے لیے پاگل رہے۔

فرشتے نے تیزی سے سر ناں میں ہلایا۔

URDU NOVEL BANK

جھولا لگوانا ہے یا نہیں؟ "وہ اسے لالچ دے رہا تھا۔"

وہ کچھ سوچتی رہی لیکن اٹھی نا تو ازلان بھی اپنا کام کرنے لگا لیکن نظر اس پر ہی تھی جسے اب دوا کی وجہ سے پھر سے نیند آرہی تھی۔

فرشتے یہاں آئیں میرے پاس "!ازلان نے ایک اور کوشش کی اور وہ کامیاب رہا تھا۔"

وہ اٹھتی اس کے پاس گئی اور اس کے سامنے کھڑی ہو گئی۔۔۔ازلان نے اپنے سے فاصلہ رکھتے صوفے پر ہاتھ رکھا تو وہ وہیں بیٹھ گئی۔

نیند میں اونگتے اس کا سر صوفے کی ٹیک سے ڈھلکنے لگا تو ازلان نے اپنا لیپ ٹاپ ہٹایا اور اس کا سر دھیمے سے اپنی گود میں رکھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ کتنی ہی دیر سوتی رہی اور وہ کام کرتا اسے دیکھتا رہا۔

یہ ازلان اظہر کی زندگی کا مکمل دن تھا۔

اسے وہیں سوتا چھوڑ کر وہ اس کے چہرے پر بھی کمفرٹر دیتا دروازہ کھولتا انہیں خاموشی سے اپنے پیچھے آنے کا کہتا اپنے ٹیرس پر گیا اور وہاں جھولہ لگوایا۔

URDU NOVEL BANK

ایسا ممکن نہ تھا کہ فرشتے کچھ بولتی اور ازلان اظہر اسے پورا نہ کرتا۔

وہ اٹھ گئی تو وہ پھر موجود نہیں تھا اب کی بار وہ سامنے موجود کمرے میں گئی جس کا دروازہ کُھلا ہوا تھا۔

ازززز؟ "یہ آپ کا کمرہ ہے؟ اس نے اس خوبصورت کمرے کو دیکھتے کہا۔"

ازلان نے فوراً شرٹ کے بٹن بند کرتے رُخ پھیرا اور چہرے کی سنجیدگی کو مسکراہٹ میں تبدیل کیا۔

"تمہیں پسند آیا؟"

بہت!

"!تو تم لے لو"

کیا سچ میں؟ وہ پہلی بار کل سے اب تک اس کے سامنے خوفزدہ نہیں تھی۔

بالکل!

"تمہارے لیے ایک اور تحفہ ہے۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

کیا فرشتے کے لیے؟ وہ اپنے اوپر انگلی رکھتی حیرت سے بولی۔

ہاں آؤ"!وہ بار بار اسے اپنے پاس بلاتا تھا وہ یہ محسوس کر گئی تھی شاید۔"

وہ چلتی اس کے پاس آئی تو ازلان نے اسے دیکھا پھر مسکرا دیا اور باہر ٹیرس کو دیکھا جہاں وہ اب بھی اس کی نظروں کے ارتکاز کی سمت دیکھنے کی بجائے اس کے چہرے کو غور سے دیکھ رہی تھی۔

فرشتے ازلان اظہر ان نگاہوں کو چومنے کی شدت میرے دل میں بڑھ گئی ہے وہ دل میں سوچتا بولا پھر اس کے ناک کو دباتا ٹیرس پر چلا گیا۔

فرشتے کئی لمحے سن کھڑی رہی۔۔۔۔ہاں اس نے اسے ہاتھ لگایا تھا۔۔

visit for more novels.
www.urdunovelbank.com

ازلان اس کی بدلتی کیفیت ٹیرس سے دیکھ سکتا تھا۔۔۔

وہ جھولہ دیکھتی سب بھولتی تیزی سے باہر آئی۔

"یہ کس کا ہے؟"

میرا "!ازلان نے سنجیدگی سے کہا۔"

URDU NOVEL BANK

یہ مجھے دے دو "!وہ جھولے کو دیکھتے بولی۔"

"مجھے کیا دو گی بدلے میں؟"

آپ کو کیا چاہیے؟ "معصومیت سے استفسار کیا گیا۔"

"!مجھے فرشتے چاہیے"

لیکن فرشتے تو اعظ کی ہے "وہ بولی تو وہ تیزی سے اس کے قریب آیا۔"

فرشتے ازلان کی ہے کسی اعظ کی نہیں دوبارہ بولا تو جان سے مار دوں گا۔۔۔۔"اسے" جھٹکے سے بازوؤں سے تھامتا غرایا۔

فرشتے نے خوف سے اسے دیکھا پھر جھٹکے سے پیچھے ہٹی۔۔۔۔آنکھیں نم ہونے لگی تو وہ ہوش میں آیا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

!فرشتے

مجھے یہاں نہیں رہنا۔۔۔۔"وہ رونے لگی تھی پھر سے۔۔۔۔"

وہ آسان نہیں تھی۔۔۔اس کو سنبھالنے کے لیے ازلان اظہر جیسا حوصلہ مقصود تھا۔

URDU NOVEL BANK

بیٹھو یہاں آکر میں جھولا دیتا ہوں۔۔۔"ازلان نے اسے دیکھتے آنکھیں بند کرتے خود کو" نارمل کیا پھر مسکراتے کہا۔

"تم مجھے مارو گے۔۔۔۔"

میں کیوں ماروں گا اپنی فرشتے کو؟ کیونکہ فرشتے تو ازی کی ہے نا۔۔۔۔"وہ اسے کہتا" پچکارتا بولا۔

ام ہممممم۔۔۔۔۔وہ آنکھوں کو رگڑتے سر ناں میں ہلانے لگی۔

میں خود بیٹھ جاتا ہوں۔۔۔"ازلان بیٹھ کر جھولہ جھولنے لگا وہ کئی لمحے اسے دیکھتی رہی" پھر قریب آئی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"آپ یہ مجھے دے دیں۔"

"مجھے کیا دیں گی آپ ہنی؟"

"!کچھ بھی۔۔۔لیکن ابھی اٹھیں"

"سچ میں دیں گی؟"

"وعدہ نا اب اٹھیں۔۔۔۔۔"

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

وہ فوراً اٹھ گیا پھر وہ بیٹھی تو وہ جھولا جھلانے لگا۔

یہ بہت اچھا ہے ازی۔۔۔"وہ اس کے بتائے نام سے اسے بلانے لگی۔"

"تمہیں اچھا لگ رہا ہے؟"

بہت؟

"آہستہ جھلاؤ ازی۔۔۔میں گر جاؤ گی۔۔۔۔"

تمہارہ ازی کبھی بھی نہیں گرنے دے گا تمہیں وہ اس سے زیادہ خود کو باور کروا رہا تھا۔

---

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ باہر گئی اور کچن کی طرف دیکھنے لگی جو سامنے ہی موجود تھا اسے یہاں کوئی اور نظر نہ آیا تھا ملازموں میں سے لیکن ایسے کیسے ممکن تھا۔

وہ اندر داخل ہوئی۔

آپ کون؟"ملازمہ نے اس سے پوچھا۔"

اب سے شایان کے کام میں کروں گی۔۔۔"وہ اس سے زیادہ کچھ نہ کہہ پائی۔"

ملازمہ نے حیرت سے اسے دیکھا شایان عثمانی کے لیے؟ یہ بات حیرت انگیز تھی۔

"آپ کو نیا رکھا گیا ہے؟"

کونین نے اسے دیکھا۔۔۔۔اس بات کا کیا جواب دیتی وہ۔

کیا آپ ان کی کچھ لگتیں ہیں؟ "ایک اور سوال۔"

نہیں !وہ سنجیدگی سے بولی۔

بوا بس یہ میرا کام کرے گی اب سے۔۔۔۔۔اور سارے کام یہی کرے گی اس کی کوئی" مدد نہیں کی جائے گی۔۔۔میر ہر چھوٹا بڑا کام اسے ہی کرنا ہے"وہ کہہ کر باہر نکل گیا اور میز پر بیٹھ گیا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کیا کھائیں گے یہ؟ "کونین نے ملازمہ سے ٹھنڈے لہجے میں پوچھا۔"

سیلڈ اور اس کے بعد کافی۔۔۔۔۔"وہ بتاتی گئی تو وہ بناتی گئی کیونکہ یہ سب اسے کہاں" ہی بنانا آتا تھا۔

URDU NOVEL BANK

یہ لیں !کونین نے بناتے اس کے آگے رکھا جو فون پر مصروف تھا اور واپس جانے لگی۔

"کہاں ؟"

جی ؟کونین نے اسے حیرت سے دیکھا اب وہ کیا چاہتا تھا۔

!جب تک میں مکمل نہیں کرتا یہیں کھڑی رہو"

اور تمہارے پاس کوئی کام ہے بھی نہیں۔۔۔۔ "واپسی تک "میرا کمرہ صاف ہونا چاہیے۔۔۔میری الماری کو سیٹ کر۔دینا اچھے سے۔ "وہ شاید اس کی تذلیل کے لیے یہ سب کر رہا تھا۔

اس نے سر ہلایا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

بروو !وہ ابھی کچھ سوچتی جب کوئی داخلی دروازے سے تیزی سے اندر آیا۔

موحد؟ آرام سے آؤ "!اس نے دیکھا جہاں سے اس کی پوری فیملی آرہی تھی۔"

آہاں۔۔۔یہ حسینہ کون ہے ؟ "اس نے کونین کو دیکھتے کہا جو انہیں دھیان سے دیکھ" رہی تھی۔

URDU NOVEL BANK

موحد سٹاپ "!شایان نے سنجیدگی سے کہا۔۔۔کونین نے اپنی چادر جو اچھے سے پھیلا رکھی تھی ماتھے سے مزید نیچے کی۔

ملائکہ نے آتے پیچھے سے اپنے ہاتھ شایان کے گرد باندھے اور اس کے چہرے کے ساتھ اپنا چہرہ لگایا۔

کیسے ہو؟

"ٹھیک ہوں تمہارا ٹوور کیسا رہا؟"

"!!!!!زبردست"

کونین نے حیرت سے یہ منظر دیکھا۔۔۔۔پھر بھنویں سکیڑیں ناگواری سے اور پھر نگاہیں جھکا لیں۔

کاش یہ حویلی والے اپنے بچوں کی اچھی تربیت کرتے۔۔۔یہی بات اس کے دماغ میں آئی۔

آہستہ آہستہ سب اندر آنے لگے تھے اور صوفوں پر بیٹھ گئے۔

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

وہ ان سب کو جانتی تھی لیکن شاید وہ اسے نہیں جانتے تھے بس بچوں کو وہ نہیں جانتی تھی۔

اس کے باپ سے بڑے شاہ زیب عثمانی ان کی اہلیہ تہذیب عثمانی جن کی ایک ہی اولاد تھی شایان عثمانی۔۔۔۔ پھر کونین کے والد صاحب آتے تھے خاور عثمانی جن کی وہ اکلوتی اولاد تھی اور پھر منور عثمانی جن کی اہلیہ تھی کلثوم عثمانی جن کی دو اولادیں تھیں ملائکہ اور موحد۔۔۔۔ذس سب کی ایک ہی بہن تھی فاطمہ عثمانی جو باہر کے ملک میں رہائش پزیر تھیں اپنے شوہر اور تین بچوں عالیہ، فارس اور فیضان کے ساتھ۔

گھر میں سب سے بڑے تھے جہانگیر عثمانی جن کی اہلیہ کی وفات چند سال پہلے ہی ہو گئی تھی لیکن ان کا رعب و دبدبہ ابھی بھی ویسے ہی قائم تھا اس محل نما گھر میں جیسے سالوں پہلے تھا۔

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

"کیسا ہے ہمارا شہزادہ؟"

جہانگیر عثمانی نے کہا تو وہ ان کے قریب جھکتا ان سے پیار لیے ساتھ بیٹھ گیا تو انہوں نے اسے اپنے حصار میں لیا۔

URDU NOVEL BANK

وہ ان کا سب سے بڑا پوتا تھا اور سب سے قریب بھی کیونکہ موحد ابھی پڑھ رہا تھا یونیورسٹی میں اور ملائکہ جاب کرتی تھی وہ دونوں ان سے اتنا قریب نہ تھے جتنا شایان جو ان سے اپنی ہر بات ڈسکس کرتا تھا اور انہیں سے مشورے لیتا تھا اور اپنی ہر بات بھی انہیں سے منواتا تھا۔

"وہ لڑکی کون ہے؟"

انہوں نے کونین کو دیکھتے کہا جو ان سب کو بیٹھتے دیکھ اور شایان کو اٹھتے دیکھ واپس کچن میں چلی گئی تھی۔

"اسے میں نے اپنے کاموں کے لیے رکھا ہے۔۔۔۔بس یہ میرا فیصلہ تھا میرے آج سے سارے کام وہی کرے گی اور مجھے نہیں لگتا میں اس سے زیادہ کسی کو وضاحت دینے کا روادار ہوں۔۔۔۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اس نے سیدھے سے سب کو باور کروا دیا تو سب خاموش ہو گئے اس کی طبیعت کے بارے میں سب ہی جانتے تھے۔

"لیکن بیٹے تم کسی لڑکے۔۔۔۔۔؟"

URDU NOVEL BANK

اس کے باپ کو ضرورت تھی بدلے میں یہ یہاں کام کر لے گی لیکن صرف"

"میرے----

اس نے "میرے "پر زور دیتے کہا تو سب نے ہاں میں سر ہلایا اور اپنی باتوں میں مصروف ہو گئے کسی کو کہاں فرق پڑتا تھا۔

جہانگیر عثمانی نے غور سے کونین کے چہرے کو دیکھا پھر شایان کے دیکھنے پر نگاہوں کا رُخ پھیر گئے۔

!میں چلتا ہوں---شام میں آپ سے ملوں گا

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کونین؟ "اس نے کچن میں دیکھتے کہا۔"

جی؟

"!کمرے میں آؤ"

وہ سب کو دیکھتی اس کے پیچھے گئی جہاں کسی کا بھی دھیان اس پر نہیں تھا وہ سب کے لیے ایک عام ملازمہ جیسی ہی تھی لیکن سب کی نہیں صرف شایان عثمانی کی۔

URDU NOVEL BANK

اور اس گھر میں سب جانتے تھے کہ شایان عثمانی کے نام کی چیز لینا گناہ تھا وہاں۔
وہ اپنی جوٹھی چیزیں تک کسی کو نہیں دیتا تھا۔
"میرے کمرے میں موجود رہنا۔۔بے مقصد گھر میں گھومنے کی ضرورتوں نہیں ہے۔"

"میں کیوں گھوموں گی آپ کی گھر میں؟"
وہ تلخ ہوئی۔۔۔اس ہنستے بستے گھرانے کو دیکھتے تلخی سی گُھل گئی تھی اس میں۔
پہلی بار دیکھا ہے اتنا بڑا محل اور اتنی سہولیات سے بھری زندگی تو میں نے سوچا"
شاید۔۔۔"وہ اس کو دیکھتا اس پر طنز کر گیا۔
visit for more novels: www.urdunovelbank.com
کونین خاور کو یہ چیزیں کبھی بھی متاثر نہیں کیں۔۔۔۔یہ سب وہ نہیں ہے جو میں "
"نے چاہا ہو۔

توکیا چاہا ہے تم نے؟"وہ اس کی طرف قدم بڑھاتا ناچاہتے ہوئے بھی استسفار کر گیا۔"

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

میں اپنی نجی زندگی کسی بھی غیر سے ڈسکس نہیں کرتی۔۔۔۔"اس نے اپنے گال سے بال ہٹاتے کہا۔

شایان نے اس کے بالوں کی اسی لٹ کو انگلی پر گھمایا تو اس نے سانس روک لیا۔

تمہاری نجی زندگی میں سب سے نجی پہلو یہ ہے کہ تم اس وقت اپنے سب سے قریبی اور محرم رشتے کے قریب ہو۔۔۔۔"وہ ہنسا۔۔۔۔۔جیسے اس کے مزاق اڑا رہا ہو۔

کونین دو دن پیچھے ہوئی۔۔۔شایان کے ہاتھ سے اس کی بالوں کی لٹ چھوٹ گئی۔

آپ میری زندگی کا حصہ کبھی نہیں رہے نا ہوں گے کبھی "!وہ اس کی آنکھوں میں" دیکھتی بولی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اور شایان عثمانی کو یہی تو نہیں بھاتا تھا اس کا آنکھوں میں دیکھ کر بات کرنا اور اسکی زات کو بار بار دھتکارنا۔

شایان نے اس کا ہاتھ کھینچا اور اسے اپنے سے فاصلے پر ہی کھڑا کیا۔

"اور اگر میں تمہیں اپنی نجی زندگی کا حصہ بنا لوں تو؟"

یہ ممکن نہیں "!وہ ایک بار پھر اسے چیلنج کر گئی۔"

شایان عثمانی نے اس کے وجود کو دیکھا۔۔۔ایک کالج کی وہ چھوٹی سے لڑکی اسے دھتکار رہی تھی اس کی زات کی مسلسل نفی کر رہی تھی بیشک اسے بھی اس رشتے سے کوئی وابستگی ہرگز نہیں تھی لیکن وہ یہ سب کیسے کہہ سکتی تھی شایان عثمانی کے سامنے۔

شایان نے اسکی قمر پر ہاتھ رکھا تو اس نے جھٹکے سے نگاہیں اٹھاتے بے یقینی سے اسے دیکھا۔

کونین شایان عثمانی مجھے چیلنج کبھی مت کرنا۔۔۔نہیں تو شایان عثمانی تمہیں بتائے گا"

Visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"کہ تمہاری نجی زندگی میں سب سے زیادہ حق کون رکھتا ہے۔

کونین نے اپنی قمر سے اس کا ہاتھ ہٹانا چاہا۔

"پلیززززز!"

"میرا ہاتھ لگانا بُرا لگا ہے کونین خاور کو؟"

بہت برا "!وہ صفائی سے بولتی اسے طیش دلا گئی تھی۔"

URDU NOVEL BANK

شایان نے اسے مزید قریب کیا اور اس کی سر سے چادر اتارتے اس کی آنکھوں میں دیکھا جیسے کہنا چاہ رہا ہو کہ اب کیا کرو گی۔

"!آئم سوری"

اس سے زیادہ وہ اسے ضد دلاتی تو کوئی اپنا ہی نقصان کرتی اس لیے آنکھیں جھکا گئی۔

"میری واپسی سے پہلے تمہیں جانے کی اجازت نہیں"

شایان عثمانی نے جھٹکے سے اسے چھوڑا جیسے وہ کوئی فضول یا ناپاک شہ ہو اور باہر نکل گیا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اس نے نم آنکھوں کو جھپکا۔۔۔۔اسے رونا نہیں تھا اس محل والوں کو اپنے آنسو کبھی نہیں دکھانے تھے۔

وہ اپنے باپ کو فون کر کے ان سے طبیعت کا پوچھ کر مطمئن ہوتی اس کے کمرے کی صفائی کرنے لگی۔

نجانے زندگی میں آگے کیا ہونے والا تھا۔

اگلے روز وہ معمول کے مطابق اپنے کام کر رہی تھی آج وہ کچھ مطمئن تھی کیونکہ شایان اس کے آنے سے پہلے جا چکا تھا۔

آج وہ اس کا دوسرا چھوٹا سا کمرہ جو اسی کمرے کے اندر تھا جو شایان نے اپنے کام کے لیے بنایا تھا وہ صاف کر رہی تھی۔

کمرے میں لگے ٹیلی فون کو بجتے محسوس کرتے وہ باہر نکلی۔

کون فون کر رہا تھا جبکہ سب جانتے تھے کہ کمرے میں وہ ہے اور شایان گھر پر نہیں۔

Visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

پہلے اس نے اسے یوں ہی بجتے رہنے دینے کا سوچا تھا لیکن جب مخالف ڈھیٹ ثابت ہوا تو اسے فون کان سے لگانا پڑا۔

پہلی بار میں کیوں نہیں اٹھایا؟ "شایان نے سرد انداز میں کہا۔"

"!مجھے کیا پتا تھا کہ آپ کال کر رہے ہیں----"

URDU NOVEL BANK

کونین نے آہستہ آواز سے کہا اس کا یہ سرد انداز اسے خوفزدہ کرتا تھا۔

اب پتا چل گیا ہے نا۔۔۔پہلی بار میں ہی اب سے اٹھا لینا۔۔۔میرا جو دوسرا کمرہ ہے" وہاں سے دائیں شیلف پر کچھ کاغزات پڑے ہیں وہ پہنچا دو "مجھے اور فون کٹاک سے کاٹ دیا۔

وہ تیزی سے اس کی بتائی جگہ پر پہنچی اور وہ کاغذات والی فائیل دیکھی۔۔۔۔اس نے اسے ڈیرے پر کاغزات پہنچانے کا کہا تھا۔

ڈیرہ کہاں تھا؟ "وہ حیران ہوئی۔"

اور دوسرا کیا وہ خود جائے گی دینے یا ڈرائیور کے ہاتھ بھیج دے یہی سب سوچتے چادر لیتی وہ باہر نکل گئی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"اچھا۔۔۔مجھے ڈیرے پر جانا ہے۔"

کیوں؟ ڈرائیور نے حیرت سے اسے دیکھا۔۔۔۔گھر کی "عورتیں کبھی بھی وہاں نہیں گئیں تھیں"۔

URDU NOVEL BANK

میں دے آتا ہوں۔۔۔۔"ڈرائیور چچا نے رسانیت سے کہا۔"

لیکن کونین کو یاد آیا شایان عثمانی نے کہا تھا کوئی بھی اس کا کام نہیں کرے گا سوائے کونین کے۔۔۔۔وہ کسی کو اپنی وجہ سے تکلیف نہیں دینا چاہتی تھی۔

"نہیں انہوں نے مجھے کہا ہے۔"

آپ چلیں جلدی ۔۔۔ نہیں تو وہ غصہ ہوں گے۔۔۔وہ کہتی تیزی سے پچھلی سیٹ پر بیٹھ گئی۔

وہ جگہ زیادہ دور نہیں تھی۔۔۔

میں اندر دے آؤں"؟ ڈرائیور نے پھر سے پوچھا۔"

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

نہیں اب آگئی ہوں میں دے آتی ہوں۔۔۔۔آپ یہیں انتظار کریں "!وہ کہتی اندر چلی" گئی۔

اندر جاتے اسے حیرت کا شدید جھٹکا لگا تھا۔۔۔۔اسے لگا وہ غلط جگہ پر آگئی ہے۔

URDU NOVEL BANK

وہ لوگ سگریٹ نوشی کرتے قہقہے اڑا رہے تھے کچھ کے ہاتھوں میں اس نے عجیب سا مشروب بھی دیکھا تھا کیا وہ وہی تھا جو وہ سمجھ رہی تھی۔۔۔اس کا دل بند ہوا۔

شایان عثمانی انہیں کے درمیان میں بیٹھا سگریٹ کے کش دے رہا تھا اور کسی بات پر مسکرا رہا تھا۔

"یہ پری پیکر کون ہے؟"

وہاں کسی مرد کی آواز گونجی تو سب نے بیک وقت دروازے پر دیکھا جو انہیں سب کو آنکھیں پھاڑے دیکھ رہی تھی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ان سب کی نگاہیں خود پر محسوس کرتے وہ سہم گئی اور چادر کو درست کرنے لگی۔۔۔۔

شایان عثمانی نے ہونٹ بھینچے۔۔۔اور تیزی سے چلتا اس کے قریب آیا اور پھر اس کے بازو سے تھامتا اسے باہر لے گیا۔

گاڑی کے پاس لے جاتے اسے دھکا دیا جہاں ڈرائیور کھڑا تھا۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

یہ یہاں کیا کر رہی ہے؟ "وہ اتنی اونچی دھاڑا کہ کونین کی ٹانگیں کانپ گئی۔"

"صاب وہ-------"

تمہیں نہیں معلوم گھر کے کیا اصول ہیں؟ "وہ ڈرائیور کے قریب آتا اس کا گریبان" تھام گیا۔

ان کی غلطی نہیں ہے---"وہ کانپتی آواز میں بولی۔"

اسے گھر لے کر جاؤ----میں کچھ دیر میں آتا ہوں پھر اس کا علاج کرتا ہوں اچھے سے---اس کا بس نہیں چل رہا تھا کہ کونین خاور کے ساتھ کیا کر ڈالتا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ فوراً بیٹھی اور ڈرائیور کو چلنے کا کہا اس کا دل سوکھے پتے کی مانند لرز رہا تھا۔

"آپ مجھے میرے گھر اتار دیں پلیز؟"

نہیں بی بی جی---میری نوکری چلی جائے گی---انہوں نے آپ کو گھر لے جانے کا" کہا ہے---"ڈارئیور نے کہا تو اس نے تھوک نگلا۔

URDU NOVEL BANK

وہ صحیح تھا اگر وہ ضد کر کے گھر چلی جاتی تو وہ اس کے ساتھ ڈرائیور کو بھی نوکری سے نکال دیتا۔

وہ اس کے کمرے میں گئی اور جلے پیر کی بلی کی طرح یہاں وہاں چکر کاٹنے لگی۔

وہ خوفزدہ تھی حد سے زیادہ اس سے بھی اور اس ماحول سے بھی جس کا وہ حصہ تھا۔

مجھے یہاں نہیں آنا چاہیے تھا "!آنکھوں نے آنسو ٹوٹ کر گرا۔۔۔۔آدھا گھنٹہ گزر گیا تھا۔"

باہر سے قدموں کی آواز آتے وہ واش روم میں گئی اور تیزی سے دروازہ لاک کیا۔

وہ اندر آیا اور دروازہ زور سے مارتے لاک کر دیا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ اس لڑکی کی آج کی حرکت بھولا نہیں تھا۔

"!شان۔۔۔۔کون تھی وہ حسینہ !مجھے ملواؤ اس سے"

بکواس بند کرو "!وہ دھاڑا۔"

اس کے ایک دوست نے کہا تو وہ سب کو دھاڑ کر خاموش کرواتا اپنا کام آدھا چھوڑتا گھر آیا تھا۔

URDU NOVEL BANK

اسے کمرے میں نا پاکر اس کا دماغ گھوما۔۔۔لیکن واش روم کا دروازہ بند تھا جس کا نوب گھمایا جو لاک تھا۔

"باہر نکلو کونین خاور؟"

وہ تیز آواز میں بولا تو کونین کو رونا آنے لگا وہ کیوں یہاں آئی تھی کیوں اس سے اپنا حق مانگا تھا کیوں؟

میں نہیں۔۔۔۔"وہ منمنائی لیکن وہ سُن چکا تھا۔"

وہ اپنی سٹڈی میں گیا جہاں اس کے کمرے کی چابیاں موجود رہتی تھی وہاں سے واش روم کے دروازے کی چابی نکالی اور اس کی طرف بڑھا۔

Visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

دروازہ کھلنے کی آواز پر وہ سہم گئی۔

شایان نے دروازہ کھولتے اسے دیوار کے ساتھ لگایا۔

"کیا کرنے آئی تھی وہاں؟"

URDU NOVEL BANK

"چھوڑو۔۔۔۔۔"

اس کے اتنا قریب آنے پر وہ مزید سہم گئی۔۔۔پلکیں لرزنے لگی تھی جو پہلے ہی نم تھیں اس کے گال سرخی مائل تھے۔

کالی شلوار قمیض میں بالوں کی چٹیا بنائے چادر سے اپنا آپ چھپائے۔۔۔۔وہ چھوٹی سی کوئی لڑکی لگ رہی تھی جو کچھ غلط کرنے کے بعد خوفزدہ سی تھی۔

شایان عثمانی کے کسرتی جسم کے آگے وہ چھپ سی گئی تھی۔

کونین نے نگاہیں اٹھائیں۔۔۔۔وہ پچیس سالہ مرد اسے ہی دیکھ رہا تھا۔

سفید شلوار قمیض اس کے لگاتار جم جانے سے کسرتی جسم پر خوب جچ رہی تھی۔۔۔۔وجیہہ اور تنے ہوئے نقوش اور مونچھوں کے بعد آنکھوں کے سر پن کو دیکھتے وہ نگاہیں جھکا گئیں۔

بولو !اس کے بازوؤں پر گرفت سخت کرتا بولا۔

"آپ نے کہا تھا آپ کے سب کام میں۔۔۔۔"

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

"وہاں آنے کا بولا تھا میں نے؟"

میں نے بھیجنے کو بولا تھا وہ کاغذات۔۔۔۔۔وہاں عورتوں کا جانا ممنوع ہے۔۔۔سارے " مرد موجود تھے وہاں میں وہاں موجود نہ ہوتا تو تم جانتی ہو کیا ہو سکتا تھا "وہ اس کے بازوؤں پر گرفت سخت کرتا جا رہا تھا۔

"مجھے نہیں پتا تھا۔۔۔"

وہ یہ کہتی پھوٹ پھوٹ کر رو دی۔۔۔۔۔وہ کہاں پھنس گئی تھی۔

"رونا بند کرو فوراً"

وہ بولا لیکن یک دم روشنی گُل ہونے پر کونین نے سہمتے یہاں وہاں دیکھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"!شایان۔۔۔"

"!رُکو۔۔۔۔۔۔"

وہ اسے کہتا دیوار پر سوئچ بورڈ ڈھونڈنے لگا تاکہ ایمرجنسی لائٹ جلا سکے لیکن ہاتھ لگنے سے شاور کھل گیا تھا جس میں شایان تو نہیں لیکن وہ بھیگ گئی تھی۔

شایان !وہ پھر سے بولی تھی اندھیرے میں۔

URDU NOVEL BANK

شایان نے تیزی سے لائٹ ڈھونڈ کر جلائی اور پھر اسے دیکھا جو بیوقوفوں کی طرح اسی ٹھنڈے پانی کے نیچے کھڑی تھی۔

تم میں عقل ہے یا نہیں؟ "اس کے بھیگے کپڑوں کو دیکھ کر وہ ذِچ ہوا۔"

مجھے گھر جانا ہے "!وہ نم لہجے میں بولی۔"

شایان باہر نکلا تو وہ بھی باہر نکل گئی۔۔۔۔جہاں روشنی بالکل نا ہونے کے برابر تھی۔

شایان اپنی الماری سے کچھ نکالتا پلٹا تو وہ پیچھے ہی کھڑی تھی وہ اسے نہ تھامتا تو وہ دونوں گِر جاتے وہ آج اسے حد سے زیادہ طیش دلا گئی تھی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

آئیم سوری "!اس کے ہاتھ اپنے اوپر سے یک دم اس نے ہٹائے۔"

شایان نے اسے کچھ دیر دیکھا پھر اس کی قمر میں اپنا ہاتھ ڈال کر اپنے قریب کیا۔

شایان !وہ لرزتی بولی۔۔۔۔

URDU NOVEL BANK

یہ چینج کر کے آؤ۔۔۔"اسے کچھ پکڑاتے کہا تو وہ تیزی سے اندر چلی گئی جو اسی کا کوئی" کوئی کُرتا شلوار تھا کالے رنگ کا۔

وہ پہن کر باہر آئی اور اپنی چادر اتار کر سائیڈ پر رکھی اور اس کی چادر دیکھنے لگی جو وہ ابھی رکھ کر گیا تھا۔

شایان واپس آیا اور اسے ہاتھ سے تھام کر اس کا چہرہ اپنی طرف کیا۔

آئندہ اُس جگہ پر کبھی بھی مت آنا۔۔۔اور یہ بات میں آخری بار بتا رہا ہوں" تمہیں۔۔۔۔"اس کے بالوں پر نظر ڈالتے اس نے سنجیدگی سے کہا۔

کونین نے تیزی سے سر ہلایا اور اپنی چادر کو دیکھا پھر اس کو۔۔۔۔وہ بیچین سی ہوئی۔

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

کیا مسئلہ ہے؟ "وہ بیٹھتے بولا۔"

وہ چادر دے دیں "!اس نے شایان ہی کی چادر کو دیکھتے کہا۔"

کیوں میرے سامنے تم ایسے بھی رہ سکتی ہو "!وہ تیکھی نگاہوں سے دیکھتا بولا۔۔۔اس" کی چادر سے اسے چِڑ ہوئی۔

URDU NOVEL BANK

نہیں !وہ سنجیدگی سے بولی تو وہ جو بیٹھا ہوا تھا اسنے کھینچ کر اسے اپنے ساتھ بٹھایا۔

"کونین خاور تم اپنے آپ کو بہت پاکیزہ سمجھتی ہو؟"

جی !کیونکہ میں حرام چیزوں سے بہت دور رہتی ہوں "!وہ صاف گوئی سے ڈیرے کے" منظر کو یاد کرتی بولی جو شایان سمجھ گیا تھا۔

"کہا نا وہاں کا زکر دوبارہ مت کرنا"

شایان نے اس کے بالوں کو تھامتے اس کا چہرہ اپنے سامنے کیا۔

وہ دونوں یہ بات فراموش کر گئے تھے کہ ایک دوسرے کی نفرت میں وہ زیادہ سے زیادہ وقت ساتھ گزارنے لگے تھے۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"میں جاؤں؟"

میرے جوتے کل کے لیے صاف کر دو پھر چلی جانا "وہ اس کے چہرے کو دیکھتا کچھ" سوچ کر بولا۔

URDU NOVEL BANK

"میں وہ نہیں کر سکتی باقی سب کام کر دوں گی۔۔۔۔"

وہ کھڑی ہوتی اس کی چادر کو اپنے گرد لپیٹتی بولی۔

شایان نے فون نکالا اور کان سے لگایا۔

خاور عثمانی کی کیا پروگریس ہے؟ ہاں بس زیادہ نہیں ایک دو دن کے لیے ان کی"

"دوائیں روک۔۔۔۔۔

کونین نے اس کے ہاتھ سے اس کا فون لیتے کال کاٹ دی اور اس کے جوتوں کے

سٹینڈ کی طرف بڑھی۔

visit for more novels:اس کے جوتے تھامے جب اس کی آواز گونجی۔

www.urdunovelbank.com

یہ کالے والے دے دو پہلے مجھے ابھی باہر جانا ہے۔۔۔۔"وہ بولا تو کونین نے آنسو پیتے "

اس کے جوتے اٹھائے اور اس کے پاس رکھے۔

پہنا دو "!وہ اتنا کیسے گر سکتا تھا۔۔۔؟ یہ سوال یک دم اس کے ضمیر نے کیا تھا اس "

سے۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

کونین نے نگاہیں اٹھا کر اسے دیکھا جہاں سے آنسو اب بہنے لگے تھے اور شایان عثمانی تھم گیا تھا۔

"جاؤ!"

کونین نے اسے دیکھا اور اپنے گال زور سے رگڑ ڈالے کہ اس کا وہ گال سرخ پڑا جو اس کی نگاہوں سے مخفی نہ رہ سکا تھا۔

جاؤ! حامد (ڈرائیور) کو بولو چھوڑ آئے تمہیں گھر "وہ بولا تو کونین تیزی سے باہر نکلنے لگی۔"

"کل جلدی آجانا مجھے آفس جانا ہے کل اور تم میرے ساتھ جاؤ گی۔"

وہ سن کر سر ہلاتی باہر نکل گئی جبکہ وہ کئی لمحے وہیں بیٹھا رہا پھر سر جھٹکتا باہر نکل گیا جہانگیر عثمانی کو اپنے کل جانے کا بتایا اور سب کے ساتھ شام کی چائے پی۔

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

وہ وہیں بیٹھی تھی جب اس کا فون مسلسل بجنے لگا تو وہ کمرے میں آیا۔

"تمہیں فرشتے کو واپس وہیں بھیجنا ہو گا۔"

URDU NOVEL BANK

نہیں !اس نے کھڑکی سے باہر فرشتے کو دیکھا آنکھیں شدتِ ضبط سے سرخ پر گئیں۔

"ابھی میں کچھ وقت۔۔۔۔۔۔"

ازلان اتنا ہی وقت تم نے مانگا تھا جو تمہیں دیا گیا۔۔۔اور پھر تین مہینوں کی توبات ہے ایک آخری سیشن اور شاید فرشتے کو سب یاد آجائے۔۔۔۔"وہ ڈاکٹر تھی فرشتے کی اور ازلان کی دوست بہتر جانتی تھی سب۔

ٹھیک ہے !مٹھیاں بھینچ لی۔

کل صبح لے آؤں گا اسے۔۔۔۔۔"وہ کہہ کر کال کاٹ گیا۔۔۔اور واپس باہر چلا گیا"

جہاں وہ جھولے پر بیٹھی اب ڈھلتی شام کو دیکھ رہی تھی۔

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

کیا کھاؤگی فرشتے؟ "اسنے سنجیدگی سے پوچھا تو فرشتے نے اسے دیکھا۔"

"امم۔۔۔آپ نے مجھے ہنی کیوں نہیں بولا؟"

میرا دل نہیں چاہا "!وہ بولتا دوبارہ اسے دیکھنے لگا۔"

سینڈوچ!

URDU NOVEL BANK

اوکے !وہ فون وہیں رکھتا خود کچن کی طرف بڑھ گیا۔۔۔فرشتے نے اس کا رویہ محسوس کیا تھا لیکن خاموش ہو گئی۔

تھوڑی ہی دیر میں اس کا فون پھر سے بجنے لگا تھا۔۔۔۔فرشتے وہیں بیٹھی سامنے میز پر پڑا اس کا فون دیکھنے لگی پھر اسکا فون تھاما۔

"!اور تصویر کو دیکھتی وہ سن رہ گئی۔۔۔۔"اعظ کا فون ہے۔۔۔

وہ خوشی سے چہکی تو ازلان فوراً کچن سے آیا جہاں وہ فون اپنے سامنے رکھتے ویڈیو کال آن کر چکی تھی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اعظ

فرشتے؟ "مخالف بے یقین تھا۔۔۔۔۔"

کہاں ہو اس وقت؟ ازی کے گھر پر ہو؟ ازلان کہاں ہے؟ "وہ ایک ساتھ سارے" سوالات کر گیا تو وہ مسکرائی۔

وہ جب سے یہاں آئی تھی یہ پہلی مسکراہٹ تھی جو ازلان اظہر کو بے حد بڑی لگی تھی۔

URDU NOVEL BANK

اعظ۔۔۔ تم کہاں ہو کب آؤ گے؟ "وہ تڑپی تھی۔۔۔ ازلان اظہر نے مٹھیاں بھینچی۔"

بس کچھ دن۔۔۔۔ پھر میں اپنی فرشتے کے پاس موجود ہوں گا۔۔۔۔۔"وہ مسکراتے بولا۔"

آپ کیوں گئے تھے مجھے چھوڑ کر؟ "وہ سنجیدگی سے استسفار کرنے لگی۔"

مجھے کام تھا۔۔۔ لیکن آ کر فرشتے کو منا لوں گا "وہ اسے پچکارتے لگا۔۔۔اس سے پہلے"

فرشتے کچھ بولتی ازلان نے اس کے ہاتھ سے فون لیا اور کال کاٹ دی۔

اعظ بات کر رہا تھا ابھی۔۔۔۔"فرشتے نے کہا تو ازلان نے اسے دیکھا۔"

فرشتے نے بھی اس کی نگاہوں میں دیکھا۔۔۔۔۔پھر کسی احساس کے تحت پلکیں جھکا گئی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

تمہیں اعظم چاہیے یا ازلان؟ "وہ چانک پوچھ گیا حالانکہ جواب جانتا تھا۔"

"اعظ!"

فرشتے نے سر جھکائے ہی کیا جیسے اسے دیکھ کر بتایا تو وہ آنکھوں سے ہی اسے مار دے گا۔۔۔۔

URDU NOVEL BANK

اور بس ازلان اظہر کی ہمت یہیں تک تھی۔۔۔اس سے زیادہ وہ سامنے موجود لڑکی کو کیا کچھ دیتا۔

"!تم واپس جا رہی ہو"

"کہاں؟"

جہاں سے لایا تھا میں تمہیں "وہ اس کا ہاتھ تھامتا بنا کچھ کہنے کا موقع دیے اسے اپنے " ساتھ گھسیٹتا لے جانے لگا اور پھر گاڑی میں بٹھایا اور گاڑی کی اسپیڈ بڑھا دی۔

مجھے وہاں نہیں رہنا۔۔۔۔۔۔"وہ رونے لگی تھی۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

تمہیں پتا ہے تم اتنی بچی بھی نہیں ہو۔۔۔۔۔تم سب سمجھتی ہو لیکن بیوقوف" ہو۔۔۔وہ شخص تمہیں چھوڑ گیا تھا جب تم نے۔۔۔۔وہ رُک گیا آنکھیں بند کر کھولیں۔ جب تم نے وہ سب دیکھا جس کی وجہ سے تمہاری یاداشت چلی گئی۔۔۔۔تب کون تھا وہاں۔۔۔کوئی نہیں۔۔۔کوئی نہیں تھا تمہارے پاس فرشتے حیدر۔۔۔تب تمہیں میں نے

URDU NOVEL BANK

اپنایا تھا اور آج اگر تمہیں اعظم چاہیے تو ٹھیک ہے تمہاری سزا اب یہی ہے کہ تم اعظم اظہر کا انتظار کرو۔۔۔۔"وہ اسے گاڑی سے اترنے کا کہتا خود وہیں بیٹھا رہا۔

اس کے اترتے ہی گاڑی دوڑا لے گیا۔۔۔فرشتے حیدر نے اس کی گاڑی کو خود سے دور جاتے تک دیکھا تھا وہ سب کیا کہہ کر گیا تھا۔

اس پر کپکپی سی طاری ہو گئی۔

نہیں۔۔۔وہ جھوٹ بول رہا ہے۔۔۔ایسا کچھ نہیں ہوا۔۔۔۔کوئی میرے پاس کیوں نہیں ہے۔۔۔"

وہ چیخ رہی تھی۔۔۔۔اندر سے بوا بھاگی آئی تھی جہاں وہ گر گئی تھی اور پھر اسے بیہوش ہی رکھا گیا تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

نجانے کتنے گھنٹے دن اور پھر مہینے گزرتے چلے گئے۔۔۔۔کوئی بھی نہیں آیا تھا۔۔۔اسے سب یاد آرہا تھا آہستہ آہستہ وہ کمزور ہو گئی تھی۔

"بوا کیا وہ دوبارہ کبھی نہیں آیا؟"

URDU NOVEL BANK

اس کی حالت اب سنبھلتی جا رہی تھی اتنے مہینے کے علاج کے بعد سب یاد آگیا تھا اسے اور سب تکلیف دہ بھی رہا تھا۔

ابوا خاموش رہیں!

آج آٹھ ماہ اور دس دن ہو گئے تھے اس دن کو۔۔۔ہاں فون اس کا ہر ایک دن آیا تھا لیکن اس نے دوبارہ یہاں کا رُخ کبھی نہیں کیا تھا لیکن یہ سب بتانے کی اجازت انہیں نہ تھی۔

نہیں "!وہ بس اتنا ہی بولی۔"

آپ کس کی بات کر رہی ہیں؟ اعظم اظہر کی یا ازلان اظہر کی؟"ابوا نے پوچھا۔"

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

تلخ سی مسکراہٹ اس کے لبوں پر پھیل گئی۔

"وہ دونوں ایک جیسے ہیں لیکن "وہ"۔۔۔"

اس نے آنکھیں بند کر کے کھولیں جیسے خود کو سمجھانا چاہ رہی ہو کہ فرشتے حیدر خود کو بے مول مت کرنا۔

URDU NOVEL BANK

آپ ان سے ملنے چلی جائیں "!بوا نے کچھ سوچتے کہا۔"

ہرگز نہیں "!وہ بول کر اپنی کتابیں اٹھاتی کمرے میں بند ہو گئی۔"

سترہ سال کی ہو گئی تھی اب وہ۔۔۔۔۔اپنی زندگی کی محرومیوں کو یاد کرتے وہ کئی راتیں سو نہیں پاتی تھی۔

لیکن اس شخص کے آخری ملاقات میں بولے جانے والے لفظ اسے زہن نشین ہو گئے تھے روز یاد کر کے۔

تمہیں پتا ہے تم اتنی بچی بھی نہیں ہو۔۔۔۔۔تم سب سمجھتی ہو لیکن بیوقوف" ہو۔۔۔وہ شخص تمہیں چھوڑ گیا تھا جب تم نے۔۔۔جب تم نے وہ سب دیکھا جس کی وجہ سے تمہاری یاداشت چلی گئی۔۔۔۔تب کون تھا وہاں۔۔۔کوئی نہیں۔۔۔کوئی نہیں تھا تمہارے پاس فرشتے حیدر۔۔۔تب تمہیں میں نے اپنایا تھا اور آج اگر تمہیں اعظم اظہر چاہیے تو ٹھیک ہے تمہاری سزا اب یہی ہے کہ تم اعظم اظہر کا انتظار کرتی رہو۔۔۔"اس کے لفظ حفظ ہو گئے تھے فرشتے حیدر کو۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

ہاں میں واقع بیوقوف تھی۔۔۔۔لیکن تم نے سچ کہا تھا اعظم اظہر کا انتظار ہی رہے گا۔۔۔۔"وہ خشک سا قہقہ لگا گئی۔

وہ پوچھ رہی تھی آج پھر آپ کا۔۔۔۔"بوا نے اس کی کال آنے پر اسے بتایا۔"

اچھا !وہ بس اتنا کہہ پایا۔

"آپ آ کیوں نہیں جاتے؟"

اسے میری نہیں بھائی کی تلاش ہے بوا۔۔۔۔اور اس احساس سے مجھے نفرت ہے۔۔۔۔جو میرا ہے وہ میرا ہے لیکن اگر کوئی میری چیز میرے پاس رہنے کی متحمل

"نہیں تو میں زور زبردستی کرنے کا قائل نہیں۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"اس کی پڑھائی کیسی جا رہی ہے؟"

"اچھی !سب ٹھیک ہے یہاں۔"

"کیا اعظم صاحب نہیں آئے؟"

آگئے ہیں جلد تلاش ختم ہو گی آپ کی لاڈلی کی۔۔۔"وہ زہرخند لہجے میں بولا۔"

URDU NOVEL BANK

_کچھ چیزوں کی بھی ضرورت تھی---"

ڈرائیور کو بولیے گا----وہ سب لا دے گا---شاید کل کال نہ کر پاؤں کام بہت "

"ہے---خیال رکھیے گا خدا حافظ۔

ہاں اب ایسا ہی تو ہونے لگا تھا کہاں وہ روز کال کرتا تھا لیکن اب ناغے ہو جاتے تھے

کہاں وہ فرشتے حیدر کی ہر دوا کا نام رٹتے ہوئے تھا اور اب کہاں فرشتے کا ذکر بھی نہیں

کرتا تھا---سب وقت کا تقاضا تھا سب بدل گیا تھا۔

وہ صبح کی تیاری کر رہا تھا----یہاں کا کام دیکھنے کے بعد اسے آفس کا کام بھی دیکھنا پڑتا

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

تھا یہاں کا کام وہ جہانگیر عثمانی کے کہنے پر دیکھتا تھا کہ ان کی کوئی بات ٹالنا اسے اچھا

نہیں لگتا تھا اور بزنس وہ اپنے شوق پر کر رہا تھا۔

اس کا اپنا کپڑوں کا بزنس تھا----اچھے فیشن ڈیزائنرز میں اس کا نام آتا تھا لیکن وہ اس

نام کو اونچائیوں پر لے جانا چاہتا تھا۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

اپنا کام ختم کرتے وہ جہانگیر عثمانی کے کمرے میں گیا جو اس دیکھتے ہی اپنی جگہ سے پڑے ہوتے اس کی جگہ بنا چکے تھے۔

"برخودار دادا کی یاد کیسے آگئی؟"

بس کریں دادا جان۔۔۔صرف کل نہیں آیا میں آپ کے کمرے میں اور آج آپ کیسے "مجھے طعنے دے رہے ہیں بے وفائی کے۔

مجھے لگا ہمیں بھول گئے ہو "!وہ شرارت پر آمادہ تھے۔"

یہ تو ممکن نہیں "وہ انہیں مان بخشتا بولا۔"

"ہاں میاں۔۔۔جب تمہاری بیوی آجائے گی تب پوچھیں گے تم سے۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"ہاہاہا۔۔مجھے شادی نہیں کرنی آپ جانتے ہیں۔"

کیوں؟ وہ سنجیدہ ہوئے۔۔۔

"!کیونکہ میں شادی شدہ ہوں پہلے سے"

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

وہ منکوحہ ہے تمہاری بس اور نجانے کہاں ہے کہاں نہیں۔۔۔اپنی زندگی میں آگے بڑھو "وہ سنجیدگی سے بولے۔

میں نے کب بولا کہ اسے بیوی بنانا ہے مجھے۔۔۔۔ان باپ بیٹی سے مجھے کوئی لگاؤ نہیں "وہ اختیاطً خاور عثمانی کی طبیعت کا زکر چھُپا گیا تھا۔

"اچھا چلو سو جاؤ اب صبح تم نے جانا ہے آفس۔"

اوکے شب خیر !وہ ان کے ماتھے کو چومتا اٹھ گیا۔

سنو شان !وہ واپس مڑا۔

"وہ لڑکی تمہارے کمرے میں موجود رہتی ہے لوگ باتیں۔۔۔۔"

visit for more novels

www.urdunovelbank.com

کیا شایان عثمانی کو لوگوں کی باتوں کی فکر ہوئی ہے کبھی دادا جان؟ "وہ بولا تو وہ محض سر ہلا گئے تو وہ باہر نکل گیا۔

صبح وہ چاہ کر بھی جلدی نہ آسکی تھی کیونکہ اپنے باپ کی یاد شدت سے آئی تھی اسے رات بھر۔

URDU NOVEL BANK

اسی لیے صبح انہیں ملنے چلی گئی تھی۔۔۔آنکھیں نیند نہ آنے کی وجہ سے ہلکی سے سوجش کا شکار تھیں۔

وہ آدھ گھنٹہ لیٹ تھی اس لیے دوڑتی ہوئی اندر داخل ہوئی۔

کیا ہو گیا ہے حسین لڑکی؟ "موحد نے اسے دیکھے کہا۔"

شایان چلے گئے ہیں؟ "وہ تیز سانسوں سے بولی۔"

شایان یا سر؟ "وہ شرارت سے بولا۔"

"وقت کی پابندی نہیں سکھائی تمہیں کسی نے؟"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

شایان عثمانی کی آواز پر دونوں نے مڑ کر اس کی طرف دیکھا۔

"آیم سوری۔۔۔میں بابا۔۔۔۔۔"

چلو !اس نے مزید کوئی بات سنے بغیر کہا تو موحد نے منہ بسوڑا۔

URDU NOVEL BANK

سنو حسین لڑکی "!وہ دونوں گاڑی میں بیٹھ رہے تھے جب موحد نے اسے پھر سے "پکارا۔

واپسی پر تم سے دوستی کا ارادہ رکھتا ہوں میں اور بھائی سے پوچھ لینا میں کتنا اچھا "دوست ثابت ہوتا ہوں"

وہ مسکراتے بولا تو وہ گاڑی میں بیٹھ گئی جہاں ڈرائیور نے گاڑی سٹارٹ کر دی تھی۔

"میرا ناشتہ کس نے بنانا تھا؟"

یہ لیں۔۔۔بابا کے لیے بنایا تھا آپ کا بھی گھر میں ہی بنا لیا تھا "اس نے ریپر میں "اچھے سے لپیٹے پراٹھے کی طرف اشارہ کرتے کہا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

شایان نے ایک نظر اسے اور ایک نظر اس کے ریپنگ رول کو دیکھا۔

"کیا میں یہ سب کھاتا ہوں؟"

"مجھے لگا کبھی کبھار۔۔۔"

URDU NOVEL BANK

اپنی قیاس آرائیاں میرے بارے میں مت لگاؤ "!وہ بولا تو کونین نے آنکھیں بند کر" کھولتے اپنا ہاتھ واپس کھینچا اور بیگ میں واپس ڈال لیا۔

"!موحد سے دور رہو"

جی؟ اسے لگا اس نے غلط سنا ہے کچھ۔

"گھر کے کسی فرد سے بار کرنے کی ضرورت نہیں۔"

بالکل! یہ میرے اپنے نہیں ہیں اور میں غیروں سے بات نہیں کرتی "وہ اسے دیکھ کر" کہتی اپنے ہاتھ کو دیکھنے لگی تو وہ بھی سر جھٹک گیا۔

وہاں پہنچتے ہی افراتفری سی مچ گئی تھی۔۔۔شایان عثمانی کا رعب تھا یہ وہ اپنے کیبن میں گیا تو وہ بھی پیچھے اندر داخل ہوئی۔

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

کافی بنا دو "!اس نے اسے دیکھتے کہا تو وہ سر ہلاتی باہر نکل گئی۔"

کچن کا پوچھ کر اس کے لیے کافی بنائی ۔۔۔آج بھی گلابی شلوار قمیض پر اس نے چادر لے رکھی تھی لیکن چادر اس کی نہیں شایان عثمانی کی تھی۔

URDU NOVEL BANK

اور یہ بات اب تک خود شایان نے غور نہیں کی تھی۔۔اس کی چادر کل رات بارش کی وجہ سے سوکھ نہ پائی تھی اسی لیے اسے مجبوراً یہی لینی پڑی تھی۔

کافی ڈالتے کچھ چھینٹے اس کے ہاتھ پر پڑے تھے لیکن وہ نظر انداز کرتی جلدی سے اس کے آفس کی طرف بڑھی۔

'!شان تم جا رہے ہو بس۔۔۔پلیززز۔۔۔"

وہ باہر سے ہی ان کی آوازیں سُن سکتی تھی لیکن نوک کرنے کے لیے اس کا ہاتھ خالی نہ تھا اسی لیے دروازے کو پاؤں سے کھولتی اندر داخل ہوئی۔

جہاں وہ لڑکی اس کے سامنے میز پر بیٹھی اس پر جھکی ہوئی تھی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اس کے آنے پر بھی وہ ہٹی نہیں تو کونین نے ایک سرد سی ناگوار نظر اس شخص پر ڈالی جو اسے ہی دیکھ رہا تھا۔

شایان عثمانی کو وہ ایک نگاہ بہت کچھ سمجھا گئی تھی۔

کومل ابھی جاؤ !میں کال کر لوں گا تمہیں۔۔۔۔"وہ اپنے فون پر کال آتے دیکھ بولا۔"

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

اچھا واپسی پر مجھے بلا لینا ہمارے کیفے میں کچھ وقت بھی ساتھ گزار لیں گے وہ اس کے ناک پر ادا سے اپنی انگلی مارتی باہر نکل گئی۔

شایان اپنی کال سُنتا اسے دیکھنے لگا جو کافی رکھ چکی تھی۔۔۔اس نے اب کی بار اپنی چادر کو دیکھا جو اس نے خود کے گرد اچھے سے لپیٹی تھی۔

شان !وہ کافی رکھ کر مڑی ہی تھی کہ وہ کومل نامی لڑکی تیزی سے اندر آئی اور اس سے ٹکرائی۔

تمیز نہیں ہے لڑکی؟ "وہ کونین خاور پر چیخی تھی۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کیا مسئلہ ہے کومل؟ یہ آفس ہے میرا "وہ دھاڑا۔"

یہ تمہاری کام والی آندھی ہے کیا؟ "کومل نے اسے دیکھتے پوچھا۔"

میں کام والی نہیں ہوں۔۔۔"کونین نے اسے اوپر سے لے کر نیچے تک دیکھتے کہا سرد" سے انداز میں کہا۔

URDU NOVEL BANK

شان یہ تو وہی چادر ہے جو تمہیں بہت پسند آئی تھی اور میں نے تمہیں تحفے میں دینا" "چاہی تھی لیکن تم نے خود ہی خرید لی تھی۔

تم نے اسے دے دی؟ زکوٰۃ کر دی اتنی جلدی ابھی پیسے تو پورے کر لیتے۔۔۔"کومل کو" اس سترہ اٹھارہ سالہ لڑکی کا جواب دینا پسند نہ آیا تھا اسی لیے اپنا بدلہ لیتے اس کی تذلیک کر گئی۔

"!کومل یو مے گو ناؤ"

وہ بولا تو بس اتنا کونین خاور کو لگا تھا وہ اس لڑکی کی بولی اُس بات کی تردید کرے گا۔

اس کی آنکھیں یکایک نمکیں پانی سے بھر گئیں۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

میں اپنا فون بھول گئی تھی وہ لینے آئی ہوں غصہ مت کرو۔۔۔"وہ فون اٹھاتی باہر" نکل گئی۔

اس کے جانے کے بعد کونین نے اسے دیکھا جو کافی اٹھا کر پینے لگا تھا اس سے یکسر انجان کہ ابھی کیا ہوا ہے۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

"مجھے کب تک یہاں رہنا ہے؟"

جب تک میں موجود ہوں "!اس نے سرسری سے انداز میں جواب دیا۔"

میں باہر انتظار کر لیتی ہوں۔۔۔آپ کا کوئی کام ہے تو بتا دیں "!وہ بمشکل خود کے" آنسوؤں کو قابو کرتی بولی۔

"!نہیں ابھی نہیں"

کچھ دیر بعد کھانا آرڈر کر دینا۔۔۔وہ کہتا اپنا کام کرنے لگا تو وہ باہر نکل گئی۔

پھر کام کرتے وہ شام کے چھ واپس اندر داخل ہوئی تھی۔

"میں جا سکتی ہوں؟"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

جاؤ !وہ اب بھی مصروف ہی تھا۔

وہ باہر نکلی اور اس کے سیکرٹری کا پوچھتی اس کے پاس گئی۔

"علی آپ؟"

URDU NOVEL BANK

اس نے علی کو دیکھا وہ تو اسی کے محلے میں رہا کرتا تھا لیکن اب کچھ دیر پہلے ہی انھوں نے شفٹ کر لیا تھا اپنا گھر۔

"کونین؟ کیسی ہو؟ کیا تمہیں بھی یہاں نوکری مل گئی ہے؟"

جی بس یہی سمجھ لیں۔

آپ یہاں؟

"شایان عثمانی کا سیکرٹری۔۔۔۔"

آپ ایک کام کر دیں گے میرا۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ضرور!

یہ۔۔۔۔ "اس نے چادر اتاری اور اسے تھمائی اور اپنا دوپٹہ اچھے سے اوڑھا۔"

یہ آپ شایان عثمانی کو دے دیجیے گا اور کہیے گا خاور عثمانی نے اپنی بیٹی کو کسی کا صدقہ لینا نہیں سکھایا۔۔۔"اس کا لہجہ نم تھا۔

شایان عثمانی جو ان کی طرف آرہا تھا اس کی بات سن کر ٹھٹک کر رکا۔

کیا کچھ ہوا ہے؟ "علی نے کہا۔"

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

نہیں !اس نے آنکھوں کے کنارے صاف کیے۔

تم تو چادر کے بغیر نہیں جاتی باہر کونین۔۔۔۔ایسا کرو یہ میری جیکٹ لے لو۔۔۔۔"اس نے پیشکش کی جب شایان ان کے نزدیک آتا کھڑا ہوا۔

"!نہیں علی شکریہ"

اور یہ آپ کھا لیں۔۔۔"اس نے وہی روک کیا پراٹھا اسے تھمایا"

چادر پکڑو اپنی "!اس نے سنجیدگی سے کہا۔"

میرا کام ہو گیا ہے میں گھر جا رہی ہوں "!کونین نے بنا اسے دیکھے کہا۔"

Visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"چادر اوڑھو اور باہر ڈرائیور کو بولو وہ چھوڑ آئے گا۔"

میں صدقے کی چیزیں نہیں لیتی !وہ کہہ کر مڑ گئی۔

"!کونین خاور"

URDU NOVEL BANK

شایان نے اس کا ہاتھ تھاما اور اسے اپنے ساتھ لیتا باہر نکل گیا جہاں کئی لوگوں نے انہیں مڑ کر حیرت سے دیکھا تھا۔

وہ سامنے کے مال میں اسے لیتا داخل ہوا جو مسلسل اپنا ہاتھ چھڑوا رہی تھی۔

آرام سے کھڑی رہو۔۔۔۔وہ تیز لہجے میں بولا تو اس کی مزاحمت تھمی۔

سر؟ وہ لوگ شاید اسے جانتے تھے اسی لیے تابعداری سے کھڑے ہوئے۔

"!چادر دکھائیں"

انہوں نے ایک سے بڑھ کر ایک چادر اسے دکھائی جس میں سے تین اس نے پسند کرتے پیک کروائیں تھیں۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

!یہ لو

"یہ عنایت کیوں؟"

"اسے پکڑو۔۔۔۔میرا وقت پہلے ہی بہت برباد ہو گیا ہے۔"

"آپ یہ کسی اور کو صدقہ کر دیں مجھے نہیں چاہیے۔"

URDU NOVEL BANK

"!میں شوہر ہوں تمہارا"

وہ یک دم بولا تو تلخ سی مسکراہٹ اس کے چہرے پر پھیل گئی۔

میں آپ کی منکوحہ ہوں شایان عثمانی۔۔۔اسی رشتے سے آپ اس غیر عورت کی بات

"جھٹلا دیتے تو شاید۔۔۔۔

اس نے آنسو جھپکنے کی خاطر آنکھیں جھکا لیں۔

شایان عثمانی نے اس کے جھکے سر کو دیکھا۔

علی کو کیسے جانتی ہو "!وہ بات بدل گیا تھا۔"

یہ میرا نجی معاملہ ہے "وہ کہتی آگے بڑھ گئی جہاں ڈرائیور موجود تھا اور اندھیرا اب چھا رہا"

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

تھا۔

وہ گاڑی کے پاس پہنچی۔۔۔

نکلو !شایان نے آتے ڈرائیور کو کہا تو وہ چلا گیا اس وقت اس جگہ پر وہی موجود تھے بس۔

شایان قریب ہوا تو وہ پیچھے گاڑی سے جا لگی۔

URDU NOVEL BANK

"نجی تو اب کچھ بھی نہیں رہا تمہاری زندگی میں۔"

وہ صرف حق جمانا جانتا تھا خود پر کسی کا حق نہیں سمجھتا تھا وہ۔۔۔نا کسی کو ایسا کوئی حق دیتا تھا وہ اتنا کونین سمجھ گئی تھی۔

آپ کیا چاہتے ہیں مجھ سے شایان؟ "اس نے نگاہیں اٹھا کر پوچھا تو شایان عثمانی تھم گیا۔۔

شایان نے اس کے دوپٹے کو دیکھا جو اس کے سر پر نہیں ٹک رہا تھا۔۔۔ایک چادر کو کھولتے اس کے سر پر رکھی۔

visit for more novels:

میری والی بھی کل علی سے واپس لے لینا۔۔۔"وہ کہتا پیچھے ہٹا۔"

www.urdunovelbank.com

کیوں وہ اب میری جوٹھی ہو گئی ہے اس لیے؟ "کونین کی آواز اسے آئی تھی جسے وہ" نظرانداز کر گیا۔۔۔ڈرائیور کو بلاتے اس گھر چھوڑنے کا کہا۔

اندر جاتے علی سے چادر واپس لے لی۔

"کیا تم وہ پراٹھا کھا چکے ہو؟"

URDU NOVEL BANK

"نہیں سر ابھی----"

وہ کونین خاور کی چیز کسی کے پاس نہیں چاہتا تھا---یہ اعتراف بھی جلد اس پر ہونے والا تھا۔

"!مجھے دے دو"

اس نے کہا تو علی نے حیران ہوتے کونین کا دیا پراٹھے والا رول اسے پکڑا دیا جو وہ تھام کر باہر نکل گیا۔

گاڑی میں بیٹھتے اس نے وہ کھایا تھا اور اس کے ہاتھ کے زائقے کا قائل ہوا تھا لیکن اسے یہ کبھی نہ بتاتا وہ۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ الگ شخصیت کا مالک تھا اسے سمجھنا بے حد مشکل تھا اور جب سے کونین خاور آئی تھی وہ شاید خود کو بھی نہیں سمجھ پا رہا تھا۔

URDU NOVEL BANK

وہ بے چینی سے یہاں وہاں کروٹیں بدل رہی تھی اور وجہ وہ جانتے ہوئے بھی جاننا نہیں چاہتی تھی۔

اس کا دل جس شخص کو پکار رہا تھا وہ تو مہینوں سے نہں آیا تھا۔

ازلان۔۔۔۔۔۔اس کے اندر کہیں ایک ہی نام گردش رہا تھا خون کی مانند۔

"وہ کیوں نہیں آتے؟"

افففف! اب اس کا سانس پھول رہا تھا اس نے اٹھتے یہاں وہاں دیکھا پانی موجود نہیں تھا۔

بوا سو چکی تھیں وہ پانی پی کر واپس آگئی لیکن دل کو کسی طور قرار نہیں آرہا تھا۔

Visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اس کی آنکھوں سے آنسو گرنے لگے یہاں اس خاموشی اور ویرانے میں وہ مر بھی جاتی تو کسی کو اندازہ نہ ہوتا۔

وہ بوا کے کمرے میں گئی اور ان کا فون اٹھاتی باہر نکل آئی۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

رات کا ڈیڑھ بج رہا تھا۔۔۔آج اس نے اپنی دوا نہ لی تھی جو روز بوا دیتی تھیں لیکن آج ان کی بھی طبیعت خراب تھی اس لیے وہ بھول گئیں تھی۔

اس نے کونٹیکٹ لسٹ نکالی۔۔۔

"ازلان اظہر"

"اعظم اظہر"

یہ نام ایک ساتھ ہی تو لکھے تھے۔

اعظم اظہر پر نگاہیں ٹکائے اس نے کال ملائی جو نہیں اٹھائی گئی تھی اور شاید اسے فرق نہیں پڑا تھا۔۔۔۔ازلان اظہر کے نام پر کلک کیا اور بیل جانے لگی اس کا سانس مزید visit for more novels: www.urdunovelbank.com پھولنے لگا تھا۔۔۔ہاتھ پسینے سے بھر گئے تھے۔

کیا ہوا بوا؟ سب خیریت ہے ؟ "ازلان کی آواز گونجی تو اس نے جھٹ سے کال کاٹ" دی۔

اس کی کال دوبارہ سے آئی تھی جو اس نے نہیں اٹھائی۔۔

URDU NOVEL BANK

ڈھائی بجتے ہی اسے رونا آنا تھا اور خود پر غصہ بھی۔

اس نے دوبارہ سے وہ نمبر ملایا۔

"کون بات کر رہا ہے؟"

اب کہ ازلان اظہر کی آواز گونجی شاید اسے بھی اندازہ ہو گیا تھا کہ رات کے ڈھائی بجے ہوا اسے کال نہیں کریں گی۔

آپ کو فرشتے کا نام تک بھول گیا ہے؟ "وہ ہچکی بھرتے بولی۔"

"کیوں فون کیا ہے؟"

وہ جو امید میں تھی کہ وہ اس سے حال پوچھے گا اس کی طبیعت پوچھے گا لیکن۔۔۔۔

Visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"ازی۔۔۔"

ازلان اظہر !اس شخص نے سنجیدگی سے تصحیح کی۔

فرشتے نے گہرا سانس بھرنے کی کوشش کی لیکن ناکام رہی۔

"!میں کال کاٹ رہا ہوں"

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

فرشتے کے آنسو بھل بھل بہنے لگے ۔۔۔۔سانس اب اٹک کر آرہا تھا۔۔۔

اس نے فون وہی رکھ دیا اور اوندھے منہ لیٹ کر بکھرے سانس اور ہچکیوں سے رونے لگی۔

ازلان اظہر نے کتنے مہینوں بعد اس کی آواز سنی تھی۔۔۔وہ جو دل پر لاکھوں پہرے بٹھائے تھے لیکن اس کی آواز۔

وہ گاڑی کی چابیاں اٹھاتا فوراً باہر نکلا۔۔۔۔بخار تھا اسے صبح سے لیکن اُس زات کے لیے وہ پاگل تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"!میرے لیے کسی کو کیوں نہیں بنایا"

اس کی سرگوشی کمرے میں داخل ہوتے اس نے بخوبی سنی تھی اس گھر کی چابیاں اس کے پاس بھی موجود تھیں آخر وہ اسی کا گھر تھا۔

گھڑی تین کا ہندسہ عبور کر چکی تھی۔

اس کے پاس آتے اس کے پاؤں سے سلیپرز اتارے اور اسے سیدھا کرتے تکیے پر اس کا سر رکھا۔

وہ چہرہ سامنے تھا۔۔۔۔ازلان اظہر کو لگا وہ اپنے سارے پہرے خود ہی توڑ دے گا۔

اس کے چہرے پر مٹے آنسوؤں کے نشان تھے وہ نیند میں تھی شاید۔
ازلان خود کو بے قابو محسوس کرتا فوراً اس سے دور ہوا جب اپنا ہاتھ اس کی گرفت میں محسوس کرتے تھم گیا۔
آپ ایسا نہیں کر سکتے ازی۔۔۔"وہ آنکھیں کھولے اسے ہی دیکھ رہی تھی۔"

"تم ٹھیک ہو اب مجھے جانا چاہیے۔"
نہیں میں ٹھیک نہیں ہوں "!ہاتھ اب بھی اس کی گرفت میں تھا۔"

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

"آٹھ ماہ دس دن کا ہجر سہا تھا دونوں نے۔۔۔"
کمرے میں یک دم فون کی آواز گونجنے لگی تھی۔۔۔ سکرین پر بلنک ہوتا نام اعظم اظہر کا تھا جو دونوں نے بیک وقت دیکھا تھا پھر کمرے میں خاموشی چھا گئی۔

"ازلان!"

URDU NOVEL BANK

"سو جاؤ اور میرے نمبر کو دوبارہ مت ملانا مجھے دوسرا آپشن بننا کبھی پسند نہیں رہا۔"

"کیا آپ نے پہلا آپشن بننے کی کوشش کی ہے؟"

فرشتے نے اس کا ہاتھ چھوڑ دیا اور ایسے ہی سر تکیے پر رکھے استفسار کیا۔

وہ دروازے کی طرف بڑھ گیا اس کا کیا جواب دیتا اُسے۔

"میرا جھولا لگا ہے اب تک؟"

نہیں "!وہ سنجیدگی سے جھوٹ بول گیا تھا۔"

میرے جانے کے بعد مجھ سے منسلک کوئی چیز بھی آپ کو گوارہ نہ تھی ازلان اظہر؟ یا"
میں ہی کبھی گوارہ نہیں تھی آپ کو۔۔۔اگر ایسا تھا تو یہ زمے داری اپنے سر کیوں لی
"کسی اور ایرے غیرے کے سپرد کر دیتے۔۔۔۔

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

وہ اس کے پاس آتا اس پر جھکتا اس کے چہرے پر گرفت سخت کر گیا۔

"خاموش رہو۔۔۔اور مجھے اکساؤ مت اگر میں حساب لینے پر آگیا تو پچھتاؤ گی۔"

URDU NOVEL BANK

اور میرے اتنے مہینوں کے حساب کا کیا؟ "فرشتے نے اپنی جگہ چھوری اور کچھ پیچھے "ہوئی۔

ازلان اظہر نے حیرت سے کنگ اسے دیکھا۔۔۔۔۔۔کیا وہ ٹھیک سمجھا تھا اس نے فرشتے کی آنکھوں میں دیکھا جہاں اقرار تھا۔

"وقت بہت ہو گیا ہے مجھے جانا۔۔۔۔"

آپ مجھے خالی ہاتھ نہیں لوٹا سکتے ازی۔۔۔اگر اس بار میں خالی ہاتھ رہی تو یقین کریں"

"چاہ کر بھی فرشتے ازلان اظہر آپ کو کبھی میسر نہیں ہو گی۔

وہ کہہ کر آنکھیں موند گئی جب اسے وہ اپنے قریب لیٹتا محسوس ہوا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"کیا چاہ رہی ہو؟"

"اتنے مہینوں آپ نے نہیں پوچھا آج جان کر کیا کر لیں گیں؟"

"فرشتے؟"

ازلان نے اس کا بازو اس کی آنکھوں سے اٹھایا جو پھر سے گیلی تھیں۔

URDU NOVEL BANK

"کیا ہو گیا ہے؟ تمہارا سانس پھول رہا تھا۔۔ دوا لی تھی؟"

فرشتے جواب میں صرف اسے دیکھتی رہی۔۔۔۔وہ فاصلے پر تھے کچھ۔۔۔۔دونوں کے دل دھڑک رہے تھے تیزی سے لیکن پہل کرنے کو کوئی بھی تیار نہ تھا دونوں کو اپنے غم زیادہ بڑے نظر آرہے تھے۔

آپ کو بخار ہے ازلان؟ "وہ دونوں ایک دوسرے کو سمجھ گئے تھے آج اتنے مہینوں بعد" بھی۔

دوا لے لی تھی "!ازلان کہتا چھت کو گھورنے لگا۔"

خاموشی کا دورانیہ بڑھا۔۔۔۔کہنے کو بہت کچھ تھا لیکن لفظ ترتیب نہیں دے پا رہے تھے وہ۔

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

چلتا ہوں !ازلان نے کہتے اسے دیکھا۔

"میرا سانس پھول رہا تھا۔۔۔۔"

URDU NOVEL BANK

وہ کہتی اپنا تکیہ اس کے تکیے کے قریب کرتی بولی تو ازلان اظہر اُٹھ نہ سکا وہ سمجھ گیا تھا کہ اس کی بیوی نہیں چاہتی کہ وہ اس وقت اس سے دور جائے۔

اب کیسا محسوس کر رہی ہو؟ "ازلان اظہر نے دل کا پہلا پہرہ توڑ دیا تھا۔"

"آپ کو فرق پڑتا ہے؟"

"!فرشتے"

تنبیہ کی گئی تو فرشتے نے اسے دیکھا جو اس کی طرف ہاتھ بڑھاتا اس کے بال کان کے پیچھے اڑس رہا تھا دل پر بٹھایا دوسرا پہرہ بھی توٹ گیا تھا۔

آج میرے لمس سے کانپی نہیں تم فرشتے حیدر؟

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

میں نے سیکھ لیا ہے کہ کچھ لمس ہمارے اپنوں کے ہوتے ہیں !وہ سادگی سے بولی تو وہ مسکرا دیا اس کی مسکراہٹ کتنے ہی لمحے فرشتے دیکھتی رہی پھر خود بھی مسکرا دی۔

ازلان نے ہاتھ بڑھاتے اسے اپنی طرف کھینچا اور اس کے گرد حصار بنایا اور یوں دل پر بٹھایا آخری پہرہ بھی ٹوٹ گیا تھا۔

URDU NOVEL BANK

فرشتے نے اپنا چہرہ اس کی شرٹ میں چھپایا تھا جیسے آخری جائے پناہ ہو وہ جگہ۔

ازلان نے اس کے بالوں میں انگلیاں چلائیں تو وہ پُرسکون ہوئی۔۔۔ مہینوں سے اسی لمس کو ترسی تھی تھی وہ۔

"!اچھا لگ رہا ہے ازی"

مجھے خوشی ہوئی۔۔۔"ازلان نے کہتے اس کا چہرہ سامنے کیا تو وہ مسکرا رہی تھی دل سے" اور اسی مسکراہٹ کی دعائیں تو اس نے سالوں سے کی تھی۔

"اب سانس ٹھیک سے آرہا ہے؟"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

فرشتے نے سر نفی میں ہلایا جیسے مزید اس سے توجہ چاہتی ہو۔

ازلان اظہر نے جھکتے اس کے بالوں میں ہاتھ پھنسایا تو وہ یک دم پیچھے ہوئی۔

"آرہا ہے؟"

ازلان نے سخت نگاہوں سے اسے گھورا اور اس پر جھک گیا۔۔۔۔۔۔۔

URDU NOVEL BANK

بابا کیسے ہیں آپ؟ "اپنے باپ سے ملنے آئی تھی وہ۔"

بہتر ہوں "!وہ بمشکل بولے اور اس کے چہرے کو چوما جو ان پر جھکی تھی۔"

"دوا لے لی ہے؟"

!نہیں

کیوں؟ اب تو شام کے کھانے کا وقت ہو گیا ہے۔۔۔وہ حیرانگی سے پوچھنے لگی۔

پتا نہیں !یہاں پر وقت کی پابندی نہیں کی جاتی بیٹے۔۔۔۔یہ بڑا ہسپتال ہے۔۔۔اتنے بڑے ہسپتال میں داخل کروانے کی کیا ضرورت تھی۔۔۔۔وہیں کسی محلے کے ہسپتال۔۔۔۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"نہیں بابا۔۔۔ہمارے محلے کے ہسپتال آپ کی بیماری کا علاج نہیں کر سکتے۔"

اور میں پوچھتی ہوں۔۔۔دوا کیوں نہیں دی "وہ باہر نکل گئی۔"

خاور عثمانی کے ڈاکٹر کون ہیں؟ اس نے باہر کھڑی نرس سے پوچھا۔"

URDU NOVEL BANK

فخری صاحب۔۔ !وہ ان کا کیبن ہے اس نے بتایا تو وہ ان کے کیبن میں چلی گئی اور اجازت لیتے اندر داخل ہوئی۔

"خاور عثمانی کی بیٹی ہوں میں۔۔۔انہیں دوا وقت پر نہیں مل رہی۔"

ان کا علاج ہو رہا ہے اسی کو غنیمت جانیں۔۔۔۔اتنا دھیان رکھنے کا نہیں کہا گیا"

"ہمیں۔۔۔۔انہیں آج وارڈ میں باقی مریضوں کے ساتھ ڈال دیا جائے گا۔

"لیکن کیوں؟"

شایان عثمانی کا حکم تھا یہ۔۔۔۔جب وہ خطرے سے نکل آئیں تو انہیں باقی مریضوں" کے ساتھ رکھا جائے۔۔۔۔آپ کا تو ان کا شکر گزار ہونا چاہیے"وہ لیے دیے انداز میں بولے تو وہ باہر نکل گئی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اپنے باپ سے ملے بغیر وہ باہر نکل آئی کتنی ہی دیر اس بینچ پر بیٹھی رہی اور آسمان کو تکتی رہی۔

"کیا فایدہ تھا اس شخص کی غلامی کرنے کا؟"

URDU NOVEL BANK

کیا فایدہ تھا اتنی دولت کا کہ اس کا باپ یوں رُل رہا تھا۔۔۔"اس کی آنکھیں نم ہوئیں۔"

"!شایان عثمانی"

اس کے لبوں سے یہ نام ادا ہوا تو وہ اس کے آفس کی طرف روانہ ہوئی۔

اندر داخل ہوتے اسے اندازہ ہوا کہ وہ اب تک نہیں آیا تھا اور شاید اسے بھی اس کے گھر جانا تھا اس کے ساتھ ہی آنا تھا کل کی طرح لیکن وہ سیدھا آفس آیا تھا۔

آدھے گھنٹے بعد آفس میں اٹھتا شور تھم گیا تو اسے اندازا ہوا کہ وہ آگیا ہے وہ سیدھا اپنے کیبن میں آیا تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"تم؟"

تمہاری وجہ سے میرا گھنٹہ برباد ہوا ہے۔۔۔سیدھا آنا تھا تو بتانا کس نے تھا میں غلام"

"ہوں تمہارا؟

کیا میں غلام ہوں آپ کی؟"وہ سب نظرانداز کرتی استفسار کرنے لگی۔"

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

وہ اٹھتی اس کے پاس آئی۔۔۔شایان نے اس کی آنکھیں دیکھیں جو سرخ تھی شاید وہ روئی تھی۔

کیا ہوا ہے؟ "وہ لیے دیے لہجے میں بولا۔"

"!مجھے آپ سے طلاق چاہیے"

وہ اچانک بول گئی شایان عثمانی کا فائل کو تھامتا ہاتھ وہیں ہوا میں تھم گیا۔

"کیا بولا ہے؟"

"!مجھے آپ سے طلاق چاہیے"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"ہوش میں نہیں ہو لگتا۔۔۔"

شایان عثمانی کو اس چھٹانک بھر کی لڑکی سے یہ امید تو بالکل نہ تھی۔

کاش ہم ایک خاندان سے نہ ہوتے "وہ اس کی آنکھوں میں دیکھتے اس کی طرف قدم" بڑھا گئی۔

URDU NOVEL BANK

شایان عثمانی صرف اس کے اپنی طرف اٹھتے قدم دیکھ رہا تھا۔

"!تمہاری طبیعت نہیں ٹھیک تو جا سکتی ہو"

شایان عثمانی نے فائل تھامتے کہا تو کونین نے اس کے ہاتھ سے فائل لے کر میز پر پھینکی اور اسکا گریبان تھاما۔

مجھے طلاق دیں "!اس کی آنکھیں اب مزید سرخ پڑ گیئں۔"

تمہارہ دماغ درست جگہ پر نہیں ہے۔۔۔کیا بکواس کر رہی ہو؟ "وہ دھاڑا اور اپنا گریبان" اس کے ہاتھ سے نکالا۔

"آپ ایسے کیوں ہیں شایان؟"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ اس کے سینے پر سر رکھ گئی تو شایان عثمانی کو لگا وہ ہل نا سکے گا۔

آپ نے کہا تھا آپ بابا کا علاج کروائیں گے۔۔۔میں نے بدلے میں آپ کا ہر کام" "کرنے کی حامی بھر لی لیکن آپ نے میرے ساتھ دھوکا کیا۔۔

وہ کہہ کر خاموش ہو گئی اس کا وجود لرز رہا تھا وہ رو رہی تھی۔

URDU NOVEL BANK

اس نے خود سے وعدہ کیا تھا وہ ان سب کے سامنے اپنے آنسوؤں کو بے مول نہیں کرے گی لیکن حالات ایسے ہو گئے تھے۔

اکیلی وہ کب تک دنیا کی سختیاں جھیلتی؟

"میں نے تمہارے باپ کو ہسپتال-----"

آپ نے ہسپتال کروایا---لیکن مڑ کر پتا تک نہ کیا---وہ کہہ رہے تھے کہ آپ نے" کہا ہے کہ انہیں وارڈ میں باقی مریضوں کے ساتھ رکھا جائے انہیں دوا تک وقت پر نہیں مل رہی۔"

اگر آپ مزید مجھ سے کچھ کروانا چاہتے ہیں تو بتا دیں---میں سب کرنے کو تیار" ہوں--- جوتے بھی صاف کر دوں گی---"وہ روتی اسے بتا رہی تھی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

یک دم دروازہ کھُلا اور کومل اندر داخل ہوئی---کونین پھر بھی پیچھے نہ ہوئی شاید وہ ہوش میں نہ تھی یا آنا نہیں چاہتی تھی۔

اوووو !کومل نے ہونٹ اوو کی شکل میں سکیڑے۔

URDU NOVEL BANK

"!تمیز نہیں ہے---دروازہ کھٹکھٹا کر اندر آیا جاتا ہے کومل"

مجھے نہیں پتا تھا کہ تم اس طرح کے مصروف ہو گے--- "اس کا اشارہ کونین کی طرف تھا۔

اس وقت اپنی شکل گُم کرو بس---"وہ دھاڑا تو وہ غصے سے دروازہ بند کرتی چلی گئی۔"

کونین نے پیچھے ہونا چاہا تو وہ اسے میز پر بٹھاتا اس پر جھکا۔

اس کا وجود اب بھی سسکیاں بھر رہا تھا---آنکھیں اور گال دونوں گلابی تھے۔

"!میں ڈاکٹر سے بات کر لوں گا"

وہ بس اتنا ہی کہہ سکا--- نہیں تو اس شخص سے ناپسندیگی بہت تھی کہ مر کر نہ پوچھتا اس کا کسی سے۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وعدہ کریں؟ "وہ نگاہیں اٹھاتے امید سے بولی تو شایان عثمانی تھم گیا--"

شایان عثمانی کی زندگی کا واحد لمحہ جہاں اس کے دل کے دھڑکنے کی رفتار سست پڑی تھی۔

URDU NOVEL BANK

"!یقین کرو"

وہ جھکا اور اس کے ماتھے پر لب دکھ دیے اور کونین خاور نے وہ بوسہ آنکھیں بند کرتے محسوس کیا۔

"میں بدلے میں سب کر دوں گی۔۔۔۔"

"!ضرورت نہیں ہے"

وہ نجانے کیوں بول گیا اور اس کو دیکھنے لگا جو اب بھی نگاہیں جھکائے اپنے ہاتھوں کو دیکھ رہی تھی۔

شایان نے فون اٹھایا اور کال ملائی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

جی انہیں کہیں شفٹ نہیں کرنا ہے ۔۔۔۔دوا کا خاص خیال رکھا جائے "اس نے کال کاٹ دی تو کونین نے اسے دیکھا۔

شکریہ "!کونین نے کہا تو وہ محض سر ہلا گیا لیکن نگاہیں اب بھی اس کے چہرے پر" ٹکیں تھیں۔

URDU NOVEL BANK

اپنی منکوحہ کو جو سالوں سے اس کے نکاح میں تھی اس نے پہلی بار دیکھا تھا اتنے قریب----

وہ اسے جھٹلا کیوں نہ سکا تھا یہ وہ خود نہیں جانتا تھا۔

"کالج ختم ہو گیا تمہارا؟"

جی!

"آگے نہیں پڑھنا؟"

نہیں!

کیوں؟

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"بس---کیا آپ کافی پییں گے؟"

آگے پڑھائی شروع کرو "!وہ سنجیدہ تھا۔"

"نہیں میں بابا کے لیے----"

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

میں داخلہ کروا دوں گا۔۔۔۔شام میں تم میرے ساتھ رہو گی۔۔۔"وہ بولا تو وہ اسے" دیکھنے لگی جو سنجیدہ تھا بے حد۔

کافی بنا لاؤ "!وہ بولا تو وہ اٹھ گئی۔۔۔۔"

شایان عثمانی اس سے زیادہ اپنے دل کو ستا نہیں سکتا تھا۔۔۔اور ابھی کیا ہوا تھا وہ خود بھی نہیں جانتا تھا۔

کیسی ہو کونین؟ "علی نے اسے دیکھتے پوچھا تو عہ مسکرا دی کیونکہ دل ہر بوجھ سرک گیا" تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"ٹھیک ہوں !آپ کیسے ہیں؟"

"میں بھی ٹھیک ہوں میں کافی بنا لوں۔۔۔"

"میرے لیے بنا سکتی ہو؟"

بالکل !وہ مسکرا دی اور دو مگ بناتے ایک اسے پکڑایا تو شایان عثمانی کو دیکھا جو انہیں ہی دیکھ رہا تھا۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

کونین صرف میرے لیے چائے بنائے گی۔۔۔ مسٹر علی "!وہ بولا تو علی شرمندہ ہو گیا۔ "

میری چادر "!کونین نے علی سے استفسار کرتے اسے اس شرمندگی سے نکالنا چاہا۔ "

"وہ گھر پر ہے۔۔۔ مجھ سے لے لینا۔۔۔"

شایان کہتا اسے اپنے پیچھے آنے کا اشارہ کرتا اپنے کیبن میں چلا گیا۔

"علی کو شرمندہ کیوں کیا آپ نے؟"

کیونکہ تم کافی صرف مجھے بنا کر دو گی۔۔۔۔"وہ سنجیدگی سے بولا۔ "

آپ کو بوس کی حیثیت سے اسے دوست کی حیثیت سے۔۔۔"وہ یک دم بولی تو شایان "

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

اس کے قریب آیا۔

لڑکے دوست نہیں ہوتے۔۔۔اور یہ بات میں دوبارہ نہیں بتاؤں گا تمہیں۔۔۔ چلو ہم "

"گھر جا رہے ہیں

وہ کافی کا مگ ہاتھ میں لیے نکل گیا تو وہ بھی پیچھے ہوئی۔

URDU NOVEL BANK

کچھ پوچھوں؟ "یہ اس کا دیا آج کا عتماد تھا کہ وہ یوں بول رہی تھی۔"

"پوچھو؟"

کیا آپ میرے بعد ---اس کومل نام کی لڑکی سے شادی کریں گے؟ "اس کا سوال

غیر متوقع تھا۔

"کیا مطلب ہے؟"

"یعنی میرے جانے کے بعد----"

"تم کہاں جا رہی ہو؟"

"ہم ساتھ تو نہیں رہیں گے نا---بابا کے علاج کے بعد----"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"!گاڑی روکو"

اس نے گاڑی رکوائی تو کونین حیران ہوئی اور ڈرائیور خود ہی گاڑی سے اتر گیا تو وہ کونین

پر جھکا۔

تمہیں کس نے کہا ہے میں تمہیں چھوڑوں گا؟ "آئبرو اچکاتے پوچھا گیا۔"

کونین نے تھوک نگلا---

URDU NOVEL BANK

"لیکن۔۔۔۔"

آئندہ اس قسم کی فضول باتیں میرے سامنے مت کرنا۔۔۔۔"وہ اس کی چادر کو مزید اس کے ماتھے پر کھینچتا پیچھے ہوا اور ڈرائیور کو اندر آنے کا کہا۔

ازلان نے سخت نگاہوں سے اسے گھورا اور اس پر جھک کر گہرا سانس بھرا اور پیچھے ہو گیا وہ جو کچھ اور سمجھ رہی تھی آنکھیں کھول گئی۔

"مجھے یہاں نہیں رہنا۔"

کہاں جانا ہے؟ "ازلان نے دوبدو پوچھا۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

گھر!

"کس کے گھر؟"

میرے گھر !اس نے کہہ کر اٹھنا چاہا جب ازلان نے جھٹکے سے اس کی جگہ پر اسے لٹایا۔

"وہ جگہ میں بیچ چکا ہوں تم وہاں کبھی نہیں جاؤ گی۔۔۔"

URDU NOVEL BANK

لیکن کیوں؟ وہ میرا گھر تھا میرے اماں ابا کی جگہ آپ کیسے۔۔۔؟ "اس کی آنکھیں بھر گئیں۔

"خبردار تم روئی تو۔۔۔۔"

لیکن وہ پھر بھی رونے لگی تو وہ اٹھ کھڑا ہوا جانے کے لیے۔

"مجھے اپنے گھر لے کر جائیں۔"

"کس حق سے جانا چاہتی ہو میرے گھر؟"

فرشتے کو لگا یہ مشکل سوال ہے۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ازلان پلیز۔۔۔۔وہ اس کے پیچھے کمرے سے نکل گئی۔

ازلان نے کچن میں جاتے اس کی دوا اور پانی اس کے ہاتھ میں تھمائی جو اس نے کھاتے اسے دیکھا جو کچن سے باہر نکل رہا تھا۔

"چلتا ہوں۔"

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

بیوی بنا کر ہی بس لے کر جائیں گے یہ جانتے ہوئے کہ میں ان سب کے لیے تیار"

"نہیں مجھے وقت چاہیے ہے۔

"کس لیے وقت چاہیے تمہیں؟"

"اعظم اظہر کو بھولنے کے لیے یا ازلان اظہر کو اپنا شوہر ماننے کے لیے؟ "

وہ اس کے بازوؤں کو گرفت میں لیتا بولا لہجہ حد درجہ سخت تھا۔

"وہ سب ماضی تھا۔"

ہاں لیکن وہ اسے ماضی نہیں سمجھتا ---اور اسے ماضی کبھی تم نے بھی نہیں"

سمجھنے دیا اس لیے آج بھی مجھ سے پہلے تم نے اُسے کال کی---مجھے دوسرا آپشن بنایا

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"تم نے فرشتے حیدر۔

ایسا نہیں ہے !وہ روتے بولی۔

"کیسا ہے پھر---تم بتاؤ---"

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

ازلان اظہر کو دوسرے نمبر پر ہی تو رکھا گیا ہے ہمیشہ سے گھر میں۔۔۔رشتے میں، سب" چیزوں میں۔۔۔۔"وہ پھٹ پڑا تھا۔

فرشتے نے اس کے لبوں پر ہاتھ رکھے۔۔۔ہوا اٹھ جاتی تو کیا سمجھتی۔

فرشتے کو دکھ ہوا اس کی حالت پر۔۔۔۔اسے کبھی کسی نے نہیں سمجھا تھا۔

"فرشتے ازلان اظہر بن کر چلوں گی۔۔۔۔لیکن۔۔۔۔"

لیکن تمہیں وقت چاہیے ازلان اظہر کو شوہر ماننے کے لیے۔۔"وہ تلخ سا مسکرا دیا تو" فرشتے سر جھکا گئی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

فرشتے اس کے قریب ہوئی اور اس کی آنکھوں میں دیکھا جہاں کئی دکھ ایک ساتھ تھے جنہیں چھپایا گیا تھا۔

پھر ایڑھیاں اونچی کرتے لرزتے لبوں کے ساتھ اس کے ماتھے پر بوسہ دیا۔

"گھر جا کر دوا کھا لیں۔۔۔بخار تیز ہو جائے گا۔۔۔"

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

ازلان اظہر کے سارے جسم میں سکون بھر گیا تھا جیسے وہ فرشتے کو تکتا گیا جو اسے ہی مسکراتے دیکھ رہی تھی۔

"تم میری پرواہ کرتی ہو؟"

فرشتے نے سر ہاں میں ہلاہا۔

"بھائی سے بھی زیادہ؟"

آپ خود کو خود ہی تکلیف دیتے ہیں ازلان۔۔۔۔اور ایسا کرنا آپ کو ایک دن بہت "گہرے نقصان سے روشناس کروا دے گا۔

میں اپنے ہر نقصان کا ازالہ کر لوں گا اگر تب مجھے تم اپنے اردگرد دیکھنے پر نزدیک ملی "تو!" اس کے بال کندھے سے ہٹاتا بولا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"میں وہیں موجود ہوں گی بس تھوڑا سا ڈھونڈ لیجیے گا۔"

کل فرشتے ازلان اظہر کا انتظار کرے گی۔۔۔۔اور جائیں جا کر سوئیں ۔۔۔آنکھیں دو دن" جگے رہنے کا بتا رہیں ہیں "اس نے ہمت کرتے اس کے بال ماتھے سے ہٹائے تھے۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

ازلان نے اسے دیکھا پھر اس کے کندھے کو۔

فرشتے نے نگاہیں جھکا لیں تو وہ مسکرا دیا پھر جھکتے اس کے کندھے پر لب رکھے تو دونوں تھم گئے۔

فرشتے کا وجود لرزا تھا اس قدر محبت اور عزت اس بوسے میں محسوس کر کے۔

کیا اعظم اظہر اتنی محبت اور عزت دیتا اسے؟ دور کہیں اس کے دل نے اس سے پوچھا تھا۔

آپ رُک جائیں "!وہ اچانک بول گئی۔"

چائے پیئیں گے؟ "ازلان نے اس کے بال سنوارے تو وہ بولی۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ دونوں کچن میں تھے۔۔۔فرشتے اس کی چائے بنا رہی تھی اور وہ فرشتے کو دیکھ رہا تھا۔

سالوں وہ اس لڑکی کی محبت میں گرفتار رہا تھا۔

اس کا فون دوبارہ بجا تو ازلان کمرے سے فون لے کر آیا کیونکہ وہ مسلسل بج رہا تھا۔

اعظم اظہر کا نام دیکھ کر اس نے فرشتے کو پکڑایا تو فرشتے نے اسے دیکھا۔

URDU NOVEL BANK

اٹھاؤ !فرشتے نے کال پِک کی اور فون کان کے ساتھ لگایا۔

"فرشتے میری جان؟"

ازلان استہزایہ مسکرا دیا۔۔۔تو فرشتے نے کن اکھیوں سے اسے دیکھا جو اس کے نزدیک کھڑا اس کے بالوں کے ساتھ کھیل رہا تھا۔

جی؟

"کیسی ہو؟"

ٹھیک ہوں "!وہ بس اتنا ہی بول پائی۔"

مجھ سے بھی پوچھو میں کیسا ہوں؟ مجھے مِس نہیں کرتی اب؟"!اعظم نے کہا تو ازلان" نے آنکھیں بند کر کے کھولیں۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کیا کر رہے ہیں آپ؟یہ میرے سوال کا جواب نہیں۔۔۔۔لیکن واپسی پر آکر سارے" سوالات کے جوابات میں خود تم سے لے لوں گا۔۔۔"وہ بولا تو ازلان نے اپنے قدم باہر کی طرف بڑھائے۔

URDU NOVEL BANK

فرشتے نے اس کا ہاتھ تھاما اور اسے دیکھا آنکھوں میں التجا تھی۔

کال کاٹو !ازلان نے اس کے کندھے پر چہرہ رکھتے کہا تو وہ کانپ گئی۔

"کال کاٹو ابھی۔۔۔"

وہ آپ کے بھائی۔۔۔ "اس نے فون کان سے ہٹاتے سرگوشی میں کہا۔"

میرا بھائی ہے لیکن تمہارا کچھ نہیں لگتا۔۔۔"وہ کہتے اس کے ہاتھ سے فون لیتا کال" کاٹ گیا اور اس کے بال بکھیرے۔

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

چائے دو مجھے جانا بھی ہے۔۔۔۔وہ بولا تو فرشتے نے اس کی چائے کپ میں ڈالی اور اسے تھمائی اور بنا کچھ کہے اندر کمرے میں جانے لگی۔

"اتنا بُرا لگا ہے اس سے بات نہ کرنا؟"

ازلان میں آپ کے لیے دوا لینے جا رہی ہوں کمرے میں۔۔۔"وہ بولیں تو وہ سرد آہ بھرتا" مسکرا دیا اور اس کے پیچھے ہی کمرے میں داخل ہوا۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

کل انتظار کروں گی آپ کا۔۔۔"اس نے عنودگی میں جانے سے پہلے کہا تو وہ اس کی آنکھیں چومتا اٹھ گیا۔

گھر آتے وہ سیدھا اپنے کمرے میں چلا گیا تو کونین نے اس کی چائے بنائی۔

حسین لڑکی "!موحد نے اسے پیچھے سے پکارا۔"

"!جی"

یعنی تم مانتی ہو کہ تم حسین ہو؟ "وہ شرارت پر آمادہ ہوا تو وہ مسکرا دی اور ایسا پہلی بار ہوا تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

نہیں میرے بابا کہتے ہیں کہ میں پیاری ہوں "وہ معصومیت سے بولتی چائے کپ میں ڈالنے لگی۔

"تمہارے بابا کہاں ہیں؟"

URDU NOVEL BANK

موحد نے پوچھا تو چائے چھلک کر اس کے ہاتھ پر گری تو اس کے منہ سے سسکی برآمد ہوئی۔

اووو۔۔۔ حسین لڑکی تم نے تو اپنا حسین ہاتھ جلا لیا ہے "!وہ آگے بڑھ کر اس کا ہاتھ" تھام کر دیکھنے لگا۔

کونین !شایان عثمانی کی آواز گونجی لیکن وہ جواب نہ دے سکی۔

کچھ نہیں ہوا "!اس نے اپنا ہاتھ چھڑوانا چاہا۔"

دیکھنے تو دو۔۔۔ بھائی کچھ نہیں کہیں گے رُکو "!وہ اس کا ہاتھ پانی کے نیچے رکھنے لگا۔"

کونین "!اب آواز اونچی تھی وہ شاید سیڑھیاں اتر رہا تھا۔"

visit for more novels.
www.urdunovelbank.com

وہ اندر آیا تو موحد اس کا ہاتھ تھامے پانی سے دھو رہا تھا۔۔۔یہ منظر اسے نا جانے کیوں لیکن ناگوار گزرا تھا۔

آگے بڑھتے اس نے کونین کا ہاتھ تھاما بنا یہ دیکھے کہ اس کا ہاتھ وہاں سے ہلکا سا جلا ہے۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

بھائی۔۔ "!موحد نے کچھ کہنا چاہا۔"

اپنا کام کرو "!وہ اسے ٹوک گیا اور کونین کو لیتا کمرے میں چلا گیا۔"

کیا کہا تھا تمہیں میں نے۔۔۔اس گھر کے لوگوں سے دور رہو "!وہ سرد لہجے میں بولا۔"

"!میں نے نہیں بلایا تھا اُسے"

وہ اپنے ہاتھ کو اس کے ہاتھ سے نکالتی بولی کیونکہ وہاں جلن ہو رہی تھی۔

شایان نے دوبارہ سے اس کا وہی ہاتھ ضد سے تھاما تھا اور اب کی بار شدت تھی اس پکڑ میں۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"خود سے بلانے پر بھی مخاطب مت ہونا کسی سے۔"

کیوں؟ اس لیے کہ کہیں وہ پہچان نہ لیں کہ میں ان کا خون ہوں۔۔۔تو بے فکر رہیں"

"اس گھر کے لوگوں سے مجھے کوئی رشتہ کبھی بنانا ہی نہیں ہے

وہ اپنا ہاتھ پھر چھرواتی پیچھے ہوئی اور اپنا ہاتھ دیکھنے لگی۔

URDU NOVEL BANK

واپس آؤ "!شایان نے کہا تو کونین نے اسے دیکھا وہ ضدی تھا کسی چھ سالہ بچے کی" طرح۔

"!مجھے گھر جانا ہے۔۔۔ڈرائیور کو بتا دیں"

"تم واپس آ رہی ہو یا میں آؤں؟"

یہ وہی لڑکی تھی جسے پہلے روز دیکھنے پر وہ بھڑک گیا تھا۔

اس کے سرد انداز اور آنکھوں کی سنجیدگی پر بھی وہ آگے نہیں بڑھی تھی۔

وہ جانتی تھی وہ عارضی سہارہ ثابت ہو سکتا تھا کونین خاور کا۔۔۔جس خاندان نے اپنے خون سے وفا نہ نبھائی تھی وہ اس کی بیٹی سے کیسے نبھا کرتے تلخ سی مسکراہٹ اس کے چہرے پر چھا گئی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

شایان نے آگے بڑھتے اس کے چہرے کو اپنے دائیں ہاتھ سے تھاما تو وہ سہم گئی۔

"!تم مجھے انکار نہیں کر سکتی"

URDU NOVEL BANK

میرے ڈیوٹی کے گھنٹوں کا اختتام ہو گیا ہے "اس نے "گھڑی کو دیکھتے شائستگی سے"
کہا۔
ڈیوٹی کے گھنٹوں کے بعد بھی نہیں کبھی بھی نہیں---"وہ اپنی بات پر اڑا اس پر جھکا
تھا۔

"کیوں؟"
"!کیونکہ میں تم پر حق رکھتا ہوں"
کیا میں آپ پر حق رکھتی ہوں؟ "وہ دوبدو بولی۔"
نہیں "!وہ صاف گو تھا بے انتہا۔"
اگر میں آپ پر کوئی حق نہیں رکھتی تو جان لیں شایان عثمانی کے آپ بھی مجھ پر کوئی"
"حق نہیں رکھتے
وہ کہتی اپنا آپ اس سے چھڑواتے پیچھے ہوئی لیکن وہ اسے چھوڑنے کے موڈ میں ہرگز
نہیں تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

اب کی بار اسے قمر سے تھامتے اپنے سامنے کھڑا کیا۔

"کس قسم کا حق چاہیے تمہیں؟"

شایان عثمانی نے معنی خیزی سے کہا لیکن اس کی یہ بات کونین کے سر پر سے گزری تھی۔

وہ سارے جو آپ مجھ پر رکھنا چاہتے ہیں "وہ بولی تو شایان پیچھے ہوا اور اس کا ہاتھ دیکھا" جو موحد نے تھاما تھا۔

مجھے کل اسلام آباد جانا ہے اور تم ساتھ جا رہی ہو میرے "وہ اس کے ہاتھ کو تھامتا" بیڈ کے ساتھ پڑی میز تک لایا اور ٹیوب نکالتا اسے پکڑا گیا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"!یہ لگا لینا"

کونین خاور کے دل نے یک دم خواہش کی تھی کہ وہ اسے وہ ٹیوب خود لگاتا لیکن فوراً دل کو ڈپٹ دیا۔

وہ دو لوگ ایک پاکیزہ رشتے کی حِدّت میں ایک دوسرے کے نزدیک آ رہے تھے ناپسندیدگی کا لبادہ اوڑھے یا شاید خود کو باور کرواتے کہ وہ ایک دوسرے کو پسند نہیں کرتے۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

"!وہ الماری سے وہ چادر لیتی جاؤ"

اس کی ضرورت نہیں ہے۔۔۔ابھی ہیں میرے پاس "اس نے کہا اور کمرے کے دروازے تک پہنچی۔

ٹیوب لگا دیتا ہوں "!وہ نجانے کیوں لیکن اسے پیشکش کر گیا تھا۔"

"میں لگا لوں گی۔۔۔"

تم مہری ہر بات سے انکاری کیوں رہتی ہو کونین خاور؟ "وہ جوتے اتارتا اس تک آیا اس" کے ہاتھ سے ٹیوب لیتا اس کے ہاتھ پر لگا کر واپس اسے تھما گیا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"جاؤں؟"

کونین نے آنکھیں اٹھاتے استفسار کیا ایسے کرتے وہ شایان عثمانی کے دل میں ہلچل مچا گئی تھی۔

شایان نے سر ہاں میں ہلایا پھر اس کی چادر کو ماتھے تک کھینچا اب وہ ایسا لاشعوری طور پر کرنے لگا تھا۔

URDU NOVEL BANK

"!جاؤ"

اس کے کہتے ہی وہ نکل گئی تو وہ کھڑکی میں کھڑا ہو گیا اس کے جانے تک اسے دیکھتا رہا۔

پھر سرد آہ بھری۔۔۔۔وہ اس کے سامنے کیوں بے بس ہو رہا تھا۔۔وہ وہ شایان عثمانی

تو نہیں رہا تھا جس سے وہ پہلے دن ملی تھا۔

اس نے اپنے کمرے میں اردگرد دیکھا وہ وہاں نہیں تھی اس کا دل بےچین ہوا۔۔۔

نہیں شایان عثمانی وہ تمہاری منزل نہیں ہے ہرگز نہیں۔۔۔۔۔"اس کے دل سے"

آواز آئی۔

لیکن وہ کسی اور کی بھی نہیں ہے "اس نے فوراً دل کی سرزنش کی تھی پھر کپڑے"

لیتا واش روم میں گھس گیا۔

visit for more novels.
www.urdunovelbank.com

سب کے ساتھ کھانا کھایا لیکن دماغ اب بھی اسی میں الجھا تھا۔

سب کے ساتھ وقت گزارتا واپس آیا جب فون بجنے لگا۔۔۔

URDU NOVEL BANK

میں کل اسلام آباد جا رہی ہوں ڈیڈی بتا رہے تھے تم بھی آ رہے ہو کیا کہتے ہو ساتھ" چلیں؟ "کومل نے اس کے کال اٹھاتے ہی خوشی سے کہا۔

نہیں میں وہیں ملوں گا تم سے "!وہ بولا۔"

"ہم وہاں تمہارے گھر پر قیام پزیر----"

"نہیں تم ہاٹل میں رہو گی ہمیشہ کی طرح----"

وہ بات ختم کرتا کال کاٹ گیا۔۔۔وہ ہمیشہ کومل کو اپنے گھر دعوت دیتا تھا وہ اس کی اچھی دوست تھی لیکن اس بار وہ منع کر گیا تھا کیونکہ شاید کونین خاور بھی تھی اس بار اس کے ساتھ۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اس نے سر تکیے پر رکھا اور اس کے لمس کو محسوس کرنے لگا۔۔۔

پھر خود کو ملامت کرتا سو گیا۔۔۔دوسری طرف کونین خاور تو پوری رات نہ سو پائی تھی اپنی قمر پر اس کی انگلیوں کا لمس اسے جیسے اب بھی ویسے ہی محسوس ہو رہا تھا۔

URDU NOVEL BANK

شایان عثمانی کو سوچتے اس نے رات گزار دی تھی آنکھوں میں نیند دور دور تک نہ تھی۔

"کیا وہ اختتام پر مجھے دھوکا دے دیں گے؟"

اس کے دل نے اس سے سوال کیا جس کا جواب اس کے پاس فلحال تو نہیں تھا۔

وقت سے پہلے ہی اس نے اپنا بیگ تیار کیا اور کپڑے بدلتی چادر اوڑھتی اپنے پراٹھے کا رول تھامتی اپنے باپ سے ملنے کو چلی گئی۔

جہاں کی صورتحال دیکھ کر مطمئن ہوئی انہیں ناشتہ کروایا اور اپنا پکڑتے وہ وہیں سے شایان عثمانی کے گھر کی طرف روانہ ہوئی جس کی گاڑی باہر ہی موجود تھی یعنی وہ نکلنے لگا تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"اسلام علیکم!"

وہ ڈرائیور سے کچھ کہہ رہا تھا جب اس کی آواز گونجی۔

شایان نے مڑ کر اسے دیکھا۔۔۔وہ اس کی دلوائی چادر میں ڈھکی ہوئی تھی۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

عورتیں یوں ہی اچھی لگتی ہیں خاص طور پر وہ عورت جو آپ کی ہو "!شایان عثمانی پر"

یہ الہام ہو چکا تھا۔

"وعلیکم السلام؟ بیٹھو !ہم نکل رہے ہیں بس---"

وہ سب سے مل کر آگیا تھا آج وہ ڈرائیور کے ساتھ نہیں جا رہا تھا۔

"!آگے آکر بیٹھو"

میں یہیں ٹھیک ہوں "!وہ منمنائی۔"

لیکن شایان عثمانی کی ایک نگاہِ غلط پر وہ پیچھے سے اترتی آگے آکر بیٹھی تو وہ گاڑی کی

اسپیڈ بڑھاتا اسے منزل کی اور بڑھانے لگا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

تھوڑی دیر بعد کونین نے اپنا پراٹھا کھولا اور کھانے لگی شایان عثمانی کو اس نے پوچھا تھا

جس نے انکار کر دیا تھا۔

کھا کر وہ باہر کے مناظر دیکھتی انگلیاں رگڑ رہی تھی---اسے مرچیں لگ گئی تھی لیکن

پانی وہ نہیں لائی تھی۔

URDU NOVEL BANK

شایان اس کے ہاتھوں کو گاہے بگاہے دیکھ رہا تھا۔

"کیا مسئلہ ہے؟"

اس کے ہاتھوں پر یک دم اپنا ہاتھ رکھتا وہ سختی سے بولا تو کونین نے سر نفی میں ہلایا۔

اب وہ بنا حرکت کیے باہر دیکھ رہی تھی جب کہ وہ ہاتھ ہٹا چکا تھا۔

کونین خاور کیا مسئلہ ہے تمہارے ساتھ؟ "وہ کچھ دیر بعد پھر سے بولا تھا۔"

"!مجھے پانی کی بوتل چاہیے"

اس نے کہا تو شایان نے اسے سنجیدگی سے دیکھتے گاڑی سائیڈ پر لگائی پھر اترے بغیر

سامنے دکان والے کو پانی کی بوتل کا کہا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کونین نے فوراً اپنے بیگ سے پانچ سو کا نوٹ نکال کر اس کے آگے کیا تو وہ آئبرو اُچکا گیا۔

"کیا ہے یہ؟"

"پیسے پانی کے !باقی کر دیں۔۔۔"

URDU NOVEL BANK

وہ معصوم تھی یا شاید بن رہی تھی وہ فیصلہ نہ کر پایا لیکن ملاوٹ تو رتی برابر نا تھی اس لڑکی کی زات میں کسی چیز کی۔

میں نے دے دیے ہیں وہ کہتا اس کا پانچ سو کا نوٹ اسے پکڑانے لگا۔
لیکن کیوں دیے ہیں آپ نے۔۔۔میں نے لڑکوں کے پیسوں سے کبھی کوئی چیز نہیں لی "وہ زِچ ہوتی بولی۔

میں عام لڑکا ہوں؟ "وہ سرد سے لہجے میں بولا تو وہ خاموش ہو گئی وہ اس کا مطلب جان گئی تھی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"مجھے ابھی بیڈیج بھی لینا تھا۔"
"کہاں چوٹ لگی ہے؟"
وہ اسے دیکھتا پوچھنے لگا۔۔ان کی آنکھیں بار بار ایک دوسرے سے ٹکراتی جو کونین خاور فوراً بدل جاتی تھی۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

مجھے جوتے لگ رہے ہیں اپنے۔۔۔بابا نے نئے دلوائے تھے آج وہ پہن لیے ہیں"
اسی لیے "وہ اسے تفصیل بتانے لگی۔

بھائی بینڈیج بھی دے دیں۔۔۔"اس نے کھانے کی ایک آد چیز لیتے پیسے دیے اور اسے" پکڑائیں۔
آپ کے چالیس روپے میں وہاں جاکر آپ کو دے دوں گی "وہ مصروف سی اپنے پاؤں" پر بینڈیج لگاتی بولی تو شایان عثمانی نے مان لیا کہ وہ بے حد معصوم ہے۔

---

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ گھر میں داخل ہوا تو خاموشی کا راج تھا۔۔۔اسے صبح ہی اپنے والدین کو بتانا تھا کہ وہ فرشتے کو لا رہا ہے۔
اپنے کمرے میں جاتے ہی بستر پر ڈھے گیا۔۔۔دوا اسے فرشتے دے چکی تھی۔۔۔وہ دوا اسے نا بھی دیتی تو اس کے دل کو اسے دیکھتے ہی قرار آگیا تھا۔

URDU NOVEL BANK

وہ کتنے ہی لمحے اسے سوچتا رہا تھا۔۔۔اسے سوچتے سوچتے ہی نیند کی وادیوں میں کھو گیا۔

دوسری طرف فرشتے نے صبح اٹھتے ہی اپنی پیکنگ شروع کر دی تھی اپنا ضروری سامان رکھ رہی تھی وہ۔

"فرشتے؟ کہاں جا رہی ہو؟"

بوا نے اس سے استفسار کیا۔

آپ کو نہیں پتا؟ "وہ خوشی سے چہکی۔"

نہیں بتاؤ گی تو معلوم ہو گا نا۔۔۔۔"وہ اس کی خوشی سے دمکتا چہرہ دیکھتی مسکراتی" بولیں۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ازلان آئے تھے کل رات کو۔۔۔اب وہ مجھے لینے آئیں گے آج۔۔۔"وہ خوشی سے" انہیں بتاتی گئی سب۔

بوا نے اس کی مسکراہٹ کے دائمی رہنے کی دعا کی تھی۔

پھر ناشتہ کرتے وہ انتظار کرنے لگی تھی جو شاید انتظار ہی رہنا تھا۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

اس نے ناشتے کی میز پر اظہر سلطان اور اپنی ماں نازیہ سلطان کو دیکھا پھر گلہ کھنگارا۔

بولو "!اس کے باپ نے کہا۔"

آپ دونوں جانتے ہیں میرا نکاح جن حالات میں ہوا تھا۔۔۔"وہ وہ بات شروع کر گیا جو" شاید اس کے باپ کو پسند نہ آتی۔

کیا کہنا چاہتے ہو؟ "اظہر سلطان نے سنجیدگی سے استفسار کیا۔"

"میں اُسے۔۔۔۔"

لیکن ان کا فون بجنے لگا۔۔۔ان کے چہرے پر پھیلی مسکراہٹ اس بات کا تعین کرتی تھی کہ وہ اعظم اظہر کی کال تھی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

جسے وہ فوراً اٹھا گئے۔

اس کی ماں نے ازلان کو دیکھا جو اب سنجیدگی سے ناشتہ کر رہا تھا۔

"کب آرہے ہو شہزادے؟"

انہوں نے کہا تو ازلان نے نظر اٹھا کر ان کے لہجے کی شیرینی محسوس کی پھر سر جھکا لیا۔

URDU NOVEL BANK

"اگلے مہینے کیوں؟ ابھی آجاو۔۔۔سب تمہارے ہی انتظار میں ہیں۔"

"ہاں تمہاری ماں میں اور ازلان۔۔۔سب۔۔۔"

آگے سے اس نے نجانے کیا کہا تھا کہ وہ خاموشی ہو گئے۔۔۔پھر کال اسپیکر پر ڈالی

اور ایک نظر ازلان پر ڈالی۔

میرے آنے کے بعد میں فرشتے سے فوراً شادی کرنا چاہتا ہوں۔۔۔میں نے اسے "

بہت مِس کیا ہے "وہ فرطِ جذبات سے بول رہا تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ازلان اظہر کی پکڑ چمچ پر مضبوط ہو گئی۔

تو وہ اب آپ کو ملنے سے رہی بھائی "وہ کہتا اٹھا اور اپنے کمرے میں چلا گیا۔"

ڈیڈ یہ کیا کہہ رہا ہے؟ یہ بہت بدلحاظ ہو گیا ہے۔۔۔مجھ سے بات تک نہیں کرتا سیدھے "

منہ۔۔۔"اعظم اظہر نے کہا تو اس کے باپ نے اسے حوصلہ دیا۔

جبکہ نازیہ اظہر کی نگاہیں سیڑھیوں سے اوپر گُم ہوتے اپنے بیٹے پر تھی۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

"تم آجاؤ پھر دیکھتے ہیں کیا کرنا ہے--"

ہاں ہاں شہزادے جیسا تم کہو گے ویسا ہی ہو گا----"وہ کہتے ایک آد اور بات کرتے کال کاٹ گئے۔

"اپنے لاڈلے کو بلاؤ زرا---آج اس سے بھی کُھل کر بات ہو جائے۔"

پھر کبھی کر لیجیے گا---ابھی وہ غصے میں ہے---"وہ بتانے لگی۔"

مجھے اس کے غصے سے فرق پڑتا ہے؟"وہ استہزایہ مسکرائے---میں باپ ہوں اس کا" وہ باپ نہیں ہے میرا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"آپ کو کبھی بھی میری کسی چیز سے فرق نہیں پڑا ڈیڈ تو اب کیوں پڑے گا۔"

"بولیں میں آگیا ہوں !جلدی کریں مجھے کام پر بھی جانا ہے---"

ہاں جانا ہے تمہیں خبریں پڑھنے----"!!ازلان اظہر ایک نیوز اینکر تھا---باپ کے" بزنس کے خلاف جا کر اس نے یہ سب کیا تھا۔

URDU NOVEL BANK

ایسا نہیں تھا کہ اسے بزنس نہیں پسند تھا لیکن ---جس چیز پر اعظم اظہر اپنی حکمرانی جما لیتا تھا اس چیز کو وہ مر کر نہ دیکھتا تھا۔

"اعظم واپس آرہا ہے کچھ دنوں میں۔"

"تو-----؟"

"بھائی ہے تمہارا----"

ہاں مجھے معلوم ہے---وہ گھڑی پر وقت دیکھنے لگا جیسے ان کی بات کے ختم ہونے کا انتظار کر رہا ہو۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"تو فرشتے----"

"تم اسے علیحدہ کر دو---تاکہ-----"

ازلان اظہر کو لگا اس نے غلط سنا ہے---اس نے جھٹکے سے سر اٹھاتے اپنے سامنے کھڑی اس بارعب شخصیت کو دیکھا تھا بے یقینی سے۔

دیکھا تو انہیں نازیہ اظہر نے بھی تھا اسی بے یقینی سے۔

URDU NOVEL BANK

آپ مجھے اپنی بیوی کو طلاق دینے کا کہہ رہے ہیں؟ "اس کی آواز اب کی بار قدرے" اونچی تھی۔

منکوحہ ہے تمہاری۔۔۔۔بیوی نہیں بنی ابھی۔۔۔"وہ عام سے انداز میں بولے۔"

اور ایسا میں کیوں کروں گا؟ "وہ وجہ جانتا تھا لیکن ایک بار اپنے باپ کے منہ سے سننا" چاہتا تھا۔

کیونکہ وہ اعظم کی پسند رہی ہے اور فرشتے کی بھی پسندیدگی اعظم سے تھی۔۔۔وہ تو حالات" ایسے ہو گئے کہ حیدر نے تمہیں چنا اس وقت نکاح کے لیے۔۔۔نہیں تو وہ اعظم کے "نکاح میں ہوتی اب۔

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

وہ مسکرانے لگا۔۔۔تلخی اس کے پورے جسم میں سرایت کر گئی۔

تو جیسے میں بچپن سے اپنی چیزیں چھوڑتا آیا ہوں اپنے بڑے بھائی کے لیے آج میں" اپنی بیوی چھوڑ دوں؟ "وہ دھاڑا۔

URDU NOVEL BANK

"ازلان اظہر آواز آہستہ رکھو۔۔۔باپ ہوں میں تمہارا۔"

کاش وہ کہہ پاتا کہ کبھی آپ میرے باپ بنیں بھی ہیں؟ وہ نازیہ اظہر کو دیکھنے لگا جن کی آنکھیں نم تھیں اس کے لیے۔

یہ طلاق آپ جیسوں کے لیے عام بات ہوگی ڈیڈ۔۔۔ہمارے دین میں تو آسمان اور" زمین کانپ جاتے ہیں اس عمل پر۔۔۔تو یہ آپ بھول جائیں کہ فرشتے حیدر کو ازلان "اظہر کبھی بھی طلاق دے گا یا اس سے دستبردار ہو گا۔

"ہونا تو پڑے گا!! اعظم اظہر تم سے اپنی امانت واپس لے لے گا تب کیا کرو گے؟"

اسے ان کی آواز پیچھے سے سنائی دی تھی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کہنے کو وہ باپ تھا اس کا۔

آپ اس کے ساتھ سختی نہ کریں۔۔۔وہ دونوں نکاح میں ہیں اب۔۔۔اور طلاقیں کوئی" "عام بات نہیں ہے۔

تو تم ہی اسے سمجھاؤ۔۔۔میں نہیں چاہتا کہ اعظم کے آنے کے بعد کوئی بدمزگی ہو "وہ" کہتے خود بھی نکل گئے۔

وہ اسپیڈ سے گاری چلا رہا تھا۔۔۔یا وہ دنیا کو ختم کرنا چاہتا تھا یا خود کو۔۔۔۔

یعنی وہ اب اپنے بڑے بھائی کے لیے اپنے بیوی سے دستبردار ہو جائے۔

تمہارا بھائی مجھے پسند ہے۔۔۔"ماضی کی بھولی بھٹکی یاد اس کے زہن کے پردے پر"
لہرائی جہاں فرشتے ازلان کو کہہ رہی تھی۔

اچھا !وہ سنجیدہ تھا۔۔۔۔بے حد۔۔۔۔میں چلتا ہوں۔۔وہ تب بھی تو کنارہ کر لیتا تھا جب
فرشتے حیدرا عظم اظہر کی بات کرتی تھی۔

وہ وہاں گاڑی روکتا ہارن پر ہاتھ رکھتا اٹھانا بھول گیا تو وہ جو تیار بیٹھی تھی فوراً سے پہلے
باہر نکل آئی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

بوا بھی آئیں تھی اس سے ملنے۔۔۔۔

بوا آپ واپس چلی جائیں۔۔۔میں آپ سے ملنے آؤں گا۔۔۔"وہ بس اتنا ہی کہہ پایا فرشتے"
کے سامان رکھنے کے لیے بھی وہ گاڑی سے نہیں اترا تھا۔

وہ بیٹھ گئی تو وہ گاڑی پھر سے بھگا لے گیا۔

URDU NOVEL BANK

آہستہ چلائیں ازلان---"فرشتے نے اسے دیکھتے کہا۔"

مر تو نہیں جاؤ گی تم؟ "وہ پھنکارا تو فرشتے دنگ رہ گئی اس کے انداز پر، اس کے" لفظوں کے چناؤ پر۔

"امم---ہم کہاں جا رہے ہیں؟"

بس جہاں میں تم سے جواب طلب کر سکوں "!وہ گاڑی کی اسپیڈ مزید بڑھاتے خطرناک" تیور لیے کسی بلڈنگ کے سامنے رکا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"یہ---؟"

فرشتے جو ڈری بیٹھی تھی اس کے اشارے پر نیچے اتر گئی تو وہ اس کا ہاتھ اپنے فولادی ہاتھ میں تھامتا اسے اپنے ساتھ لیتا لفٹ میں گیا اور ایک فلیٹ کے سامنے رکتا چابی سے دروازہ کھولتا اندر داخل ہوا اور اسے اندر کرتے دروازہ جھٹکے سے لاک کیا۔

"ازلان-----"

ازلان نے سارے فلیٹ کی لائٹس چلا دیں۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

یہ اس نے ابھی کچھ دیر پہلے ہی اپنے پیسوں سے خریدا تھا۔۔۔۔یہ جگہ اسکی واحد ملکیت تھی جہاں وہ اپنا حق سمجھتا تھا۔

یہ۔۔۔۔

اعظم اظہر تمہیں اب بھی پسند ہے؟ "وہ اس کی طرف قدم بڑھاتا چیختے اسے سوال" کرنے لگا۔

فرشتے حیدر کا روم روم کانپ رہا تھا۔

وہ کیا کہتی اس شخص کو۔۔۔۔

"ازلان۔۔۔۔"

جواب دو۔۔۔۔وہ چیخا۔۔۔۔

"مجھ سے ایسے بات۔۔۔"

وہ سہمتی نگاہیں نم کرتے اسے دیکھنے لگی۔

"رونا کیوں آرہا ہے تمہیں۔۔۔اظہار کرو اگر وہ تمہیں پسند ہے تو۔۔۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

"نہیں۔۔۔۔"

کیا نہیں؟ "وہ اس کے قریب آتا بالکل انچ کا بھی فاصلہ مٹا چکا تھا۔۔۔وہ اپنے ہوش میں نہیں تھا شاید۔۔

ازلان۔۔۔۔ہوش میں آئیں۔۔۔فرشتے نے اسے خود سے دور کرنے کے لیے اس کے سینے پر ہاتھ رکھے اور اسے پیچھے کی طرف دھکیلنا چاہا۔

"کیا ہوا میری قربت کیوں بُری لگی تمہیں؟ میں تو شوہر ہوں تمہارا۔۔۔۔"

ازلان میں اس لیے نہیں آئی یہاں۔۔۔"وہ اب رونے لگی تھی۔"

ازلان اظہر نے اسے دیکھا۔۔۔پھر اسے کمرے میں لے جاتے اپنے سامنے کھڑا کیا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"مجھ سے محبت ہے؟"

وہ اسے دیکھتا پوچھنے لگا جو روتی اپنے ہاتھ پر اس کے نشانوں کو دیکھ رہی تھی۔

"سے اِٹ۔۔۔۔مجھ سے محبت ہے؟"

"نہیں۔۔۔۔"

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

"نہیں ہے محبت---"

وہ اس کے اس جلاد روپ کو دیکھتی پھٹ پڑی---اور روتے اسے دیکھنے لگی جو اب سنجیدگی سے اسے تک رہا تھا۔

اووو---تو مطلب تمہیں بھی ازلان اظہر نہیں چاہیے---طلاق چاہیے تمہیں مجھ سے؟"

"ہے نا؟

فرشتے نے سسکیاں بھرتے اسے دیکھا---وہ رات والا ازلان اظہر تو بالکل نہ تھا-----محبت کرنے کا موقع کیا اسے دیا تھا اب تک ازلان اظہر نے---؟ وہ خود سے سوال کرنے لگی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ازلان---مجھے واپس جانا ہے؟ "وہ سنجیدگی سے آنسو صاف کرتی بولی۔"

"!ٹھیک ہے"

وہ قدم بڑھاتا اس کی طرف آیا پھر اسے کھینچ کر دیوار کے ساتھ لگایا اور اس پر جھکا تو وہ خوف سے آنکھیں میچ گئی۔

URDU NOVEL BANK

فرشتے ازلان اظہر اب اگر تم مر بھی رہی ہوئی تو ازلان اظہر کبھی نہیں آئے گا تمہارے" بلانے پر بھی نہیں ۔۔۔ہمارا تعلق بس یہیں تک کا تھا۔۔۔۔ازلان اظہر نے سالوں تم سے محبت میں گزارے ہیں اسے چاہ کر بھی میں نفرت میں نہیں بدل سکتا لیکن ہاں تم اب میری پسند نہیں رہی۔۔۔میری پسندیدگی تم سے ختم ہوئی آج اب میری ناپسندیدگی اور گریز دیکھو گی تم اپنی زات کے لیے بس۔۔ازلان اظہر کی پسند ختم ہوئی آج فرشتے ازلان "اظہر سے۔

وہ اس کے کان کے پاس زہر خند لہجے میں بولا اور اس پر سے ہٹتا اس کا ہاتھ تھامتا گاڑی میں بٹھا کر اسے واپس وہیں چھوڑا جہاں سے لیا تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

مجھے آپ کی آفر قبول ہے سر۔۔۔۔لیکن مجھے آج ہی اپنی ٹکٹ چاہیے "!وہ بولا۔"

اس کے سینئیر چاہتے تھے وہ وہاں جا کر جانچ پڑتال کے بعد آرٹیکل لکھے اور لوگوں کی حقیقتوں کو سامنے لائے اس نے اپنے لیے فیصلہ کر لیا تھا۔
شام کے سات وہ گھر میں داخل ہوا اپنی ماں کے کمرے میں گیا جہاں وہ سو رہی تھی۔

URDU NOVEL BANK

ان کے ماتھے کو چومتا اپنا سامان لیتا دوبارہ نکل گیا تو اس گھر کو مڑ کر نہ دیکھا۔

رات کے گیارہ وہ اس شہر تو کیا ملک سے ہی چلا گیا تھا کبھی واپس نہ آنے کا عزم لیے۔
"ازلان اظہر اور فرشتے ازلان اظہر کی کہانی کا ختتام شاید یوں ہی لکھا تھا۔"

کچھ ہی دیر میں وہ سو گئی تھی۔۔۔کیونکہ ساری رات وہ سو نہیں سکی تھی۔
شایان نے اس کی سیٹ کو پیچھے کی طرف کیا اور گاڑی تیزی سے چلاتے وہ کتنے کی گھنٹے ڈرائیو کرتا رہا تھا اور وہ اب تک نہ اٹھی تھی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"کونین؟ اٹھو ہم پہنچ گئے ہیں۔"
کونین نے اٹھتے دیکھا وہ کسی ہوٹل کی پارکنگ تھی۔

"کیا ہم یہاں رکیں گے؟"

URDU NOVEL BANK

نہیں مجھے فائل لینی ہے ایک یہاں سے۔۔۔۔میں آتا ہوں "وہ کہتا چلا گیا تو وہ بھی"
باہر نکل گئی کمر تھک گئی تھی مسلسل بیٹھے رہنے سے۔
پارکنگ کے دوسری طرف ہی باغ تھا چھوٹا سا جہاں بچے کھیل رہے تھے۔

وہ قدم بڑھاتی باغ کے داخلی دروازے پر کھڑی ہو گئی۔
اور بچوں کو کھیلتا دیکھنے لگی۔
سُنیں؟ "ایک خوبصورت آواز نے اسے اپنی طرف متوجہ کیا۔"
وہ پیچھے مڑی تو وہ کوئی چوبیس پچیس سالہ خوبصورت نوجوان تھا جو اس سے مخاطب تھا۔
"جی؟"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"آپ کی چادر!"
اس نے جھکتے اس کی چادر کا پلو کیچڑ سے اٹھایا اور اپنے ہاتھ سے صاف کرنے لگا۔
کونین نے اس کے چہرے کو دیکھا کتنا پُرسکون تھا اس کا چہرہ، اس کی زات اُسے سمندر کے خاموشی سے بہتے پانی کی طرح لگی وہ فوراً سے نگاہیں ہٹا گئی۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

لیکن اس کے ہاتھ دیکھے جو اب گندے ہو گئے تھے اس کی چادر پر لگے کیچڑ سے۔

شکریہ "!وہ اتنا ہی بول پائی۔"

آئیندہ دھیان رکھیے گا "!وہ پھر سے بولتا کونین کو متوجہ کر گیا۔"

کیا کوئی مرد اتنے پُرسکون بھی ہوتے ہیں وہ آگے بڑھ گئی اور باغ میں موجود بینچ پر بیٹھ گئی۔

وہ باغ کے ایک کنارے پر بیٹھا تھا اس کے قریب اب بچے اکٹھے ہو رہے تھے کیونکہ عصر کا وقت ہو رہا تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"فارس بھائی تلاوت نہیں سنائیں گے آج؟"

کسی بچے نے کہا تو وہ مسکرا دیا شاید وہ یہاں رہتا تھا یا آتا جاتا رہتا تھا اسی لیے بچے اس سے مانوس تھے۔

پھر سورۃ یٰسین کی تلاوت کرنے لگا۔۔۔کونین کی نگاہیں اس شخص کے چہرے پر چپک گئیں۔

URDU NOVEL BANK

اس کی آواز۔۔۔اپنی زندگی میں وہ پہلی بار کسی مرد سے متاثر ہوئی تھی وہ ٹکٹکی باندھے اسے دیکھ رہی تھی۔

سب بچے بھاگ گئے تو اس شخص نے خود کو نظروں کے حصار میں محسوس کرتے سامنے دیکھا جہاں کونین اسے ہی دیکھ رہی تھی۔

وہ قدم بڑھاتی اس کی طرف آئی۔

آپ کی آواز بے حد خوبصورت ہے "!وہ کہہ گئی اور قدم باہر کی جانب اٹھائے۔"

کونین؟؟ "وہ شخص بولا تو وہ جھٹکے سے واپس مڑی۔"

"آپ مجھے کیسے جانتے ہیں؟"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

آپ کے بابا کو میں ہی کلینک میں دیکھ رہا تھا میرے بابا کے ساتھ۔۔۔۔انھوں نے "آپ کی تصویر دکھائی تھی ایک روز بابا کو تب میں نے بھی آپ کو دیکھا تھا۔"

اووو!

"خاور انکل کیسے ہیں؟"

ٹھیک ہیں ہسپتال میں داخل کروا دیا ہے اب وہ بہت بہتر ہیں پوچھنے کا شکریہ "وہ مسکرا دی۔

شایان جو کھڑکی کے پاس کھڑا فائلز کا انتظار کر رہا تھا اس کی نظر باغ میں موجود اس منظر پر پڑی تھی۔

پھر کونین کے قدم اس شخص کی طرف اور اب اس کو مسکراتے دیکھ اس کے پورے جسم میں انگارے لوٹنے لگے۔

وہ بنا فائیل لیے ہی لفٹ سے تیزی سے نیچے آیا تھا۔

visit for more novelist
www.urdunovelbank.com

تب وہ گاڑی میں جا کر بیٹھ چکی تھی۔

شایان نے اسے جھٹکے سے کھینچتے باہر نکالیا۔

کیا کر رہے ہیں؟ "وہ سہمی۔"

"وہ کون تھا؟"

"آپ مجھ پر شک کر رہے ہیں؟"

وہ بے یقین نہیں تھی شاید شایان عثمانی سے وہ ایسی ہی امید کر سکتی تھی۔

"بتاؤ!"

کیوں بتاؤں میں آپ کو؟ اگر آپ مجھ پر شک کر رہے ہیں تو شک ہی سہی۔۔۔۔۔۔"وہ نگاہیں پھیرتی بولی۔

وہ اس کا ہاتھ تھامتا اندر لایا وہ کچھ نہیں بولی تھی۔۔۔

ایک کمرہ فوراً لیا تھا اس نے۔۔۔ فائل تو اب وہ لے ہی لیتا۔۔۔آرام کرنے کا وہ پہلے ہی سوچ چکا تھا لیکن کونین خاور سے باز پرس ضروری لگا تھا اسے۔

Visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اب بتاؤ۔

"کیا بتاؤں؟"

شایان نے آگے بڑھتے اس کی چادر اتاری تو کونین نے اسے جھٹکے سے سر اٹھتے دیکھا۔

URDU NOVEL BANK

"چادر بدلو اپنی۔۔۔اس کی ہمت کیسے ہوئی تمہارے چادر کو چھونے کی۔۔۔"

یہ حق صرف شایان عثمانی رکھتا ہے وہ نہیں کہہ پایا۔۔۔"وہ اس پر شک نہیں کر رہا تھا نہ کر سکتا تھا اس کی زات کو اتنا تو جان گیا تھا لیکن کسی کی طرف اُس کے بڑھتے قدم اسے ناگوار گزرے تھے۔

کونین نے اسے دیکھا جیسے کہہ رہی ہو کہ کیا اس کے علاؤہ کوئی چادر اس کے پاس ہے؟

اس کا بیگ گاڑی میں تھا۔

شایان نے اپنی چادر اپنے کندھوں سے اتاری اور اس کے سر پر رکھی۔

پھر اسے دیکھنے لگا۔۔۔وہ دونوں ایک دوسرے کو دیکھ رہے تھے۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

تم نے اس کی طرف قدم کیوں بڑھائے؟ شایان نے اس کے نزدیک ہوتے پوچھا۔

"آپ کو بُرا لگا؟"

!میرے سوال کا جواب دو کونین شایان عثمانی

وہ دھاڑا تو کونین نے اسے دیکھا جو انجانے میں اس کے نام کے آگے اپنا نام جوڑ گیا تھا۔

URDU NOVEL BANK

اس کی آواز کافی پرسکون تھی وہ خوبصورت تلاوت کر رہا تھا بس میں نے تعریف کر" دی۔۔۔"کونین نے گہرا سانس بھرتے اسے بتایا۔

میں سیکھ کر تمہیں سناؤں گا۔۔۔"وہ یک دم فیصلہ کر گیا کہ اسے تلاوت کرنا سیکھنا تھا" جلد از جلد۔

لیکن آئندہ تم نے کسی کی طرف یوں پیش قدمی کی تو تمہیں جان سے مار دوں گا"وہ " نجانے کیوں لیکن آپے سے باہر ہو رہا تھا۔

"کیا میں نے آپ کو آپ کی آفس کی لڑکیوں سے دور رہنے کا کبھی کہا ہے؟"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

تم کہہ بھی نہیں سکتی "!وہ دور ہوا تو کونین قدم اٹھاتی اس کی طرف آئی۔"

کیوں؟ کیا مجھے ناگوار نہیں گزر سکتی آپ کی پیش قدمی؟ "وہ اس سے سوال کر رہی" تھی۔۔۔۔شایان عثمانی لاجواب ہوا۔

اس سوال کی طلبی پھر کبھی کرنا۔۔۔وہ ٹال گیا تھا اسے

URDU NOVEL BANK

فریش ہو جاؤ میں کھانا منگوا رہا ہوں "وہ کہتا باہر نکل گیا تو استہزایہ سی مسکراہٹ اس" کے لبوں پر پھیل گئی۔

دونوں کے جذبات بدل رہے تھے لیکن دونوں میں سے جھکنے کو تیار کوئی بھی نہیں تھا۔ کہنے کو بہت کچھ تھا لیکن مناسب لفظ نہیں تھے کہنے کو ان کے پاس۔۔۔۔اس نے لاشعوری طور پر شایان عثمانی کو اپنا شوہر بچپن سے مان لیا تھا۔

کبھی کہنے کو بہت کچھ ہوتا ہے مگر کوئی سننے والا نہیں ہوتا کبھی سننے والے ہزار ہوتے" ہیں پر ہمارے پاس کہنے کو کچھ نہیں ہوتا کبھی ہمارے پاس لفظوں کا مجموعہ ہوتا ہے اور کبھی تلاشنے پر بھی الفاظ نہیں ملتے کبھی ہماری بات کے ہر لفظ کا کوئی مفہوم ہوتا ہے اور کبھی کسی گفتگو کا کوئی جواز ہی نہیں ہوتا کبھی احساسات دل پر حاوی ہو جاتے ہیں اور کبھی دل ہر احساس سے عاری ہوتا ہے کبھی لگتا ہے زندگی رنگوں سے بھرپور ہے اور کبھی ہر رنگ ہی پھیکا لگنے لگتا ہے کبھی انسانوں میں ہزار خوبیاں دکھنے لگتی ہیں اور کبھی ہر شخص ہی بیکار لگتا ہے کبھی لگتا ہے مسکراہٹ لبوں سے جدا ہی نہیں ہو گی اور کبھی

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

لگتا ہے مسکراہٹ کے لیے وجوہات کو ڈھونڈنا پڑتا ہے کبھی لگتا ہے مجھ سے زیادہ کوئی مطمئن ہی نہیں اور کبھی لگتا ہے افسردگی بنی ہی میرے لیے ہے۔"

وہ مسکراتی وہیں بیٹھ گئی۔

کھانا کھاتے ان دونوں میں کوئی بات نہیں ہوئی تھی وہ کھانا کھا کر لیٹ گیا تو وہ وہیں کھڑکی سے باہر دیکھنے لگی۔

شایان عثمانی اسے کتنی ہی دیر دیکھتا رہا پھر نیند کی وادیوں میں کھو گیا۔

وہ جب بور ہونے لگی تو باہر نکل گئی۔۔۔۔کسی کی شادی تھی اس ہوٹل میں وہ وہیں صوفے پر بیٹھتے لوگوں کو دیکھنے لگی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اسے وہاں بیٹھے کافی وقت ہو گیا تو اس نے اپنے سامنے صوفے پر پڑی میگزین اٹھا لی اور اس کی ورق گردانی کرنے لگی۔

"یہ چادر بھی اچھی ہے"!وہی لڑکا وہاں سے گزرا اس کو دیکھتا اس کے پاس آتے بولا۔"

شکریہ!اب کی بار کونین نے اسے دیکھا بھی نہیں تھا۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

شایان عثمانی کو پسند نہیں آیا تھا اس کے دل نے کہا تو وہ فوراً دل کو ڈپٹنے لگی۔

"جی کیونکہ یہ میری چادر ہے اور میری بیوی پر میری چیزیں کافی اچھی لگتی ہیں"

شایان نے کہتے قدم کونین کی طرف بڑھائے جو اسے ہی دیکھ رہی تھی کہ وہ کیسے ہر اس وقت پر آجاتا تھا جب وہ کسی اور کے ساتھ ہوتی تھی۔

"!چلیں بیوی ہمیں نکلنا ہے"

وہ اسے بولا تو کونین اس شخص کو دیکھتی جو اب حیرت سے انہیں دیکھ رہا تھا شایان کے پیچھے کمرے میں آئی۔

"چلو ہمیں نکلنا ہے؟"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"یہ کیا کہا آپ نے اُسے؟ اگر بابا کو پتا چل گیا تو؟"

"!تو؟ میں تمہارا "محرم رشتہ "ہوں"

کیا اس سے پہلے کسی سال میں آپ کو اپنے محرم رشتے کا خیال نہیں آیا؟ "وہ اس کے سامنے آتی بول گئی۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

"نہیں !لیکن مجھے افسوس ہے اس بات کا۔"

آپ کو ایسا نہیں کہنا چاہیے تھا اور میں نہیں چاہتی آپ دوبارہ مجھے کسی کے سامنے اپنی"

"بیوی-----

شایان عثمانی نے اسے بازو سے پکڑتے اپنے قریب کیا وہ سمجھ بوجھ سے کالج کی طالب علم کہیں سے نہیں لگتی تھی شاید حالات نے اسے کافی سمجھدار کر دیا تھا۔

کیوں نہ کہوں میں تمہیں بیوی؟ "وہ اس پر جھکا تھا۔"

کونین کو اس کی خوشبو اپنے حواسوں پر چھاتی محسوس ہوئی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"شایان---"

!میں سُن رہا ہوں "!وہ اس پر مزید جھکا"

"میں صرف آپ کے ہاں کام----بابا کے---"

مجھے یہ رشتہ نبھانا ہے "!شایان عثمانی کہتا اس پر جھکا اور اس کی آنکھوں کو چوم گیا۔"

کونین نے بے یقینی سے اسے دیکھا جو اسے ہی دیکھ رہا تھا۔

!اسے لگا اس نے غلط سنا ہے

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

لیکن۔۔۔

میری بیوی ہو تم۔۔۔اور شایان عثمانی اپنی بیوی سے نبھا چاہتا ہے "وہ پھر سے جھکا"

اور اس کے دائیں گال کو چوما۔

کونین کا سانس پھولنے لگا کیا یہ کوئی خواب تھا۔

کیا وہ اس کے ساتھ کوئی گیم کھیل رہا تھا؟ اتنی جلدی محبت کیسے ممکن تھی؟

وہ نہیں جانتی تھی کہ محبتوں کے الہام ہونے میں تو پلک جھپکنے تک کا وقت درکار ہوتا ہے محض!

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کیا آپ کو مجھ سے محبت ہو گئی ہے؟ "وہ تیزی سے بولی۔"

اس کے نزدیک شاید محبت ہونا سب کچھ تھا۔

لیکن شایان عثمانی کے نزدیک لگاؤ اور کسی کی تڑپ لگ جانا سب کچھ تھا۔

نہیں "!جواب بھی اتنی تیزی سے آیا تھا۔"

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

بس جو میرا ہے وہ میرا ہی رہے گا ہمیشہ۔۔۔میں اپنی چیزوں سے دستبردار نہیں ہوتا" "کبھی۔۔۔تم پر بس میرا حق ہے یہ بات جان لو۔۔۔

کونین بہت کچھ اس سے پوچھنا چاہتی تھی بہت کچھ کہنا چاہتی تھی لیکن اس وقت اسے سب بے معنی لگا۔

"مجھے بھوک۔۔۔"

تم نے ابھی کھانا کھایا ہے"!اس کی چادر کو ماتھے پر کھینچتا وہ اسے بتا رہا تھا۔"

"مجھے سانس۔۔۔"

"تمہاری دھڑکنوں کی آواز میں یہاں تک سُن سکتا ہوں اس لیے یہ سب بے معنی ہے۔"

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

"نہیں یہ حقیقت نہیں ہے یہ کوئی گیم ہے۔۔۔۔آپ سب کی گیم؟"

وہ اسے دھکا دیتی بولی تو وہ خوبصورت سحر لمحوں میں ٹوٹا جو شایان عثمانی کو ناگوار گزرا تھا۔

شایان عثمانی ایسی چھوٹی حرکتیں نہیں کرتا۔۔۔اور آئندہ مجھے یوں جھٹکنا نہیں "وہ اسے" باور کرواتا بولا۔

"!آپ مجھ پر حکمرانی نہیں کر سکتے"

وہ نم آنکھوں سے بولی اسے سمجھ نہیں آرہا تھا کہ کیا ہو رہا ہے۔

"!میں کر سکتا ہوں اور میں کروں گا"

وہ مسکرایا پھر اس کے کندھے پر جھکا تو وہ سانس روک گئی وہ کئی لمحے اپنے لب اس کے کندھے پر جمائے کھڑا رہا۔

".میری عزت ہو تم---اور عزت سے بڑھ کر شایان عثمانی کو تو اپنا آپ بھی نہیں"

وہ کہتا پیچھے ہٹ گیا تو وہ اپنی سانسوں کی رفتار کو مدھم کرنے کی جستجو میں لگ گئی۔

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

بس آپ میری عزت کی حفاظت کر لیں تو کونین خاور آپ کی-----"وہ دل میں بولی"

اس کے سامنے بولنے کی پوزیشن میں نہیں تھی وہ۔

شایان اپنی فائل اٹھاتا سامان سمیٹتا اس کا ہاتھ تھامتا باہر نکل گیا۔

وہ بھی کٹی ڈور کی مانند اس کے ساتھ گھسیٹتی چلی جا رہی تھی۔

URDU NOVEL BANK

شاید قسمت کے حال پر چھوڑ دیا تھا اس کے نازک دل نے اسے۔۔۔اب فیصلہ قسمت کے ہاتھوں تھا اسے کسی قیمتی موتی کی طرح محفوظ کیا جاتا یا رسوائی اس کا مقدر بنتی۔

فرشتے نے اپنے کمرے میں قدم رکھا اور بستر پر لیٹتے پھوٹ پھوٹ کر رو دی۔

بوا جو اپنا سامان سمیٹ رہیں تھی اس کے یوں واپس آتے ٹھہر گیئں اور اس کے پیچھے اندر داخل ہوئیں۔

"!کیا ہوا فرشتے؟ گڑیا۔۔اٹھو بتاؤ"

لیکن وہ مسلسل رو رہی تھی۔۔۔وہ حیران ہوئی کہ وہ جاتے وقت بے حد خوش تھی اور اب۔

Visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"بوا انہو۔۔۔انہوں۔۔۔نے۔۔۔مجھ۔۔۔مجھے۔۔۔"

کیا ہوا؟ ازلان کو فون کروں"؟ انہوں نے اسے اٹھا کر سیدھا بٹھایا۔"

انہوں نے مجھے۔۔۔چھوڑ۔۔۔دیا ہے۔۔۔"وہ سسکیاں بھرتے بولی۔"

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

"ایسے کیسے چھوڑ دیا ہے؟ میں بات---"

نہیں---انہوں نے کہا ہے اب وہ مجھے فرشتے کو کبھی بھی پسند نہیں کریں گے "وہ"

ہچکیاں لیتی انہیں سب بتانے لگی۔

بوا نے اسے سلاتے ازلان کا نمبر ملایا جو بند جا رہا تھا۔

افففف خدایا !وہ بے حد پریشان تھی---

وہ رات تک وہیں اس کے ساتھ بیٹھی رہیں تھی جسے اب بخار ہو گیا تھا۔

انہوں نے بمشکل رات گزاری اور صبح ازلان کا نمبر ملایا بیل جا رہی تھی لیکن جواب

موصول نہیں ہوا تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ پریشان ہو گئی---ایسا تو کبھی نہیں ہوا تھا کہ ازلان نے ان کی کال نہ اٹھائی ہو۔

وہ اس کے کمرے میں گئی جہاں وہ اب تک سو رہی تھی تو وہ واپس آگئیں۔

ان کا فون بج رہا تھا جس پر ازلان نہیں---اعظم اظہر کا نام چمک رہا تھا۔

"اسلام علیکم بوا؟"

URDU NOVEL BANK

"وعلیکم السلام؟"

"بوا فرشتے کہاں ہے؟"

سو رہی ہے "وہ الجھی ہوئیں سی بولیں۔"

میں کل واپس آرہا ہوں لیکن آپ کسی کو مت بتائے گا۔۔۔میں اسے سرپرائز دینا" چاہتا ہوں "وہ نجانے کیا کیا بول رہا تھا اور وہ بس ہوں ہاں میں جواب دے رہی تھیں۔

اس کی کال کٹتے ہی انہوں نے دوبارہ ازلان کا نمبر ملایا کال اٹھا لی گئی تھی لیکن وہ بولا کچھ نہیں۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"ازلان؟"

جی بوا؟

کیسے ہو؟

ٹھیک ہوں!

"کیا ہوا ایسا۔۔۔فرشتے کیوں رو رہی تھی کل؟"

URDU NOVEL BANK

وہ جانتی تھی لیکن اس سے استفسار کرنا بہتر جانا انھوں نے۔

کیا ضروری ہے ہم فرشتے کے بارے میں ہی بات کریں؟ "وہ بولا تو وہ دنگ رہ گئیں۔"

آج وہ فرشتے حیدر کی زات کے بارے میں بات کرنے سے انکاری تھا۔۔۔وہ ازلان اظہر جس کی زندگی کے کئی برسوں کا موضوع فرشتے حیدر رہی تھی۔

"کیا تم نے اسے چھوڑ دیا ہے؟"

ابوا!

"اعظم کل واپس آرہا ہے۔۔۔۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

خاموشی چھا گئی۔۔۔۔لمبا دورانیہ۔۔۔وہ خاموش ہو گیا تھا۔

"تم کہاں ہو واپس آؤ۔۔۔اس سے بات کرو اسے بخار۔۔۔۔"

"ابوا! میں اس وقت ملک سے باہر ہوں۔۔۔میں کینیڈا میں ہوں اس وقت"

ازلان پتر تیرا دماغ خراب ہے۔۔۔چھوٹی سی بحث پر تو ملک چھوڑ گیا؟ "حیرت ہی حیرت" تھی۔

بوا بات چھوٹی نہیں تھی۔۔۔میں نے اس لڑکی کو اپنی زندگی کے سالوں دیے ہیں اور" پتا ہے ان سالوں میں بھی میں اعظم بھائی کے جانے کا جو خلا تھا وہ پُر نہیں کر پایا۔۔۔میری قسمت میں ہمیشہ دوسرا نمبر آیا ہے۔۔۔میں نے ہر بار یہ کڑوا گھونٹ پیا ہے لیکن وہ لڑکی جو میرے نکاح میں ہے اگر مجھ پر کسی کو فوقیت دے تو یہ بات میری عزتِ نفس کو گوارہ نہیں۔۔۔میں نے اس سے اپنے سالوں کا حساب مانگا تو وہ کہیں کی نہیں رہے گی لیکن ایسا نہیں کر سکتا میں۔۔۔اس سے محبت میں نے اپنی نوعمری میں "کی تھی جب مجھے شاید محبت لفظ کا مطلب بھی نہیں پتا تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"ازلان پتر واپس آ۔۔۔سب سنبھال لے۔۔۔وہ اپنا لے گی تجھے۔۔"

نہیں بوا۔۔۔۔اس نے مجھے نہیں اپنایا اسے مجھ سے محبت نہیں۔۔۔۔"

"اسے ہمیشہ سے اعظم اظہر چاہیے تھا۔

اور تو اعظم اظہر کو اپنی بیوی دے رہا ہے؟ "وہ بھڑکیں۔"

URDU NOVEL BANK

نہیں !ہرگز نہیں اپنی بیوی سے تو میں مر کر بھی دستبردار نہیں ہوں گا۔۔۔اسے تو"
"قبر میں جانے تک اس رشتے سے آزاد نہ کروں میں۔۔۔
"!تو پھر؟ کیوں چھوڑ گئے ہو"
دور آگیا ہوں کہ کہیں مجھے مجبور نہ کیا جائے کہ مجھے اس سے دستبرداری اختیار کرنی"
"پڑے۔
"تم اپنے باپ اور بھائی سے۔۔۔۔"
!نہیں

"مجھے صرف اس لڑکی سے ڈر لگتا ہے اگر اس نے مجھ سے علیحدگی کا مطالبہ کر دیا تو؟"
Visit for more novels: www.urdunovelbank.com
"میں تو جیتے جی یوں ہی مارا جاؤں گا۔"

لیکن اسے میں تب تک میسر نہیں آؤں گا جب تک میری طلب اس کے جسم میں پور"
پور سرایت نہ کر جائے۔۔۔اس کی تڑپ میری سالوں کی بے چینی کو دور نہ کر دے۔
"میں دیکھتا ہوں اب اعظم اظہر کے سامنے رہتے وہ ازلان اظہر کو یاد کرتی ہے یا نہیں؟

URDU NOVEL BANK

"اور اگر وہ دونوں؟"

"پھر تو اس کی آزادی اور ایک محبوب کی موت تو دنیا دیکھے گی اور یاد رکھے گی۔"

خاموشی چھا گئی۔

اسے بخار ہے دوا دیں اسے! مجھے کوشش کریں کم سے کم فون کریں "وہ کہتا کال کاٹ گیا۔

بوا نے ان دونوں کے حال پر رحم کھانے کی اپیل کی تھی خدا کے نزدیک۔

انہیں ازلان پر ترس آیا جس نے سالوں یوں ہی فرشتے کے پیچھے گزار دیے تھے اور اگر اسکے بعد بھی وہ اعظم اظہر کو چنتی تو انہیں لگا کہ فرشتے حیدر سے زیادہ کوئی ہمدردی طلب اور بدنصیب نہ ہو گا یہاں۔

اب سارے فیصلوں کا دارومدار فرشتے کے ہاتھوں میں تھا۔

اس کی بچپن میں کی جانے والا پسندیدہ شخص یا وہ جس نے اسے تحفظ فراہم کرتے "نکاح میں لیا تھا۔

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

فیصلہ بہت جلد ہو جانا تھا۔

شایان اسے لے کر وہاں سے نکل گیا تھا۔

"ہم کہاں جا رہے ہیں؟"

وہ واپس سے گاڑی کو انجان سڑکوں پر دیکھ استسفار کرنے لگی۔

"کشمیر!"

لیکن ہم تو۔۔۔۔"اس نے کہنا چاہا۔"

مجھے میٹنگ اٹینڈ کرنی ہے یہاں "!شایان نے اسے بنا دیکھے کہا شاید وہ بھی نہیں" سمجھ پایا تھا اپنے احساسات کو یا ان لمحات کو جو کچھ دیر پہلے ہوئے تھے۔

شایان؟ "کونین نے کچھ کہنا چاہا۔"

خاموش رہو "!سنجیدگی ہی سنجیدگی تھی۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

کونین خاور کی ہمت نہ ہوئی اسے دوبارہ مخاطب کرنے کی اس لیے خاموش رہی پھر اس نے جاگی سوئی کیفیت میں گھنٹوں کا سفر کیا تھا۔

کئی جگہ پر رُکے تھے گاڑی بدلی تھی لیکن وہ زیادہ راستہ سوتی آئی تھی۔

اس خوبصورت مگر چھوٹے سے گھر کے آگے رُکتے اس نے شایان کو دیکھا جو گاڑی سے اترتا سامان اتار رہا تھا۔

وہ بھی اس کے پیچھے ہی گاڑی سے اتر آئی دوپہر کے تین بج رہے تھے لیکن یہاں بے حد ٹھنڈ تھی جو اسے کپکپانے پر مجبور کر گئی تھی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"!اندر جاؤ بیوقوف لڑکی"

اسے وہیں جم کر کانپتے کھڑے دیکھ وہ دھاڑا تو وہ فوراً سے اس کے ہاتھ سے چابی لیتی اندر چلی گئی کیونکہ وہیں کھڑی رہتی تو شاید جم جاتی۔

وہ سامان اندر لایا جہاں وہ کچن میں چولہے کو جلائے ہاتھ سینک رہی تھی۔

URDU NOVEL BANK

شایان نے آگے بڑھتے اپنا بیگ کھولا اپنی جیکٹ نکالی کیونکہ وہ اسلام آباد سے اسے واپس ڈرائیور کے ہاتھ بھیجنے کے بعد خود کشمیر جانے کا ارادہ رکھتا تھا لیکن نجانے کیوں اسے ساتھ ہی لے آیا تھا۔

اسے پہنو "!اسے کانپتے دیکھ اس کے آگے جیکٹ کی۔"

نہیں ہم ٹھیک ہیں۔۔۔کونین نے جھجکتے کہا لیکن اگلے لمحے سانس روک گئی۔

وہ اسے کھینچ کر اپنے سامنے کھڑے کرتے اپنی جیکٹ اسے پہنا رہا تھا۔

"کونین خاور ایک بات جان لو کہ میری باتوں کے خلاف نہیں جانا تمہیں آئیندہ۔"

اور اگر میں ایسا پھر بھی کروں تو؟ "وہ سر اٹھاتے اس سے سوال پوچھ گئی۔"

Visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

تو اس کی سزا لازماً ملے گی تمہیں "وہ اس کے ہاتھ اپنے ہاتھوں میں تھام گیا جو اب" بھی ٹھنڈے تھے۔

کونین کا سانس سوکھا۔۔۔۔یہ سب کیا تھا۔۔۔

URDU NOVEL BANK

پل میں تو محبتیں نہیں ہوتی تھیں---وہ کیا کر رہا تھا---یہ کھیل ہی تھا ہاں---وہ خاموشی سے شایان عثمانی کو دیکھتی رہی جس کا سارا دھیان اس کے ہاتھوں پر تھا۔

شایان عثمانی اگر آپ نے ہمیں دھوکا دیا تو اپنے نکاح کے رشتے کا بھی پاس نہیں رکھیں گے ہم۔

"ہمیں یہاں کتنے دن رہنا ہے؟"

"!!!ہفتہ----"

شایان نے اسے بتایا پھر اس کے ہاتھ چھوڑ گیا۔

"لیکن اتنے دن---بابا---"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ ٹھیک ہیں اس سے زیادہ کچھ مزید مت پوچھنا میں بے حد تھک چکا ہوں آرام کروں گا---"

وہ یہاں آنے سے پہلے صاف ستھرائی اور سارا سامان منگوا چکا تھا اس لیے کوئی دِقت محسوس نہ ہوئی تھی انہیں۔

URDU NOVEL BANK

کونین اس کے جانے کے بعد وہیں کھڑی رہی پھر کمرے دیکھنے لگی جو دو ہی تھے کیونکہ وہ چھوٹا سا مگر خوبصورت گھر تھا۔

وہ کھڑکی کے پاس کھڑی ہو گئی۔۔۔اور باہر دیکھنے لگی باہر برف باری شروع ہو گئی تھی اسے اس برف سے خوف آیا جو ہر چیز کو اپنی لپیٹ میں لے رہی تھی۔

کیا ہو رہا ہے؟ کیا انہیں سچ میں ہم پسند۔۔۔۔۔یا یہ دھوکا ہے۔۔۔بابا کی نفرت کا ہم سے بدلہ؟ وہ خود سے سوال کرنے لگی جس کا کوئی جواب نہ تھا اس کے پاس۔

نہیں ہم کسی کا موہرا نہیں بنیں گے۔۔۔وہ کچھ سوچتی اس کے کمرے میں گئی جہاں وہ قیام پزیر تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اندر داخل ہوئی جہاں نیم اندھیرا تھا وہ خاموشی سے کمرے کا جائزہ لیتی آگے بڑھی۔

بیڈ کے ساتھ والے میز پر اس کا فون پڑا تھا۔۔۔ہاں اس کا فون چیک کرنا تھا شاید وہاں اسے کچھ مل جاتا یا اس کے سامان میں لیکن سامان کو بعد کے لیے چھوڑتے اس نے اس کا فون خاموشی سے تھاما۔

URDU NOVEL BANK

شایان کی طرف دیکھا جو چت لیٹا تھا ہاتھ سینے پر رکھے چہرے پر سوئے ہوئے بھی سنجیدگی تھی۔

"نجانے یہ کبھی مسکراتے بھی ہوں گے یا نہیں؟"

اس نے سوچتے جھرجھری لی اور پھر بھاری قدموں سے باہر آگئی۔

باہر آکر اس کے فون کو دیکھا جس پر پاسورڈ تھا۔۔۔اس نے بے حد کوشش کی اس کے نمبر کے آخری بار نمبر بھی ملالئے لیکن ناکام رہی اور فون لاکڈ ہوگیا وہ ڈرتی واپس رکھ آئی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اور باہر آتے پھر سے وہیں کھڑکی کے پاس کھڑی ہو گئی اسے جلد سے جلد پتا لگانا تھا کہ شایان عثمانی اسے دھوکا دے رہا ہے یا سچ میں اسے یہ رشتہ نبھانا ہے۔۔

لیکن اگر یہ سب حقیقت ہوا تو؟

URDU NOVEL BANK

اس کے دل دھڑکا۔۔۔شایان عثمانی کس کا آئیڈیل نہیں ہو سکتا تھا۔۔۔لیکن اس کی سنجیدگی، اس کا سرد پن، اس کا غصہ۔۔۔۔۔وہ کانپ کر رہ گئی۔

وہ کچن میں موجود فریج سے بریڈ جیم لے کر کھا چکی تھی واپس وہیں کرسی پر آکر بیٹھ گئی اور سامنے پڑی کتاب اٹھا کر ورق پلٹنے لگی۔

وہ اتنی محو تھی کہ اس کی موجودگی محسوس نہ کر پائی۔

شایان نے اسے بازو سے پکڑتے اپنے سامنے کھڑا کیا تو وہ ڈر گئی۔

میرا فون چیک کیا تم نے؟ "وہ اس پر جھکا از حد سرد پن سے پوچھ رہا تھا۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"وہ میں۔۔۔۔میں۔۔۔"

کونین سے کوئی جواب نہ بن پایا وہ خوفزدہ ہوئی تھی پل میں۔

شایان۔۔۔اپنے بازو پر اس کے ہاتھ کی سخت گرفت محسوس کرتے وہ سسکی تھی۔

شایان نے فون کا لاک کھولا اور اس کے ہاتھ میں تھمانے سے پہلے ایک نمبر ملایا۔

"!خاور سے بات کرواؤ"

اور فون کونین کے ہاتھ میں تھما دیا اور وہیں کھڑا رہا کونین نے پہلے اسے بے یقینی سے دیکھا پھر اپنے باپ کی آواز سنتے ان کی خیریت دریافت کی اور فون خاموشی سے اسے تھما دیا۔

"اگلی بار مجھ سے کہہ دینا---"

وہ محض سر ہلا گئی۔

وہ اسے غلط سمجھ رہی تھی----

کونین نے اس کی آنکھوں میں دیکھا جو اسے ہی دیکھ رہا تھا دونوں کے دل کے حال نازک تھے۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"کیا کھائیں گے؟"

شایان نے اسے غور سے دیکھا وہ معصومیت کا پیکر تھی کیا وہ سب برداشت کر پاتی جو وہ سوچ بیٹھا تھا؟

URDU NOVEL BANK

کچھ بھی "!شایان نے کہا نظریں اب بھی نہیں ہٹائیں تھی اس کے چہرے سے۔"
وہ سر ہلا کر آگے بڑھتی کہ شایان اسے کھینچ کر اپنے دل کے خلاف جاتے ہوئے اسے اپنے ساتھ جوڑ چکا تھا۔
کونین کو لگا اس کا دل دھڑک کر بند ہو جائے گا وہ سمجھ نہ پائی کہ کیا ہوا ہے سمجھ تو شاید شایان عثمانی بھی نا پایا تھا۔

کونین جھجکتے اس سے دور ہوئی۔
شایان نے اس کے بازو کو سہلایا جہاں پر وہ گرفت سخت کر گیا تھا اس کے لمس کی ٹھنڈک محسوس کرتے کونین کا وجود لرزا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

شایان عثمانی کے فون کی آواز پر ان خوبصورت لمحوں کا ارتکاز ٹوٹا اور وہ یک دم پیچھے ہوا اور پھر کمرے میں چلا گیا تو وہ بھی کچن کی طرف چلی گئی۔

"کیسے ہو میری جان؟"

URDU NOVEL BANK

میں ٹھیک ہوں خالہ جان !آپ کیسی ہیں؟ کوئی پریشانی تو نہیں کسی چیز کی ضرورت تو"

"نہیں؟

"!نہیں میری جان سب ہے"

"!تم بتاؤ کب آرہے ہو اپنی خالہ سے ملنے"

جلد آؤں گا "!وہ خاموش ہوا ان کے بولنے کے انتظار میں تھا اب وہ شاید۔"

تم خاور عثمانی کا ٹریٹمنٹ کروا رہے ہو؟ "وہ سرد سے لہجے میں استسفار کرنے لگی۔"

ہ خاموش ہوا اس بات کا کوئی جواب نہ تھا اس کے پاس۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"بولو شان؟"

جی !وہ بس اتنا بول پایا۔

"بہت اچھی بات ہے----خدا تمہیں اس کا صلہ دے----"

خالہ جان---پلیززززز----ان سب کے پیچھے ایک مقصد ہے آپ کے ساتھ جو ہوا وہ"

تو شایان عثمانی مرتے دم تک نہیں بھولے گا اور جب تک آپ کو انصاف نہ دلوا دیا مجھے

"!سکون نہ آئے گا آپ بے فکر رہیں---

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

شایان عثمانی اپنے گنہگار کے ساتھ رحم دلی نہیں دِکھا سکتا۔

مجھے امید ہے تم میرا مان رکھو گے شان "!وہ سرد آہ بھرتی بولی اور کال کاٹ گئ۔"

!اس نے بالوں میں ہاتھ پھیرا

وہ لاؤنج میں صوفے پر بیٹھا جہاں سے کونین کام کرتی صاف دکھائی دے رہی تھی۔

مجھے یہ سب کرنا ہے؟ اس نے خود سے پوچھا۔۔۔۔

افففففف !اس نے مٹھیاں بھینچی زندگی میں پہلی بار، پہلی بار اس کا دل اس کے کسی فیصلے میں ساتھ نہیں دے رہا تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ سوچوں میں تھا جب وہ باہر آئی اس کے آگے اس کا ناشتہ رکھا جو بریڈ انڈا تھا کیونکہ فوراً وہ یہی بنا سکی تھی۔

یہ نہیں کھانا مجھے "!وہ سوچوں کے گرداب سے نکلتا بولا۔"

کونین نے حیرت سے اسے دیکھا۔

"کیا کھائیں گے پھر؟"

URDU NOVEL BANK

"!پراٹھا بنا لو۔۔۔۔انڈا بھی کھا لوں گا۔۔۔۔"

وہ بولا تو کونین نے جھٹکے سے اسے دیکھا اس نے تو کبھی پراٹھا نہیں کھایا تھا۔

"کیا ہوا؟"

آٹا گوندھنا پڑے گا "!وہ صاف گوئی سے بولی۔"

میں یہ کھا لیتا ہوں۔۔۔"سنجیدگی ہنوز برقرار تھی۔"

نہیں !میں گوندھ لیتی ہوں دوپہر میں بھی کام آئے گا !وہ تیزی سے کچن میں گئی جہاں وہ بھی پیچھے آتا وہیں بیٹھ گیا تھا۔

وہ تیزی سے آٹا گوندھ رہی تھی تھوڑا سا جو جلد ہی گوندھا گیا تھا۔

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

شایان عثمانی اسے دھیان سے دیکھ رہا تھا۔

وہ کالج کی چھوٹی سی سترہ اٹھارہ سالہ لڑکی، نازک سی درمیانہ قد، سلکی لمبے بال جو ہمیشہ چادر کے نیچے موجود رہتے تھے، میک اپ سے پاک چہرہ، کالی شلوار قمیض پر اسی کی دلوائی چادر لیے وہ کام میں مصروف تھی۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

گلابی رنگت، ستواں ناک، خوبصورت نقوش جن سے معصومیت جھلکتی تھی وہ خوبصورت تھی بلاشبہ۔

تمہاری جیکٹ کہاں ہے؟ "اس پر دھیان دینے کے بعد وہ یک دم بولا۔"

آٹا لگ جاتا تو گندی ہو جاتی اسی لیے میں نے اتار کر رکھ دی "وہ صاف سے لہجے میں بولی۔

تو؟ کیا میں نے بولا تھا کہ اسے گندہ نہیں کرنا تم نے؟ "شایان نے سنجیدگی سے کہا تو" کونین اسے دیکھ کر رہ گئی۔

یہ کر کے ہاتھ سینکو اور جیکٹ پہنو فوراً "وہ کہتا باہر بیٹھ گیا کیونکہ اس کا پراٹھا تیار تھا۔"

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

تین مہینے بعد:

آج دو مہینے ہو گئے تھے ازلان کو گئے اس نے مڑ کر ایک بار بھی فرشتے کو کال نہ کی تھی بوا سے بھی بہت کم رابطہ رکھا تھا۔

URDU NOVEL BANK

وہ سنجیدہ ہوتی جا رہی تھی۔۔۔اپنا زیادہ وقت پینٹنگ اور لکھائی میں وقف کر دیا تھا اس نے۔

فرشتے !اعظم اظہر کی آواز وہ سُن سکتی تھی بلکہ یہی تو آواز تھی جو وہ پچھلے دو مہینوں سے سن رہی تھی۔

اعظم اظہر کو اب تک نہ پتا تھا فرشتے اور ازلان کے نکاح کا کیونکہ کسی نے نہیں بتایا تھا۔
چلو آج باہر چلیں "!وہ اس کے سامنے بیٹھتا اس کے گال کھینچتا بولا۔"
کتنی بار بولا ہے مجھے ہاتھ نہیں لگایا کریں "وہ چڑ کر بولی لیکن اعظم ہنس پڑا۔"
اور میں نے کتنی بار بولا ہے میں بعض نہیں آؤں گا۔۔۔چلو تمہاری بلا وجہ کی اداسی دور "کرتے ہیں باہر گھومتے ہیں۔

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

مجھے کہیں نہیں جانا "!وہ پینٹنگ کرتی بار لان کا منظر کینوس پر اتار رہی تھی۔"
"توکہاں جانا ہے ہماری فرشتے کو؟"
لے کر چلیں گے؟ "وہ یک دم سر اٹھاتی استسفار کرنے لگی۔"

بالکل !اس گڑیا کی سالگرہ ہے جو اس بار ہم اسی کے مطابق منائیں گے جلدی سے بولو"

"کہاں جانا ہے۔

"!کینیڈا"

کینیڈا لیکن اچانک کیوں؟ اوو تو کینیڈا گڑیا کا ڈریم پلیس ہے اب سمجھا آپ کا حکم سر"

"آنکھوں پر ہم ضرور چلیں گے لیکن ابھی نہیں مہینے بعد۔

مجھے اسی مہینے بلکہ اسی ہفتے جانا ہے نہیں تو پھر کبھی نہیں----"وہ سنجیدگی سے"

بولی۔

اعظم نے اسے دیکھا پھر مسکرا دیا وہ کتنا بدل گئی تھی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ٹھیک ہے تمہارا پاسپورٹ دو مجھے ہم اسی ہفتے جائیں گے----"وہ فیصلہ کرتا اٹھ گیا۔"

وہ اسے خوش کرنے کے لیے کچھ بھی کر سکتا تھا اس کی چیزیں لیتا وہ باہر نکل گیا وہ جلد سے جلد سب کرنا چاہتا تھا تاکہ اس کی سالگرہ وہاں منا سکے۔

گڑیا---وہ یک دم دروازہ کھولتا واپس آیا۔

URDU NOVEL BANK

"ازلان کو بتا دوں کہ ہم وہاں آ رہے ہیں؟"

"!نہیں بالکل نہیں"

"!ٹھیک ہے اسے بھی سرپرائز دیں گے۔۔۔"

وہ چلا گیا تھا لیکن فرشتے حیدر کا سانس رُکا تھا اس کا سانس یک دم بھاری ہونے لگا تو اس نے انہیلر تھامتے جلدی سے منہ کو لگایا اور گہری سانسیں بھری۔

"ازلان۔۔۔"

اس کے لبوں سے سسکی برآمد ہوئی ان تین مہینوں میں اس کے دل نے کتنا پکارا تھا اسے وہ خود نہیں جانتی تھی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اعظم اظہر کی موجودگی اب معنی نہیں رکھتی تھی اس کے لیے اس کے لیے ازلان اظہر کو سوچتے رہتا زندگی کا مقصد بن گیا تھا۔

وہ مجھے چھوڑ گئے ہیں میں کیوں جا رہی ہوں ان کے پاس !اس نے اپنے بال ہاتھوں میں تھامے سانسیں پھر سے تیز ہوئی تھی۔

URDU NOVEL BANK

"آپ نے ہمیں چھوڑ دیا۔۔۔ہمیں فرشتے کو چھوڑ دیا۔۔۔"

"آپ مجھے اب پسند نہیں کرتے۔۔۔۔ مجھ سے نفرت کرتے ہیں۔۔۔کیوں؟"

اس نے ہاتھ سے ابھی کا بنایا کینوس دور پھینکا جس پر بنا منظر پل میں خراب ہوا تھا اس کی زندگی کی طرح۔

میں مزاق نہیں ہوں۔۔۔مجھے مزاق سمجھ کر اڑایا آپ نے ازلان اظہر۔۔۔۔۔۔"وہ رو رہی تھی اس کا وجود ہلکا ہلکا کانپ رہا تھا۔

پھر اس نے یک دم اٹھتے دورازے کو اندر سے لاک کیا اور عظم اظہر کا دیا فون نکالا اور اون کرتے کونٹیکٹ لسٹ چیک کی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

جس میں ازلان اظہر کا نمبر موجود تھا۔۔۔۔اس نے سانس بھری اور انگلی اس نام پر رکھ دی۔

تین مہینوں کا صبر آج ٹوٹ گیا تھا۔۔۔۔وہ ہچکیوں سے روتی اس کی آواز کی منتظر تھی۔

URDU NOVEL BANK

"!ازلان اظہر سپیکنگ"

!اس کے لب کپکپائے

ہیلو؟ "وہ پوچھ رہا تھا۔"

"!مج۔۔۔ھے۔۔۔۔۔"

اس نے ہمت اکٹھی کی لیکن جیسے لفظ اور سانسیں اس کا ساتھ نہیں دے رہی تھی۔

وہ جو وہاں بیٹھا تیزی سے انگلیاں کی بورڈ پر چلا رہا تھا۔۔۔ان تین مہینوں میں اس نے اپنے آپ کو بے حد مصروف کر لیا تھا ان تین مہینوں میں اس نے فرشتے کے بارے میں بوا سے ایک بھی لفظ نہیں پوچھا تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ خود ہی بتا دیتی تھیں کہ وہ کافی بیمار رہنے لگی ہے پھر سے، اعظم روز آتا ہے اور اس کے پاس گھنٹوں بیٹھتا ہے اور اس کے آگے ازلان اظہر کچھ سنتا نہ تھا۔

کون بات کر رہا ہے۔۔۔۔۔وہ جانتا تھا یہ کینیڈا کا نمبر نہیں ہے۔

"فرشتے ازلان کو۔۔۔۔۔"

ازلان اظہر اپنی جگہ سے کھڑا ہوا تھا یک دم۔۔۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

فرشتے ازلان کو آپ سے محبت بالکل نہیں ہے"وہ سسکیوں کے درمیان بولی تھی۔"

میں مر بھی۔۔۔۔جاؤ۔۔۔۔جاؤں نا۔۔۔تو۔۔۔ازلان۔۔۔مجھے۔۔۔آپ نہیں"

چاہیے۔۔۔"وہ چیخ کر کہتی سسک پڑی۔

ازلان اظہر نے آنکھیں میچی جو یک دم سرخ پڑی تھی وہ فوراً کال کاٹ گیا۔

اس سے آگے وہ نہیں سُن سکتا تھا۔

"!فرشتے ازلان۔۔۔۔۔"

اس کا دل بار بار ایک ہی لفظ دہرا رہا تھا تو کیا فرشتے حیدر اپنی حیثیت، اپنا رشتہ قبول کر چکی تھی؟۔۔۔اس نے اپنے نام کے ساتھ اس کا نام لگایا تھا۔

www.urdunovelbank.com

نہیں ازلان اظہر تمہیں خوش فہم نہیں بننا ہے۔

مجھے کل ہی جانا ہے کینیڈا۔۔۔"اس نے اعظم کا نمبر ملاتے کہا اور کال کاٹتے بستر پر" ڈھے گئی۔

URDU NOVEL BANK

جیسے تین مہینوں کے آنسو آج ہی بہہ جانا چاہتے تھے۔۔۔اس کا دل قبول نہیں کر پا رہا تھا ازلان اظہر کی ناپسندیدگی، اس کا خود کی زات سے متفکر ہو جاتا، اس کو بھولا دینا کہ مُڑ کر نہ دیکھا وہ یہ سب قبول نہ کر پائی تھی تین مہینوں سے۔

اعظم نے سب انتظامات کروائے تھے کیونکہ فرشتے کو کل ہی جانا ہے وہ سمجھا تھا شاید وہ خوشی میں وہاں گھومنا چاہتی ہے۔

ابھی وہ ٹکٹس بک کروا رہا تھا جب اس کا فون بجنا شروع ہوا۔

اسلام علیکم "!نسوانی آوازگونجی۔"

"وعلیکم السلام !جی کون؟"

زارا!

جی کون ہیں آپ زارا اور کیا چاہتی ہیں "وہ سنجیدگی سے باستسفار کرنے لگا۔"

لڑکی ہوں اور آپ کو چاہتی ہوں "وہ مسکرائی تھی شاید۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

یہ کیا بیہودگی ہے۔۔۔۔رات کے اس پہر کسی کا بھی نمبر ملا کر آپ اسی طرح کی اخلاق سے گری حرکتیں کرتی ہیں؟ "وہ دھاڑا تھا۔

"ہر کسی کا نہیں صرف آپ کا اعظم اظہر۔۔۔صرف آپ کا۔۔۔"

مخالف تڑپ ہی تو گیا تھا اتنا بڑا بہتان سُن کر۔

"مجھے جیسے بھی جانتی ہو مجھے فرق نہیں پڑتا لیکن دوبارہ مجھے کال نہ کرنا کبھی۔"

"لیکن کیوں؟"

مجھے آپ پسند ہیں "!وہ شاید رو دینے کو تھی۔"

"!مس زارا اپنی حد میں رہیں مجھے یہ سب نہیں پسند اور میں شادی شدہ ہو"

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

وہ کہتا کال کاٹ گیا اور شاید مخالف اس کی باتوں کا اثر لے گیا تھا اس لیے دوبارہ کال نہ آئی تھی۔

زارا شاہنواز نے روتے تکیے میں منہ دیا تھا۔

وہ شروع سے ہی ایسا کرتا ہے۔۔۔وہ میرا کیوں نہیں ہوتا یا رب العالمین !وہ سسکی۔

URDU NOVEL BANK

مجھے بس وہی چاہیے !وہ رو رہی تھی لیکن اس کے پاس کوئی نہیں تھا چپ کروانے والا۔

اگلی صبح اس نے اپنا سارا سامان باندھا تھا۔۔۔وہ جلد سے جلد اس شخص تک پہنچنا چاہتی تھی اس کا وجود اب جواب دے گیا تھا اس سے زیادہ نہیں تڑپ سکتا تھا وہ اس کے لیے جو اس کا اپنا تھا۔

ارے واہ میری گڑیا اتنی جلدی کس بات کی ہے؟ "اعظم اسے لینے آیا تھا۔"

اس نے بوا کو خدا حافظ کہا اور گاڑی میں بیٹھ گئی اس نے انہیں ازلان کو کچھ بھی بتانے سے منع کیا تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ ائیر پورٹ پہنچ چکے تھے۔۔۔۔

اور پھر کیسے فلائٹ میں بیٹھے کیسے بنا سوئے اس نے بے چینی سے وہ سفر کاٹا تھا وہ اور اس کا دل جانتا تھا۔

اعظم سے اس نے بچپن کی باتیں کی تھی وقت گزارنے کے لیے جس سے وہ خوش تھا۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

وہاں کی سرزمین پر قدم رکھتے ہی اس کا جسم کپکپایا تھا اس نے جیکٹ پہنتے ٹوپی پہنی اور ڈرائیور کے ساتھ اعظم کے کہنے پر بیٹھ گئی اور کھڑکی سے باہر کا منظر دیکھنے لگی اس کا دل تیزی سے دھڑک رہا تھا نجانے وہ اسے دیکھ کر کیسا ردعمل دیتا۔

"ہم کہاں جا رہے ہیں؟"

!ہوٹل

فرشتے نے جھٹکے سے سر اٹھاتے اسے دیکھا۔

"لیکن کیوں؟"

کیا مطلب کیوں؟ کیا آپ کو کہیں اور جانا تھا "!اعظم نے فون سے سر اٹھایا۔"

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

"ازلان کہاں رہتے ہیں؟"

"وہ بھی یہیں اسی بلاک میں لیکن۔۔۔ہمیں یہاں سے آگے جانا ہے۔۔۔۔"

"ہمیں واش روم جانا ہے تو۔۔۔۔"

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

چلیں ٹھیک ہے اسی بہانے بھائی سے مل لیتے ہیں نہیں تو میں اسے شام کو سرپرائز"

دینے کا سوچ رہا تھا "اس نے ڈرائیور کو اڈریس بتایا۔

فرشتے کی دھڑکنیں تیز ہوتی جا رہی تھیں۔

"یہ لو چابی۔۔۔۔"

اعظم نے اسے چابی دی کیونکہ وہ بھی یہیں رہتا تھا ازلان سے پہلے یہ ان دونوں نے

بہت دیر پہلے پیسے ملا کر یہاں فلیٹ لیا تھا۔

وہ خود کو گھسیٹتے دروازے تک لائی اور کی ہول میں چابی لگائی ہاتھ کانپ رہے تھے۔

اندر داخل ہوتے اس نے دروازہ بند کیا اور لاک لگا دیا شاید اعظم اظہر کی موجودگی نہیں

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

چاہتی تھی وہ۔

اندر اندھیرا تھا تو کیا وہ گھر نہیں تھا۔۔۔۔اس کی آنکھوں کی چمک مات پڑی اور پھر بجھ

گئی۔

"کون ہے؟"

اس کی آواز پر اس کا دل اتنی زور سے دھڑکا کہ وہ گھبرا گئی۔

URDU NOVEL BANK

رُکو وہیں جو کوئی بھی ہو "!وہ انگریزی میں بولا تھا لیکن وہ قدم بڑھاتی آگے بڑھنے لگی۔"

آئی سیڈ سٹاپپپ "!وہ دھاڑا تھا لیکن فرشتے اپنے حواسوں میں نہیں تھی۔"

وہ تو اس کی آواز کے تعاقب میں اس کی طرف بڑھ رہی تھی بنا کچھ سوچے سمجھے باہر وہ اپنا سوٹ کیس نکالتے جان کر کھول آئی تھی جس سے کپڑے سارے نیچے گرے تھے جسے اعظم اٹھا رہا تھا۔

ازلان اظہر نے آگے بڑھتے لائٹس چلائی تو وہ دوڑتی اس تک آئی تھی اور اس کے سینے سے لگی تھی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ازلان اظہر اس کی خوشبو محسوس کرتا بے یقین رہ گیا تھا۔۔۔وہ بے حس و حرکت کھڑا تھا جیسے یقین نہ کر پا رہا ہو۔

ازلان۔۔۔۔"

اس کی آواز پر وہ ہوش میں آیا اور چہرہ جھکاتے اسے دیکھا جو نم اور سرخ آنکھوں سے" اسے ہی دیکھ رہی تھی۔

URDU NOVEL BANK

ازلان اظہر خود پر بٹھائے پھرے ٹوٹتا اسے حصار میں لیتا زمین سے اٹھا چکا تھا گرفت اتنی سخت تھی کہ اسکا سانس رک جاتا لیکن وہ دونوں ایک ہی احساسات رکھتے تھے اس لیے وہ حصار ان کے لیے ضروری تھا اہم بے حد اہم۔

فرشتے۔۔۔ "!اس کے لب ہلے۔"

فرشتے نے اپنے ہاتھ اس کی گردن میں ڈالے تو ازلان اظہر نے اس کے ماتھے پر لب رکھ دیئے اور پھر وہ ہوش میں نہیں تھا وہ اس کے چہرے کو اپنے دونوں ہاتھوں میں بھرتا اپنے لب اس کے چہرے پر بار بار رکھتا چلا گیا کہ گنتی تک بھول گئی اسے۔

وہ دونوں اپنے ہوش و حواس میں نہیں تھے اور نا آنا چاہتے تھے یہ تڑپ تھی ان کی تین مہینوں کی جو ایک دوسرے سے دور رہتے انہوں نے سہی تھی۔

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

کونین نے ویسا ہی کیا تھا جیسا اس نے کہا تھا پھر وہیں بیٹھ کر اسے دیکھنے لگی۔
خود کے گرد اس کا لمس اب بھی وہ محسوس کر سکتی تھی۔

URDU NOVEL BANK

شایان خود پر اس کی جمی نظریں محسوس کر سکتا تھا ایک دم نظر اٹھا کر اسے دیکھا تو وہ خجل سی ہوتی نگاہیں پھیر کر اٹھنے لگی۔

"!بیٹھی رہو"

کونین واپس بیٹھ گئی۔

شایان نے اپنا آخری نوالہ اس کے آگے کیا۔۔۔کونین نے بے یقینی سے اسے دیکھا لیکن نہیں اس کا شوہر اس سے نبھاہ چاہتا تھا۔

اس کے چھوٹے سے دماغ میں یہ چیز نصب ہو گئی تھی اور اگر اس کا شوہر اس سے نبھاہ چاہتا تھا تو وہ کیوں نہیں۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ایک عام عورت کی طرح اس نے اپنے سارے اعتراضات ایک طرف کر دیے تھے اسے ،بس اتنا سمجھ آگیا تھا کہ اسے یہ رشتہ نبھانا ہے اس کا پہلا اور آخری کسی مرد سے رشتہ اس کے کچے دماغ نے شایان عثمانی پر مہر ثبت کر دی تھی۔

اس نے منہ کھولتے نوالہ منہ میں لیا اور مسکرا دی۔

URDU NOVEL BANK

شایان عثمانی نے اس مسکراہٹ کو دیکھا وہ شاید پہلی بار اس کے سامنے اس کے لیے یوں مسکرائی تھی۔

اسے بازو سے کھینچ کر اپنے ساتھ صوفے پر کرتا وہ اسے دیکھ کر رہ گیا۔

"!اب سے میں یہی کھاؤں گا"

وہ پراٹھے کا بتا رہا تھا۔

"آپ کی باڈی خراب نہیں ہو گی؟"

وہ دلچسپی سے سوال کر گئی تو وہ ہلکا سا مسکرا دیا۔۔۔بالکل ہلکی سی مسکراہٹ تھی وہ۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"!میں سنبھال لوں گا"

کیا تمہیں اب بھی ٹھنڈ لگ رہی ہے کونین؟ "اسے مسلسل ہلتے دیکھ وہ پوچھ بیٹھا"

تو وہ سر ہاں میں ہلا گئی۔

"کیا میں اندر جاوں؟"

نہیں اندر سے بلینکٹ لے کر آؤ "!وہ اسے نیا حکم صادر کرتا خود ہیٹر چلانے لگا۔"

URDU NOVEL BANK

وہ واپس آئی تو وہ اپنے ساتھ جگہ پر ہاتھ رکھتے اسے بتانے لگا کہ اسے کہاں بیٹھنا ہے وہ چھوٹے چھوٹے قدم اٹھاتی اس کے نزدیک آئی اور پھر تھوڑا سا فاصلہ رکھتی بیٹھ گئی۔

شایان نے ٹی وی اون کیا اور دونوں نے نگاہیں سکرین پر جما دیں۔

کونین کی نظریں بھٹک کر اس کے چہرے پر چلی جاتیں جو آج شاید اسے کچھ زیادہ ہی خوبرو لگ رہا تھا۔

کرتا شلوار پر چادر اوڑھے، بھاری ہوتی بھیرڈ، اور خوبصورت نقوش ماتھے پر بال بکھرے ہوئے جو عموماً سیٹ کیے جاتے تھے، کھڑا ناک اور بھینچے ہونٹ وہ خوبصورتی کی مثال آپ تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

شایان نے اس کی نظروں کا ارتکاز محسوس کرتے اسے یک دم کھینچا اور اپنے ساتھ بٹھایا۔

کونین کا دل یوں دھڑکا جیسے مانو ابھی باہر آجائے گا۔

"!مجھے دیکھنا ہے تو قریب سے دیکھو اتنی دور سے اچھے سے سمجھ نہیں پاؤ گی"

URDU NOVEL BANK

وہ اس کے کان کے پاس ہلکا سا بولتا سائیڈ دیوار پر لگا سوئچ بند کر گیا اب صرف سکرین کی روشنی تھی۔

شایان لائٹ چلائیں پلیز۔

"!خاموشی سے بیٹھی رہو"

مجھے ڈر لگتا ہے !وہ منمنائی۔

"میرے ساتھ بیٹھ کر کس سے ڈر لگ رہا ہے تمہیں؟"

وہ اپنا ہاتھ اس کے پیچھے سے لے جاتے اس کے کندھے پر رکھتا ہلکا سا حصار اس کے گرد بنا چکا تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"یہ سب بند کریں----"

وہ سکیریں پر چلتی ہارر مووی کو دیکھتی بولی جس پر کب سے تو اس نے دھیان ہی نہیں دیا تھا۔

"!کونین شایان عثمانی خاموشی سے بیٹھی رہو"

URDU NOVEL BANK

اور پھر کونین واقع خاموش ہو گئی تھی لیکن نگاہیں سکرین کے علاوہ باقی سب چیزوں پر تھی کسی ہارر منظر پر جب آواز بلند ہوتی تو وہ اپنی جگہ اچھل کر رہ جاتی۔

اس نے اپنی زندگی میں ایک بھی ہارر مووی نہیں دیکھی تھی وہ فطرتاً ڈرپوک تھی۔

شایان پوری دلجمعی سے سکرین کو دیکھ رہا تھا جس کے تاثرات ایک بار بھی نہیں بدلے تھے۔

کونین اسے ہی دیکھ رہی تھی جب اپنے کندھے پر اسکی انگلیوں کا لمس، سکرین پر خون کے ساتھ چیخوں کی آواز پر خود بھی چیخ مارتی اٹھ گئی۔

"ہاہاہاہا------"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

شایان عثمانی کا قہقہہ بلند ہوا۔۔۔پہلی بار وہ یوں ہنسا تھا اس کے سامنے بلکہ اب سب ہی پہلی بار تو ہو رہا تھا۔

وہ اس کی نظریں اردگرد اور کبھی خود پر محسوس کرتا آواز تیز کرتا یہ سب کر گیا تھا جس سے وہ بُری طرح ڈر گئی تھی۔

URDU NOVEL BANK

کونین نے ایک نظر اسے دیکھا اور پھر آنکھوں سے آنسو بہنے لگے تھے اس کا دل تیزی سے دھڑک رہا تھا۔

شایان نے سنجیدگی سے اس کے آنسوؤں کو دیکھا اور آگے بڑھ کر اس کا ہاتھ تھامنا چاہا جو وہ جھٹک گئی تھی۔

کونین "!آواز میں تنبیہ تھی۔"

اسے واپس کھینچ کر اپنے حصار میں لیا تھا اور اب کہ حصار کافی مضبوط تھا۔

"اتنی سی بات پر کون روتا ہے؟"

"!ہم۔۔۔۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ کہتی اس کے سینے میں سر چھپا گئی تو وہ شایان عثمانی تھم گیا جیسے۔۔۔اتنی نزدیک تو آج تک کسی کی رسائی نہ ہوئی تھی جتنی نزدیک وہ تھی۔

اس کے دل نے شور مچایا تھا جیسے وہ بھی باغی ہوا تھا اس لڑکی کے لیے۔

رونا بند کرو فوراً "!وہ اس کے بالوں کو اس کے چہرے سی ہٹاتا بولا۔"

URDU NOVEL BANK

سکرین پر دیکھو اسے سیدھا کر کے بٹھاتے اس کا چہرہ سکرین کی طرف کیا۔

نہیں "!وہ اب بھی اسی کے سینے میں منہ دیے بیٹھی تھی۔"

کونیننن !اس کے سخت لہجے کا بھی اس پر کوئی اثر نہ ہوا تھا۔

! کبھی بھی نہیں "!مجھے یہ سب نہیں پسند----پلیززززز شایان --"

وہ کسی طور اس کی بات ماننے کو تیار نہ ہوئی تو وہ اس کے بالوں میں انگلیاں چلاتا آواز ہلکی کرتا خود دیکھنے لگا۔

لیکن دل اس لڑکی کی قربت پر پاگل ہونے کو تھا---اسے لگتا تھا وہ پتھر دل ہے صنفِ نازک کی کوئی جگہ نہیں ہے اسکے دل میں لیکن آج اپنے باغی ہوتے دل پر وہ حیرت زدہ تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ سو گئی تھی اور مووی بھی ختم ہو چکی تھی۔

شایان کئی لمحے سر جھکائے اسے دیکھتا رہا جس کے لب نیم وا تھا۔

اس کی تھوڑی پر انگلی رکھتے اس کے لبوں کو بند کرنا چاہا جو اس کے ہاتھ ہٹاتے ہی پھر کُھل گئے تھے۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

"دلچسپ ہو تم بہت کونین شایان عثمانی۔"

وہ خود نہیں جانتا تھا کہ وہ اس لڑکی کی اصل حیثیت قبول کر چکا ہے۔

اسے جھٹکے سے باہوں میں اٹھاتے کمرے میں لے گیا کمفرٹر اوڑھاتے الماری سے دوسرا نکالا کیونکہ جتنی ٹھنڈ اسے لگتی تھی وہ رات کو شاید برف بن جاتی۔

دونوں اس پر اوڑھنے کے بعد وہ ایک سائیڈ پر لیٹ گیا تھا۔۔۔۔۔

لیکن جب دل کے شور سے تنگ آگیا تو آنکھوں میں سرد پن چھا گیا۔۔۔۔وہ یہ سب ٹھیک نہیں کر رہا تھا۔

وہ اٹھا اور دوسرے کمرے میں چلا گیا بنا اس کی طرف پلٹے۔

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

صبح اٹھتے سب یاد کرتے وہ شرمندہ ہوئی لیکن اسے یہ سب بُرا ہرگز نہیں لگا تھا۔

وہ فریش ہوتی دیکھنے لگی وہ باہر کہیں نہیں تھا پھر سر جھٹکتی آٹا گوندھنے لگی کیونکہ اس نے کہا تھا وہ روز اب سے پراٹھا کھائے گا۔

اس نے پراٹھا بنانے سے پہلے اسے ڈھونڈا تاکہ اسے اٹھا سکے کیونکہ دس بج چکے تھے۔

URDU NOVEL BANK

وہ ساتھ موجود کمرے میں گئی جہاں اندھیرا تھا لائٹ چلاتے اس کے نزدیک گئی جو اوندھے منہ کمفرٹر سر پر تانے سو رہا تھا۔

"شایان؟"

لیکن شایان کو حرکت نہ کرتے دیکھ وہ جھجکتے آگے بڑھی اور اس کے سر سے کمفرٹر ہٹایا وہ گہری نیند میں تھا۔

کونین کے دل نے بیٹ مِس کی وہ سوئے ہوئے بھی بے حد حسین لگ رہا تھا۔

شایان اٹھیں آگے بڑھتے اس نے ہمت کی اور اس کے بازو پر ہاتھ رکھ کر اسے پکارا تو وہ مندی مندی آنکھیں کھول گیا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"کیا ہوا؟"

آٹھ جائیں دس بج رہے ہیں "کونین نے کہا تو وہ اٹھ کر بیٹھا۔"

اوکے چلو میں آرہا ہوں "وہ بولا تو وہ اس کا پراٹھا بنانے چلی گئی اور وہ فریش ہونے۔"

اس کے باہر آتے اس کا ناشتہ آگے رکھا۔

URDU NOVEL BANK

"چائے پیئیں گے؟"

نہیں!

"کافی لیکن تھوڑی دیر میں۔"

اوکے!

خاموشی سے ناشتہ کرتے شایان نے فون اٹھایا اور کسی سے میٹنگ کی تفصیلات لینے لگا۔

کونین اسے بھی دیکھ لیتی۔۔۔ شایان نے آخری نوالہ بناتے اس کے آگے کیا وہ مصروف تھا فون پر لیکن کونین نے مسکراتے منہ کھولا تو وہ اسے آخری نوالہ کھلاتے خود اٹھ کر باہر نکل گیا۔

وہ پیچھے مسکرا گئی وہ شخص اسے پیارا ہوتا جا رہا تھا۔۔

www.urdunovelbank.com

اس کے بعد وہ یونہی بیٹھی رہی تھی جبکہ وہ اپنے کمرے میں گھسا لیپ ٹاپ پر تیزی سے کام کرنے میں مصروف تھا۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

اس نے گھڑی پر وقت دیکھا ایک بج رہا تھا۔

وہ دھیرے سے اٹھی اور دروازہ کھولتی اندر داخل ہوئی۔

"شایان؟"

ہمم !وہ مصروف تھا۔

"کیا کھائیں گے؟"

کچھ بھی "!وہ مصروف سا بولا۔"

اوکے !وہ باہر چلی گئی پھر قورمہ بناتے اب وہ پھر فارغ بیٹھی تھی کیونکہ شایان کو ابھی بھوک نہ تھی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ پھر سے دروازہ کھولتی اندر داخل ہوئی تو شایان نے سر اٹھا کر اسے دیکھا۔

"کیا میں یہاں آپ کے پاس بیٹھ جاؤں؟"

وہ ہمت کرتی معصومیت سے بولی تو شایان کو اس پر بے حد پیار آیا۔

URDU NOVEL BANK

آجاؤ "!اسے صوفے پر اپنے ساتھ بیٹھنے کا اشارہ کیا تو وہ قدم قدم چلتی اس کے ساتھ آ" کر بیٹھ گئی۔

"بور ہو رہی ہو؟"

اس نے تیزی سے سر ہلایا۔

"یہاں بھی بور ہو گی مجھے یہ فائل رات تک مکمل کرنی ہے کہ میٹنگ کے لیے۔"

"!کوئی بات نہیں"

وہ اسے دیکھ کر مسکرایا اور پھر کام میں مصروف ہو گیا تو کونین کبھی اسے دیکھتی کبھی اس کی کی پیڈ پر تیزی سے حرکت کرتی انگلیوں کو۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"شایان؟"

ہمم----

"کیا آپ کو برف باری پسند ہے؟"

ہاں!

URDU NOVEL BANK

مجھے تو بالکل پنسد نہیں پتا ہے کتنا ڈر لگتا ہے اس میں پاؤں دھنس جاتے ہیں انسان مر بھی سکتا ہے "وہ جھرجھری لیتی اسے بتا رہی تھی۔

شایان نے اسے دیکھا پھر مسکرا دیا۔

اچھا یہاں آؤ "!اپنی چیزیں اٹھاتے اسے بالکل پاس بلایا اب کی بار وہ جھجکتے آگئی تھی۔"

اور کیا پسند نہیں ہے تمہیں؟ "وہ دلچسپی سے پوچھنے لگا اتنا تو وہ سمجھ گیا تھا وہ لڑکی اس کا وقت چاہتی تھی اس وقت۔

بہت زیادہ پانی بالکل نہیں اس میں بھی ڈوب کر مر سکتے ہیں اور آگ تو بالکل نہیں "اس سے بھی جل کر مر جائیں گے۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ اس کے گال کھینچتا مسکرا دیا۔

کونین نے اس کے گھٹنے پر پڑا اس کا ہاتھ دیکھا پھر اس کے ہاتھ کی پشت پر انگلی پھیرنے لگی تو شایان عثمانی تھم گیا۔

کیا وہ کامیاب ہو رہا تھا اس لڑکی کو اپنی عادت لگوانے میں؟

URDU NOVEL BANK

"!آپ کے ہاتھ کتنے پیارے ہیں"

وہ صاف گوئی سے بولی تو شایان نے اس کے ہاتھ دیکھے جو اس کے ہاتھوں کے سامنے بالکل چھوٹے سے لگ رہے تھے۔

شایان؟ "وہ آج اس سے باتیں کرنا چاہتی تھی وہ اپنا کام روکتا اس کی طرف متوجہ ہوا تھا۔

"!بولو"

"آپ کتنی لڑکیوں کو جانتے ہیں مطلب کتنی لڑکیاں آپ کی دوست ہیں؟"

کیوں پوچھ رہی ہو؟ "شایان نے اس کے ہاتھ کو اپنے ہاتھ میں لیتے پوچھا۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"کیونکہ میرا تو کوئی لڑکا دوست نہیں۔"

اچھی بات ہے ہونا بھی نہیں چاہیے "!وہ اس کے بالوں کو دیکھنے لگا۔"

تمہیں اپنے بالوں کو کلر کرنا چاہیے اچھے لگیں گے "وہ اس کے بالوں کی لٹ کو پکڑتے" بولا۔

URDU NOVEL BANK

آپ مجھے کروا دینا "وہ معصومیت سے بولی تو وہ مسکرا دیا۔"

دونوں ایک دوسرے کو دیکھ رہے تھے۔

شایان نے اس پر جھکتے اس کے ماتھے پر بوسہ دیا تو وہ مسکرا دی لیکن شایان عثمانی مسکرا نہ سکا۔

آنکھیں بند کرو "!حکم صادر کیا گیا۔"

"کیوں؟"

وہ اس کی طرف دیکھتا اس کی گردن پر جھکا اور وہاں لب رکھ گیا۔

کونین نے کھلکھلاتے اسے دور کیا۔۔۔گدگدی ہو رہی ہے۔۔۔شایان نے اسے گھورا اور پھر سے جھکتے اس کی گردن پر لب رکھے وہ ہنس رہی تھی مسلسل۔

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

اور شایان عثمانی نے مان لیا تھا کہ وہ اس لڑکی کی مسکراہٹ پر جلد پاگل ہو جائے گا۔

تمہیں کم مسکرانا چاہیے "وہ اسے گھورتا بولا۔"

"کیوں؟"

"سوال مت کیا کرو جو کہہ رہا ہوں اس پر عمل کرو"

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

وہ سختی سے بولا تو کونین نے ہونٹ سکیڑے اور پھر ---ہاہاہا---قہقہ لگاتی ہنس پڑی تو وہ اسے کھینچتا خود بھی مسکرا پڑا۔

وہ مسلسل مسکرا رہی تھی کہ اس کی آنکھوں میں پانی جمع ہونے لگا۔

شایان عثمانی اپنا دل ہار بیٹھا تھا اس لیے خاموش بیٹھا رہا۔

"اففففف !میرا گال درد ہو رہے ہیں۔"

شایان نے اس کے گال چومے تو وہ چھوئی موئی سی ہوتی اس سے دور ہوئی۔

"!چلو کھانا کھائیں"

وہ اس کے ہاتھ سے پکڑتا اٹھا گیا کیونکہ اس سے زیادہ وہ خود پر پہرے اور اس لڑکی پر خود کے دل کو بے قرار ہوتا نہیں دیکھ سکتا تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

فرشتے--- "!اس کے لب ہلے۔"

URDU NOVEL BANK

فرشتے نے اپنے ہاتھ اس کی گردن میں ڈالے تو ازلان اظہر نے اس کے ماتھے پر لب رکھ دیے اور پھر وہ ہوش میں نہیں تھا وہ اس کے چہرے کو اپنے دونوں ہاتھوں میں بھرتا اپنے لب اس کے چہرے پر بار بار رکھتا چلا گیا کہ گنتی تک بھول گئی اسے۔

وہ دونوں اپنے ہوش و حواس میں نہیں تھے اور نا آنا چاہتے تھے یہ تڑپ تھی ان کی تین مہینوں کی جو ایک دوسرے سے دور رہتے انہوں نے سہی تھی۔

ازلان!

"میں نے آپ کو بہت مِس کیا!"

وہ اسے دیکھتی بولی تو وہ جیسے ہوش میں آیا اور اسے اس کے قدموں پر کھڑا کرتے سنجیدہ ہوا۔

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

آپ ایسا نہیں کر سکتے "اسے خود سے قدم پیچھے کرتے دیکھ وہ بولی تھی"۔

"میں کر سکتا ہوں فرشتے!"

نہیں !نہیں کر سکتے آپ بالکل نہیں کر سکتے "وہ اس کے پاس آتی اس کے سینے پر" مکے برساتی بولی تو ازلان نے اس کے ہاتھ تھامے۔

URDU NOVEL BANK

ازی !اعظم کی آواز پر وہ دونوں سیدھے ہوئے تھے۔

میرے بھائی !اعظم نے آگے بڑھتے اسے خوش دلی سے گلے لگایا تھا وہ ابھی اچھے سے ملا تھا لیکن سنجیدگی ہنوز برقرار تھی۔

گڑیا مل لیا ازلان سے ؟ "اس نے فرشتے کا ہاتھ تھامتے پوچھا۔"

فرشتے نے نگاہیں اٹھائیں تو ازلان سخت نگاہوں سے اسے ہی گھور رہا تھا۔

فرشتے نے اپنا ہاتھ اس کے ہاتھ سے نکلوایا اور سر ہاں میں ہلایا۔

"ابھی ہوٹل چلنا ہے یا۔۔۔۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

میں آج یہیں رہوں گی "وہ کہتی ازلان کے پیچھے موجود کمرے کی طرف چلی گئی۔"

اسے نجانے کیا ہو گیا ہے بہت کم بولتی ہے ضِدی بھی ہو گئی ہے "اعظم نے کہا تو"

ازلان صرف اسے دیکھتا رہ گیا۔

فرشتے نے یا باقی لوگوں نے اسے کیوں نہیں بتایا تھا سب؟ وہ مٹھیاں بھینچ گیا لیکن وہ بھی بھائی تھا بڑا۔

"!آپ کا کمرہ فری ہے بھائی آپ آرام کر لیں"

"اور فرشتے کہاں رہے گی؟"

میں دیکھ لیتا ہوں آپ آرام کریں سفر سے آئیں ہیں "!اس نے کہا تو اعظم سر ہاں میں ہلاتا اپنے کمرے کی طرف چلا گیا۔

وہ اندر داخل ہوا جہاں وہ بالکونی میں کھڑی تھی بال ہوا کے دوش اڑ رہے تھے سیاہ جینز پر سفید کرتا پہنے جیکٹ اور مفلر گلے میں لپیٹے وہ خوبصورت لگی تھی اسے ہمیشہ کی طرح۔

اس کے بھورے بال ہوا میں اڑ رہے تھے خوبصورت نقوش کسی بھی قسم کی بناوٹ سے پاک تھے۔

Visit for more novels
www.urdunovelbank.com

"!اندر آئیں فرشتے"

اس نے فرشتے کو آواز دی جو اسے دیکھتی بالکونی کا دروازہ بند کرتی اندر آگئی۔

ازلان کے پاس آکر کھڑے ہوتے اسے دیکھنے لگی تو ازلان کو وہ منظر یاد آیا جب اعظم نے اس کا ہاتھ تھاما تھا۔

URDU NOVEL BANK

فرشتے کے اسی ہاتھ پر گرفت سخت کی تو فرشتے نے نگاہیں اٹھاتے اسے دیکھا۔

"تو تم فیصلہ کر چکی ہو؟"

کیسا فیصلہ "!وہ خوفزدہ تھی نجانے وہ کیا کہہ دیتا۔"

یہاں کیوں آئی ہو؟ "وہ سوال بدل گیا۔"

"!آپ کے لیے"

"میری لیے کیوں؟"

ازلان پلیز۔۔۔وہ اس کے چہرے کی طرف ہاتھ بڑھاتی بولی لیکن وہ اس کے ہاتھ جھٹک گیا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"یہ بتانے کے ہمیں یہ رشتہ ختم کر دینا چاہیے؟"

ازلان !فرشتے نے نم آنکھوں سے اسے دیکھا پھر گہرے سانس بھرنے لگی ازلان اس کی بدلتی حالت کو خاموش بیٹھا دیکھ رہا تھا۔

میں---یہ---یہاں---آپ---ک--کے---لیے---آئی---آئی ہوں---آپ"

"نے تین مہینے ---مجھے---یاد نہیں---کیا۔

ازلان نے اسے اپنے قریب کیا جس کی آنکھوں سے اب آنسو گر رہے تھے۔

یہاں دیکھو مجھے "!اس کے گال پر ہاتھ رکھتے اس کے گال تھپتھپائے۔"

ہنی مجھے دیکھو !لیکن اس کا سانس پھول رہا تھا۔

اعظم دروازہ کھولتا مسکراتا اندر آیا تھا لیکن فرشتے کو دیکھ کر دوڑتا ان کی طرف آیا۔

"!اس کے بیگ سے انہیلر نکالو"

اعظم نے اس کے قریب بیٹھتے ازلان کو ہٹاتے کہا تو ازلان نے سنجیدگی اوڑھتے اس کے بیگ سے انہیلر نکالا اور سائیڈ پر کھڑا ہو گیا۔

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

اعظم نے فرشتے کے لبوں سے انہیلر لگایا وہ گہری سانس بھرتی اٹھ کر بیٹھی تو منظر واضح تھا ازلان سامنے کھڑا تھا جبکہ اعظم اس کے نزدیک بیٹھا تھا۔

میں ٹھیک ہوں "!وہ سیدھی ہوئی"

URDU NOVEL BANK

مجھے وقت دیں تھوڑا پلیز "!اس نے کہا تو اعظم ازلان کو اشارہ کرتا باہر چلا گیا۔"

"تمہیں یہاں آنے کی ضرورت نہیں تھی تم وہیں ٹھیک تھی"

وہ سرد پن سے کہتا خود بھی باہر نکل گیا تو فرشتے سسکیاں بھرتی وہی اس کے بستر پر لیٹ گئی۔

اس کے کمفرٹر کو اوڑھتی اس کی خوشبو خود میں اتارنے لگی۔

اس کا چھوٹا سا دماغ یہ سب حل نہیں کر پا رہا تھا۔۔۔کوئی اسے کیوں نہیں سمجھ رہا تھا

وہ روتی وہیں سو گئی تھی۔

کیا کھاؤ گے؟ "ازلان نے استسفار کیا۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

باہر سے کھا لوں گا دوستوں سے ملنے کا پلین ہے آج رات میں۔۔۔فرشتے یہاں آنے کی"

"ضد کر رہی تھی اسی لیے اچانک آ گئے۔

ازلان نے سر ہلایا تو اعظم اپنے کمرے میں چلا گیا۔

URDU NOVEL BANK

ازلان وہیں بیٹھا رہا۔۔۔اعظم تیار ہو کر گھر سے نکل گیا تو وہ گہری سانس بھرتا واپس اپنے کمرے میں آیا۔

جہاں بستر میں وہ محوِ خواب تھی دروازہ بند کرتا اس کے قریب آیا۔

اس کی حالت پر اس کا دل تڑپا تھا لیکن اعظم اظہر کا اس کے نزدیک جانا اسے آگ میں ہی تو جھونک چکا تھا۔

وہ اس کے پاس آیا اور کمفرٹر اس کے چہرے سے ہٹاتے اس کے گالوں پر اپنے ہاتھ کی پشت پھیری۔

"!میری جان ہیں آپ فرشتے ازلان اظہر"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

تین مہینے میرے دل نے بُرے طریقے سے آپ کے قرب کی تمنا کی ہے "وہ اس کے بال چہرے سے ہٹاتا اس کے ماتھے پر لب رکھ گیا۔

لیکن آپ نے بھائی کو کیوں نہیں بتایا سب؟ میرے پاس آنا تھا تو سب ختم کر کے "!آتی یہ دیواریں ہمارے درمیان حائل نہ ہوتی کم از کم

URDU NOVEL BANK

وہ سوچتا رہا لیکن وہ چھوٹی سی لڑکی معصوم جان وہ کیا کیا برداشت کر سکتی تھی جبکہ بوا نے بتایا تھا کہ وہ بیمار رہنے لگی ہے۔

اس کے انہیلر کو دیکھتے وہ آنکھیں میچ گیا وہ تکلیف خود بھی محسوس کر رہا تھا اس کی۔
پھر اس کے ماتھے پر کئی بار لب رکھے دل پاگل سا ہونے کو تھا اسے قریب دیکھ کر۔

"!از---ازلان---"

وہ نیند میں بھی اس کی موجودگی محسوس کر چکی تھی۔

ازلان نے اسے ساتھ لگاتے اپنے ہونے کا احساس دلایا چہرہ اب سپاٹ تھا وہ سو گئی تھی لیکن وہ سو نہ پایا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کھانا کھاتے بھی وہ اس سے باتیں کر رہی تھی مسلسل شایان عثمانی نے اسے اتنا بولتے کبھی نہیں دیکھا تھا شاید وہ پہلی بار کسی کی توجہ اور محبت ملنے پر اپنا آپ کھول رہی تھی۔

"!مجھے میٹنگ کے لیے جانا ہے تم سو جاؤ"

URDU NOVEL BANK

وہ اٹھتا بولا اس کی باتوں میں وہ اسے آخری نوالہ اپنا کھلانا بھول گیا تھا۔

کونین نے محسوس کیا لیکن بولی نہیں۔

"کیا میں بھی آجاؤں ساتھ؟"

"نہیں تم کیا کروں گی؟"

"لیکن رات کو کون سی میٹنگ ہے مجھے اکیلے ڈر لگے گا۔"

سو جاؤ جا کر۔۔۔کلائینٹ نے رات ہی کو ملنے کا وقت دیا تھا میں جلدی آجاؤں گا "وہ کہتا"

اٹھا اور اپنی فائلز اندر سے لینے چلا گیا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کونین نے اس کے جاتے تک اس کی پشت کو دیکھا تھا اسے لگا جیسے وہ اس سے بہت

دور جا رہا ہے۔

"شایان؟"

وہ جو نہیں چاہتا تھا وہ اس سے مخاطب ہو مجبوراً واپس مڑا۔

"جلدی آجائیں گے نا؟"

URDU NOVEL BANK

"!کوشش کروں گا"

وہ بس اتنا ہی بول پایا اور واپس نکل گیا اس کی کوئی میٹنگ نہیں تھی اس وقت لیکن وہ اس لڑکی سے دور جانا چاہتا تھا۔

وہ اسے بُرے طریقے سے اپنے سحر میں مبتلا کر رہی تھی جو وہ نہیں ہونا چاہتا تھا۔
گاڑی میں بیٹھتے اس نے گاڑی سڑک پر ڈال دی جانا اسے کہیں نہیں تھا لیکن وہ پھر بھی اس سے دور جا رہا تھا۔
جی خالہ؟ "فون پر ان کا نمبر دیکھتے اس نے کال پِک کی۔"
"کیا اس کی بیٹی تمہارے ساتھ ہے؟"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

آپ کو کیسے پتا؟ "وہ سنجیدہ سا بولا۔"
مجھے تمہارے بارے میں سب پتا ہوتا ہے شان۔۔۔اس کی بیٹی تمہارے ساتھ ہے۔۔۔کیا ہوا خالہ کے ساتھ ہوئی زیادتیاں بھول کر تمہیں اپنی بچپن کی منکوحہ یاد آ گئی ہے۔"

URDU NOVEL BANK

ایسا کچھ نہیں ہے "وہ سنجیدہ ہوا اور گاڑی ایک طرف روکی۔"

میں نے ساری زندگی تم پر وقف کی ہے شان اور تم اس شخص کی بیٹی پر اپنا آپ وار" رہے ہو "!وہ لہجہ نم کرتے بولیں۔

"خالہ پلیز آپ روئیں نہیں میں آپ کو تکلیف میں نہیں دیکھ سکتا۔"

!واپس آجاؤ پھر

میری میٹنگ ہے ابھی "!جو کل پرسوں ہونی تھی ابھی۔"

"اسے واپس بھیجو پھر۔"

کیسے؟ وہ بھونچکا گیا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

یہ تم پر منحصر ہے لیکن اگر وہ مزید اب تمہارے ساتھ رہی تو مجھ سے بُرا کوئی نہیں ہو" گا۔۔۔اس شخص کو تو کیا اس کی بیٹی کو بھی سکھ نصیب ہوا تو میں تم سے کبھی نہیں "ملوں گی۔

"خالہ میں میٹنگ ہوتے اسے واپس۔۔۔۔"

URDU NOVEL BANK

لیکن کال کٹ گئی تھی وہ اپنے بال مٹھیوں میں بھینچ گیا اسے واپس اکیلے کیسے بھیجتا وہ۔
اس کے اعتماد کے لوگ تھے یہاں لیکن۔۔۔۔۔

اس نے سٹرینگ ویل پر سر ٹکا دیا وہ خود نہیں جانتا تھا کہ اسے کیا کرنا ہے اب اس لیے واپسی کے راستے پر گاڑی موڑ لی۔

"کیا آپ کو پتا ہے آپی آپ کا بیٹا کیا کرتا پھر رہا ہے۔"

نہیں مجھے نہیں معلوم۔

"وہ لڑکی جو اس کے ساتھ گئی ہے وہ معلوم ہے کون ہے؟؟"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

نہیں!

آپ کتنی بے خبر ہیں وہ خاور عثمانی کی بیٹی ہے "وہ بولی تو تہذیب عثمانی اپنی جگہ سے اٹھ کھڑی ہوئی۔

"یہ کیسے ممکن ہے؟"

URDU NOVEL BANK

وہ واپس آئی تھی شاید اپنے شوہر کو پانے اور اس گھر کا حصہ بننے کیا پتا یہ اس کے" "باپ کی کوئی چال ہو۔

تم بھی جانتی ہو اس کے باپ کی چال نہ سالوں پہلے تھی کوئی اور نہ اب ہو گی "وہ بولی تو دونوں طرف خاموشی چھا گئی۔

خیر میں نے اسے کہا ہے کہ واپس بھیجے اس لڑکی کو ۔۔۔ہمارا لڑکا ہمارے ہاتھ سے نا نکل جائے۔

ٹھیک ہے۔

وہ الجھی ہوئی سوچوں میں بھٹکا گھر آیا تھا لیکن اپنی خالہ کہ آنسوؤں نے اس کی سوچنے سمجھنے کی صلاحیت کو سلب کر دیا تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"اتنی جلدی آگئے؟"

کونین اپنے کمرے میں تھی جب بیرونی دروازے کو کُھلتے اور پھر بند ہونے کی آواز سنتے وہ باہر نکل آئی فوراً۔

"پیکنگ کر لو تم جا رہی ہو؟"

URDU NOVEL BANK

کونین نے حیرانگی سے اسے دیکھا۔

"اتنی جلدی جا رہے ہیں کتنا اچھا لگ----"

"ہم نہیں تم ----تم جا رہی ہو بس----"

میں اکیلی؟ اس نے حیرت سے اپنی طرف انگلی کرتے تصدیق کرنی چاہی۔

"ہاں! سامان باندھو"

لیکن----

مجھے کچھ نہیں سُننا---سامان باندھو ڈرائیور کا بندوبست کر لیا ہے وہ چھوڑ آئے گا تمہیں"

"بیشک اپنے باپ سے مل لینا جا کر---

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کونین کو لگا وہ وہ شخص نہیں ہے جسے پچھلے کچھ دنوں سے وہ جان رہی تھی اور مزید جاننا چاہتی تھی۔

یہ وہ شخص تھا جو اسے آغاز میں ملا تھا بے مروت اور احساسات سے عاری۔

میں اکیلے کیسے جاؤں گی وہ بھی اس وقت؟ "اس کا دل لرزا۔"

URDU NOVEL BANK

ڈرائیور بھروسے مند آدمی ہے اب جلدی سامان سمیٹو وہ آنے والا ہو گا "وہ کہتا اپنے"
کمرے میں چلا گیا۔

کونین کچھ سوچتی اندر آئی جہاں وہ واش روم میں تھا۔
اس نے دھیرے سے اپنی پیکنگ شروع کی۔
اس کے باہر آتے ہی اس کی طرف لپکی۔
شایان پلیززز !میں آلث کے ساتھ ہی واپس جاؤں گی۔۔۔بابا سے واپسی پر مل لوں گی"
"کوئی مسئلہ نہیں ہے اور۔۔۔
سمجھ نہیں آرہی تمہیں میری بات؟ "وہ دھاڑا تو وہ دو قدم پیچھے ہوئی اور پھر اپنی چیزیں"
سمیٹیں۔

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

پھر اپنا سامان والا بیگ اٹھانا چاہا کہ وہ آگے بڑھا اور اس کا بیگ اٹھاتے باہر نکل آیا۔
وہ گیٹ پر جا کر کھڑی ہو گئی۔
"!چادر اوڑھو"

URDU NOVEL BANK

"نہیں ایسے ہی ٹھیک ہے اس نے دوپٹے کو اچھے سے لپیٹ رکھا تھا۔"

شایان کچھ نہیں بولا۔

"اندر انتظار کرلو ابھی آجاتا ہے۔"

ضرورت نہیں!

"آپ جائیں اندر وہ آئے گا تو میں چلی جاؤں گی۔"

کونین کا دل دھک دھک ہو رہا تھا وہ ابھی اس شخص سے دور نہیں جانا چاہتی تھی ابھی تو دل میں اس شخص کے لیے نرم گرم جذبات ابھرنے لگے تھے اس کے دیکھنے پر پیٹ میں تتلیاں سی بھرنے لگی تھیں اور ابھی اس نے جدائی کا پروانہ اسے تھما دیا تھا۔

visit for more novels: www.urdunovelbank.com

کیوں؟ "جواب وہ چاہ کر بھی جان نہیں پائی تھی۔"

آہ! اس نے گہرا سانس بھرا۔

پھر ڈرائیور کے آتے اس نے شایان کو دیکھا جو اس کا سامان رکھتا ڈرائیور کو کچھ کہہ رہا تھا۔

وہ خاموشی سے بیٹھ گئی۔

URDU NOVEL BANK

امید بھری نگاہیں ابھی بھی اسی شخص پر تھیں کہ شاید وہ روک لے۔

"!مجھ سے بات کرتی رہنا پہنچ کر بتا دینا"

لیکن وہ شخص یہ سب کہہ کر امیدیں توڑ گیا تو کونین نے بنا کچھ کہے اپنی طرف کا شیشہ اوپر چڑھا دیا۔

وہ جو نظر بھر کر دیکھنے کا مجھے روادار نہیں

!میرا دل کیوں اس کے لیے پاک سے جذبات رکھتا ہے

از قلم خود۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

شایان عثمانی اندر آگیا اور دروازہ بند کر لیا۔

گھر اس کے جاتے ہی خالی سا لگنے لگا تھا لیکن کیا فرق پڑتا تھا اس کی زندگی میں کونین خاور کی کوئی جگہ نہ کل تھی اور نہ کبھی ہونی تھی شاید۔

کونین سارے راستے رب کا نام لے رہی تھی کیا اسے اس کے بعد شایان عثمانی پر بھروسہ کرنا تھا؟

URDU NOVEL BANK

جس نے نجانے کیوں لیکن صبح تک کا بھی انتظار نہیں کیا تھا اسے ایک انجان شخص کے ساتھ رات کے اس پہر ہی روانہ کر دیا تھا۔

"بھائی ہم کب تک پہنچیں گے؟"

ڈرائیور نے اسے کن اکھیوں سے شیشے سے دیکھا پھر بولا بس تھوڑی دیر!

انہیں نکلے گھنٹہ ہو گیا تھا اس نے دیکھا اس کے فون پر شایان کی کال آرہی تھی جو اس نے اٹھائی نہیں۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"یہ کون سے جگہ ہے بھائی؟"

وہ سڑکوں کی جگہ اب اسی کچی سڑکوں کو دیکھتی استسفار کرنے لگی۔

دل دھڑکنے لگا تھا کسی انھونی کے احساس سے۔

ڈرائیور نے اسے بیک ویو مرر میں دیکھا تھا بولا کچھ نہیں۔

اس کا دل دھڑکا اور اتنی زور سے دھڑکا کہ اسے باہر تک آواز آنے لگی۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

رب العالمین میری عزت رکھ لینا۔۔۔"وہ ورد کرنے لگی لیکن اس شخص کی نگاہیں" محسوس کرتے اس نے فوراً شایان کو کال ملا دی۔

"ہیلو شایان میں۔۔۔۔"

"!اے ے ے بند کر اسے"

ڈرائیور نے فوراً اس کے ہاتھ سے فون جھپٹنا چاہا جو وہ مظبوطی سے تھام گئی دل جیسے باہر آنے کو ہوا وہ ٹھیک سمجھ رہی تھی اس کی حسیات اسے صحیح سگنلز دے رہیں تھیں۔

"کونین۔۔۔۔؟"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ جو اسی کو بار بار کال ملا رہا تھا اس کے فون نہ اٹھانے پر پریشان ہوا تھا لیکن اب کی بار جو اس نے مخالف سمت سے سنا تھا وہ اسے وحشت میں مبتلا کر گیا تھا۔

وہ فوراً باہر کی طرف بھاگا تھا اسے نہیں یاد کہ اس نے بیرونی دروازے کو لاک بھی لگایا تھا یا نہیں۔

URDU NOVEL BANK

گاڑی کو سو کی اوپر کی سپیڈ میں چلاتے اس نے نجانے کتنے سگنل توڑے تھے۔

دماغ صرف اس وقت اسے یہ بتا رہا تھا کہ اس کی بچپن کی منکوحہ، اس کی بیوی، اس کی ،اپنی عزت خطرے میں تھی اس وقت اسے صرف یہ یاد تھا کہ وہ لڑکی، وہ صنفِ نازک وہ عورت اس کی بیوی ہے جس سے نبھانے کا اس نے سوچا تھا اور پہل بھی خود کی تھی۔

اس ڈرائیور نے اسے گالی دی تھی جو شایان عثمانی کے کانوں میں اب تک گونج رہی تھی۔

وہ تو بھروسے مند انسان تھا جو اس کے کام پہلے بھی کر دیا کرتا تھا۔

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

لیکن کیا اپنی عورتوں کے لیے کسی غیر مرد پر بھروسہ کیا جا سکتا تھا۔۔۔؟

آج کے بعد تو بالکل نہیں!

اس نے خود پر دس بار لعنت بھیجی اور سٹہرنگ پر پکڑ اور مظبوط کر لی۔

"چھوڑو۔۔۔!"

کونین نے اپنے جسم پر پہلی بار کسی غیر مرد کا لمس محسوس کیا تو اس کی روح فنا ہوئی۔

URDU NOVEL BANK

وہ شخص اس کے ساتھ اندر بیٹھتا اسے قابو میں کرنا چاہ رہا تھا۔

"!!!پلیززز۔۔۔۔۔اللہ"

اس کی دل خراچ چیخیں تھیں بس چاروں اور لیکن مدد کرنے والا کوئی نہیں کیونکہ وہاں کوئی گھر وغیرہ نہ تھے وہ کسی گاؤں کی طرف جاتی کچی سڑک معلوم ہوتی تھی۔

خدا کا واسطہ ہے۔۔۔۔۔"وہ ہاتھ جوڑنے لگی تھی۔"

نجانے لڑکیاں کیسے اپنے گھروں کو چھوڑ کر کسی غیر مرد کے ساتھ بھاگ جانے کا سوچ لیتی ہیں۔۔۔۔۔کیسے اپنے گھر والوں کے نا ماننے پر ایک انجان شخص کے لیے سب کچھ چھوڑ جاتی ہیں، اس چار دیواری کو چھوڑ جاتی ہیں جہاں انہیں سرد ہوا تک نہیں لگنے دی اس کے گھر کے مردوں نے، نجانے کیسے لڑکیاں گھر میں لگی پابندیوں سے آزادی کے نام پر اس چار دیواری سے نکل جاتی تھیں جہاں بچپن گزارا تھا جہاں مردوں نے اس پر ساتھ والے گھر کے آوارہ لڑکے کی نظر تک نہ پڑنے دی تھی، نجانے کیسے لڑکیاں مختلف ناولز یا کہانیاں پڑھ کر کڈنیپ ہوئی لڑکیوں جیسی زندگی کو آئیڈیلائیزڈ کر لیتی

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

تھی۔۔۔اس چار دیواری میں بیشک سہولتیں نا ہوں لیکن وہ چار دیواری کی اہمیت پتا ہے کیا ہے وہ چار دیواری وہ عام اینٹوں کی بنی عمارت عزتوں کی بنیاد پر کھڑی ہے جہاں کوئی ہاتھ تک تو کیا نظر نہیں اٹھا سکتا۔

ایک رات بارہ کے بعد باہر نکل کر دیکھو کیا ملک کے حالات ایسے ہیں کہ تم نکل سکو، کیا مردوں کا بھروسہ ہے کہ باہر نکلا جا سکے، رات کی تاریکی میں چھپے ہوئے بھیڑیے بھی شکار کی تلاش میں نکل آتے ہیں، یا وہ جو سورج کی روشنیوں میں باخلاق بنے پھرتے ہیں رات کو اخلاق بھولتے نوچنے کو تیار ہوتے ہیں اور اگلی صبح کسی کو نہیں معلوم ہو پائے گا کہ تم کہاں گئی وہ چار دیواری جو تمہارے گھر کے مردوں نے بنائی ہے نا وہ، وہ جگہ ہے جہاں باپ، بھائی مر جائیں گے لیکن تم تک سرد ہوا تک نہ آنے دیں گے۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اس کے جاگنے سے پہلے ہی وہ اٹھ گیا تھا باہر جاتے اس نے ناشتہ تیار کرنا شروع کیا۔

اعظم اب تک واپس نہ آیا تھا۔

وہ اندر آیا جہاں ساڑھے نو ہو گئے تھے اور وہ اب بھی پُرسکون سی سو رہی تھی۔

"فرشتے!"

وہ کروٹ بدل کر پھر سے سو گئی جیسی اس کی مداخلت پسند نہ آئی ہو۔

"فرشتے اٹھیں ناشتہ کریں!"

وہ اسے سیدھا کر کے جھٹکے سے بٹھا گیا تو وہ بیلنس برقرار نہ رکھتے ہوئے اسکے کندھے پر جھول گئی۔

ازلان اظہر نے خاموشی سے اس کے سر کو اپنے کندھے پر دیکھا پھر گہرا سانس بھرا۔

اس کے بال چہرے سے ہٹاتے اسے سیدھا بٹھایا تو وہ آنکھیں کھول گئی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"اٹھو ناشتہ کرو!"

"ابھی تو سوئی تھی میں اور سؤوں گی میں!"

وہ اس سے پہلے دوبارہ اس کے کندھے پر سر رکھتی ازلان نے اسے کھینچ کر بیڈ سے نیچے اتار دیا۔

URDU NOVEL BANK

ٹھنڈی زمین پر پاؤں رکھتے ہی اس کے چودہ طبق روشن ہوئے تھے اس نے خفگی سے ازلان کو دیکھا۔

برش رکھ دیا ہے تمہارا فریش ہو کر آؤ۔

"کیا اعظم آ گئے ہیں؟"

ازلان نے مڑ کر سخت نگاہ اس پر ڈالی تو وہ گڑبڑا گئی وہ تو اس لیے پوچھ رہی تھی کہ وہ اکیلے اس کے ساتھ وقت گزارنا چاہتی تھی لیکن ازلان اظہر غلط ہی سمجھا تھا۔

وہ فریش ہو کر آئی تو ازلان نے اس کے سامنے سینڈوچ رکھے جو اس نے خاموشی سے کھانا شروع کیا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"ازلان؟"

"بولو؟"

کیا آپ نے یہاں کوئی دوست بنائیں ہیں؟ "اس نے ازلان پر گہری نگاہ ڈالتے پوچھا۔"

"کیوں پوچھ رہی ہو؟"

وہ بے حد سنجیدہ تھا کل سے جب سے وہ آئی تھی اور وہ یہ صاف محسوس کر سکتی تھی۔

URDU NOVEL BANK

آپ ایسے کیوں بات کر رہے ہیں؟ آپ کو میرا آنا اچھا نہیں لگا تو واپس چلی جاتی ہوں" میں "وہ اپنی جگہ سے اٹھی۔

ازلان نے اس کے آگے دودھ کا گلاس رکھا۔

"!اسے ختم کرو"

"میں نہیں پیتی یہ۔"

"فرشتے اسے ختم کیے بغیر یہاں سے مت اٹھنا"

اس کی آواز میں حد درجہ سختی محسوس کرتے وہ وہیں بیٹھ گئی اور منہ بناتے وہ دودھ کا گلاس پینے لگی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"ازلان؟"

وہ فوراً سے اپنی کرسی سے اترتے اس تک آئی تھی جو سیدھا ہوا تھا شلف پر اپنا کپ رکھ کر۔

"اب ہم یہیں رہ سکتے ہیں نا؟"

URDU NOVEL BANK

ابھی وہ جواب دیتا کہ دروازہ کُھلنے اور پھر بند ہونے کی آواز آئی اور فرشتے اپنی جگہ پر بیٹھ گئی دوبارہ ازلان کو ناگوار گزرا تھا اس کا یوں اس سے دور جا کر سابقہ پوزیشن میں بیٹھ جانا۔

"ارے واہ ناشتہ ہو رہا ہے؟"

وہ بھی فرشتے کے ساتھ والی کرسی پر بیٹھ گیا تو ازلان نے کافی بنا کر اس کے آگے رکھی اور ایک کپ خود کے سامنے دوبارہ پینے لگا۔

پیو گی؟ اعظم نے اس سے پوچھا۔

نہیں یہ دودھ پی چکی ہے اور اسے کافی وغیرہ اب سے نہیں پینی "وہ بتا نہیں رہا تھا" حکم دے رہا تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

میں خیال رکھ لوں گا اعظم نے مسکراتے فرشتے کو دیکھا۔

فرشتے جلدی سے اٹھ کھڑی ہوئی اس سے پہلے کہ وہ جاتی اعظم اس کے سامنے کھڑا ہوا ازلان اپنی جگہ سے فورا کھڑا ہوا تھا۔

"فرشتے واپس کب جانا ہے؟"

URDU NOVEL BANK

میں یہاں سے جاتے ہی تم سے شادی کرنا چاہتا ہوں بہت انتظار کیا ہے تمہارا "اس" نے فرشتے کے دونوں بازوؤں پر اپنے ہاتھ رکھے۔

فرشتے نے جھٹکے سے سر اٹھاتے پہلے اسے دیکھا پھر ازلان کو۔

بھائی اس سے پیچھے ہٹیں "!وہ سرد سے لہجے میں بولا۔"

"کیوں بھئی؟"

میری ہونے والی بیوی ہے اور بچپن سے مجھے پسند کرتی ہے ہنی "وہ اس کے گال کو" کھینچتا بولا۔

ازلان نے آگے بڑھتا اسے اتنی زور سے دھکا دیاکہ وہ پیچھے دروازے میں بجا تھا۔

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

یہ کیا بدتمیزی ہے ازلان؟ "اعظم چیخا تھا۔"

"میں نے کہا نہیں آپ کو کہ اس سے دور رہیں؟"

"اور کیوں دور رہوں میں تم پاگل ہو گئے ہو؟"

"پاگل ہو گیا ہوں میں، ہاں پاگل ہو گیا ہوں میں۔۔۔"

URDU NOVEL BANK

"ایک منٹ کہیں تمہیں بھی فرشتے پسند----"

دیکھو ازلان میرے بھائی وہ مجھ سے محبت کرتی ہے بچپن سے اور ہم شادی کرنے"

"والے تھے لیکن مجھے جانا پڑا لیکن اب میں جلد سے جلد فرشتے سے شادی----

ازلان نے بنا لحاظ کرتے اپنے بڑے بھائی پر حملہ کیا اس کے منہ پر مکے برسائے تھے

جس سے اس کے ہونٹ کا کنارہ پھٹ گیا تھا۔

فرشتے نے کانپتے قدموں کے ساتھ آگے بڑھتے ازلان کو اس سے دور کیا تھا۔

"!از---ل---لان--- ہٹیں"

ازلان نے اسے دور کیا تھا اور اس کو ایسی نظر سے دیکھا کہ فرشتے ہٹ گئی وہ کانپ رہی

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

تھی اس نے ازلان اظہر کا یہ روپ پہلے کبھی نہیں دیکھا تھا۔

ہاں بچپن سے وہ بہت غصے والا تھا، غصہ کم آتا تھا لیکن جب آتا تھا تو وہ اپنے آپے میں

نہیں رہتا تھا۔

اس نے فرشتے کا ہاتھ پکڑا۔

URDU NOVEL BANK

دور رہو اس سے اور دیکھ رہے ہو میرے ہاتھ میں ہے اس کا ہاتھ نکلو اب فوراً "ازلان" نے کہا تو اعظم آگے بڑھا۔

ازلان نے اسے اپنے گھسیٹتے کمرے میں لے جاکر دھکا دیا اور پھر اعظم کو پیچھے دھکا دیا۔

ڈونٹ یو ڈیئر "!وہ دھاڑا۔"

"ازلان تم پاگل ہو گئے ہو میں ڈیڈ کو فون۔۔۔۔"

جس کو مرضی کرو !اس نے کہتے دروازہ اس کے منہ پر بند کیا۔

فرشتے کی ہچکیاں بندھ گئی تھیں۔

ازلان مڑا اور اسے دیکھنے لگا پھر اس کی طرف قدم بڑھائے لہو چھلکاتی نگاہوں سے اسے دیکھا تو فرشتے کا سانس خشک ہوا۔

www.urdunovelbank.com

"ازلان۔۔۔۔"

لیکن وہ اپنے ہوش وحواس میں نہیں تھا۔

تم اس سے محبت کرتی ہو نا اب بھی۔۔۔ اب بھی اس سے محبت کرتی ہو اور وہ کہہ" رہا ہے ڈیڈ کو فون کروں گا ان کے نام سے ڈرا رہا ہے مجھے، تمہیں چھیننے کی بات کر رہا

URDU NOVEL BANK

ہے وہ فرشتے ازلان تمہیں۔۔۔۔مجھے کچھ کبھی نصیب کیوں نہیں ہوا۔۔۔ہمیشہ اسے ہی

"سب کیوں ملا؟

وہ اس کے نزدیک آتا اس کے بازوؤں کو تھامتے بولا۔

فرشتے کو لگا اس کی انگلیاں بازوؤں میں دھنس جائیں گی وہ کانپ رہی تھی۔

میں تم پر اپنی مہر لگا دیتا ہوں میں تم اپنی چھاپ ایسی چھوڑوں گا کہ وہ جان جائے گا"

"کہ تم میری بیوی ہو، میری ملکیت۔

وہ اسے بیڈ پر دھکا دیتا اس پر جھکا تھا کونین اونچی آواز میں رونے لگی تھی۔

اعظم اپنے باپ کو فون کرنے لگا اور دروازہ کھٹکھٹانے لگا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"اسے بولو یہ جائے یہاں سے"

اس نے فرشتے کو کہا فرشتے نے سر ناں میں ہلایا اس وقت وہ بے حد ڈر رہی تھی اس

سے۔

"کیوں نہیں بول رہی اسے جانے کا۔۔۔۔؟"

URDU NOVEL BANK

وہ دھاڑا اور پھر اس پر جھک گیا اس کی سانسوں میں اپنی سانسوں کی وحشت ملانے لگا۔

وہ اس وقت اپنے ہوش و حواس میں نہیں تھا وہ نہیں جانتا تھا کیا کر رہا ہے اور اس کا نتیجہ کیا نکلے گا اس سے پہلے اس پھول جیسی لڑکی کو کسی نے ایسے ہاتھ لگائے تھے اور ابھی کل ہی کی تو بات ہے جب اس لڑکی کو اسی نے اس ٹرامہ سے نکالنے میں اپنی زندگی کے سال لگائے تھے اور اب وہ خود اپنے ہاتھوں سے اس کے ساتھ یہ کر رہا تھا اسے اسی دوراہے پر دوبارہ لانے والا تھا۔

"ازلان----"

ازلان اس کی گردن پر جھکا اس پر اپنی وحشت انڈیل رہا تھا فرشتے کا کانپنا، رونا سسکنا اسے جیسے سنائی ہی نہیں دے رہا تھا۔

www.urdunovelbank.com

فرشتے نے اسے دور کرنا چاہا اور ہر بار دور کرنے پر وہ اس کے اور نزدیک ہوتا تھا---فرشتے کے ہونٹوں پر خون کی بوند تھی گردن پر اور چہرے پر جابجا نشان---وہ شخص اس وقت اس کا شوہر تو ہرگز نہیں لگا تھا اسے۔

"چھوڑو-----"

URDU NOVEL BANK

فرشتے رو رہی تھی جبکہ اعظم سگنلز نہ ملنے پر باہر نکل گیا تھا۔

"تم مجھ سے محبت نہیں کرتی نا۔۔۔اپنا حق وصول کرتے میں بتاتا ہوں اس شخص کو"
"کہ تم میری کیا لگتی ہو، تاکہ ہر بار کی طرح میری چیزوں پر وہ نظر نہ کرے
وہ اٹھا اور اپنی شرٹ کے بٹن کھولتے دور پھینکی۔
فرشتے کی روح فنا ہوئی اس نے اس سے دور ہونے کی کوشش کی تو ازلان نے اسے مزید اپنے پاس کیا اور اس کی شرٹ کو کندھے سے کھینچ کر نیچے کیا اور وہاں اپنے دانت رکھے۔

فرشتے کی برداشت یہیں تک تھی اس نے ازلان کو دھکا دیا اور چٹاخ۔۔۔۔۔اس کے

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

چہرے پر تھپڑ مارتے روتے اس کے آگے ہاتھ جوڑ دیے۔
بیوی ہوں۔۔۔باہر کی کوئی لڑکی نہیں یہ دیکھیں کیا حال کیا ہے تم نے میرا۔۔۔"تم"
"شوہر ہو؟ مجھے آج تم نے اسی حال میں پہنچا دیا ہے جس سے نکالا تھا
وہ وہیں پڑی رہی۔

URDU NOVEL BANK

ازلان اظہر کا دماغ سائیں سائیں کرنے لگا سامنے مجود وجود کی حالت دیکھ کر اور اپنی شرٹ کو اپنے پاس اپنے تن پر موجود نہ دیکھ کر۔

وہ بکھری سی تھی اس کی شرٹ کندھے سے سرکی تھی بال بُرے طریقے سے پھیل گئے تھے گردن پر جابجا اس کے دیے نشان تھے ہونٹ پر خون کی چند بوندیں تھی جو جم گئی تھیں چہرے پر اس کی وحشت کے دیے نشان چیخ چیخ کر اسکے ساتھ ہوئے ظلم کو بیان کر رہے تھے دھونکی کی مانند چلتا اس کا سانس، آنکھوں سے بہتا سیلاب وہ جم سا گیا اپنی جگہ، یہ وہ لڑکی تھی جس کو کانٹا تک لگنے پر وہ پاگل ہو جاتا تھا اور آج کیا حال کیا تھا اس کا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ہن۔۔ہنی۔۔۔۔ "ہوش میں آتے اس تک جانا چاہا۔"

"نہیں دور۔۔۔۔دور دہو۔۔۔۔"

تم مجھے مار دو گے۔۔۔۔میں نے غلطی کر دی یہاں آکر۔۔۔۔میں وہیں ٹھیک تھیں"
"یہاں آکر تمہیں وحشی بنتے خود کو یوں اس حال میں نہ دیکھتی

URDU NOVEL BANK

وہ ازیت سے چیخ رہی تھی جو گھاؤ وہ اسے دے گیا تھا وہ تو اب زندگی بھر نہیں بھرنے تھے۔

وہ پاگل ہونے کو تھا لیکن خاموش تھا اس وقت اسے سمجھ نہیں آرہی تھی کہ اس نے کیا کیا ہے۔

فرشتے اٹھی اور اس کے پاس آتے اسے دھکا دیا اور اس کی آنکھوں میں اپنی سوجی لال آنکھیں گاڑھی۔

تم سے نفرت کرے گی اب فرشتے حیدر تاعمر اور تم اسی نفرت میں مارے جاؤ گے"

ازلان اظہر!!!"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ کہتی باہر نکل گئی پھر حلیہ درست کیا اور گھر سے نکل گئی باہر برف باری شروع ہو گئی تھی۔

ازلان وہیں کھڑا رہا نجانے کتنے منٹ اور پھر منٹ سرک کر گھنٹے میں بدل گئے وہ وہیں کرسی پر بیٹھ گیا۔

URDU NOVEL BANK

اسے یقین نہیں آیا کہ وہ حالت اس نے کی ہے اس لڑکی کی، اپنی بیوی کی، اپنی بچپن کی محبت کی۔

وہ جانور بن گیا تھا اگر وہ اسے تھپڑ مار کر ہوش نہ دلاتی تو وہ تو شاید آج ہر حد پار کر جاتا۔

فرشتے ازلان اظہر کو اس نے اپنے ہاتھوں سے جوڑ کر توڑ دیا تھا اور شاید کھو بھی دیا تھا۔

فرشتے پر برف گر رہی تھی وہ کانپ رہی تھی لیکن یہ سردی کی کپکپاہٹ اس خوف کی کپکپاہٹ سے بہتر تھی اس کی آنکھیں اب خشک ہو گئی تھیں وہ یقین نہیں کر پا رہی تھی جو اس کے ساتھ ہوا تھا اور اس سے زیادہ اس شخص پر وہ اس کی ہلکی سی آہ پر پاگل دیوانہ بن جاتا تھا اور آج-----

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"میں کبھی نہیں ملوں گی تمہیں----"

وہ کہتی بہت آگے نکل گئی اس جگہ سے دور اس گھر سے اس شخص سے دور اس انجان ملک کی انجان گلیوں میں برف باری میں۔

اردو ناول اور سٹوریز کی سب سے بڑی ویب سائٹ

www.urdunovelbank.com



Urdu Novel Bank website

جہاں ملے آپ کو نئے

اور اچھے معیاری ناول

تمام کیٹگری میں۔۔۔

گوگل پر ٹائپ کریں

Urdu Novel Bank

اور ویب سائٹ سے

ڈاؤنلوڈ کریں ہزاروں

مکمل ناول مفت میں

URDU NOVEL BANK

شایان نے لوکیشن اون کی کونین کی لوکیشن چیک کی جو اون تھی قسمت سے۔

اس نے گاڑی روکی وہ یہ سڑک نہیں تھی اور جو سڑک تھی وہ کس علاقے کو جاتی تھی

اس کا دل کیا آسمان پھٹے اور وہ اس میں سما جائے۔

وہ گاڑی بھگاتا وہاں لایا تھا ----لوکیشن رب العالمین نے زریعہ بنائی تھی اگر یہ زریعہ نا بنتا تو----؟

ایک گاڑی دور سے دیکھی جا سکتی تھی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ گاڑی پہچانتا وہاں سے اترا اور بھاگتا آیا اسے لگا تھا اس کا جسم اس کا ساتھ نہیں دے رہا۔

لیکن وہ رُکا اور واپس مڑ گیا گاڑی کی بیگ سیٹ کے نیچے سے پسٹل نکالا اور لہو چھلکاتی نگاہوں سے آگے بڑھا۔

URDU NOVEL BANK

کوئی آواز نا آئی تھی۔

"!کونیننن"

وہ چلایا اور پاس آیا سامنے کا منظر دیکھتے اس کی روح پرواز ہونے کو تھی۔

اسے لگا کہ یہ قیامت تھی، وہ منظر قیامت خیز تھا وہ شخص اس پر جھکا تھا اور وہ بیہوش پڑی تھی گاڑی کا پچھلا دروازہ کھلا تھا جہاں وہ موجود تھی۔

وہ شخص اسے دیکھتا فوراً کھڑا ہوا۔

سر۔۔۔۔۔س۔۔۔۔۔اس کی زبان نے اس کا ساتھ چھوڑا تھا۔

شایان عثمانی نے ہاتھ اوپر اٹھائے اور اس شخص کے دل اور دماغ کے مقام کے علاؤہ ہاتھ اور ٹانگوں میں انگنت گولیاں چلائیں کہ اس شخص کو مہلت بھی نہ مل پائی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ تڑپ رہا تھا نیچے گرا۔

"تیری ہمت جیسے ہوئی غدادی کرنے کی؟ میری بیوی کو بے نقاب کرنے کی جرات کیسے آگئی تجھ میں؟"

URDU NOVEL BANK

شایان نے اس کی طرف بڑھتے اس کے چہرے پر اپنا بوٹ مارا اور پھر اس کے چہرے کا نقشہ بگاڑ دیا اس کے بازوں اور ٹانگوں کے علاوہ اب اس کا چہرہ بھی خون سے بھر گیا تھا۔

تیری سزا پتا ہے کیا ہے کہ تجھے قبر تک نا نصیب ہو "وہ اسے وہیں چھوڑتا اس کی" طرف بڑھا جو ہوش میں آتی یہ سب دیکھ رہی تھی۔

اس کے چہرے پر تھپڑوں کے نشان تھے قمیض دو تین جگھوں سے پھٹی تھی اس کا دوپٹہ اس کے وجود پر نہ تھا جو ہمیشہ رہتا تھا بال بکھرے پڑے تھے۔

شایان کا دل پھٹ رہا تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ آگے بڑھا اور دوسری طرف کا دروازہ کھولا اور اسے باہوں میں بھرتا اپنی گاڑی میں اگلی سیٹ پر بٹھاتا اپنی جگہ پر بیٹھا اور گاڑی گھر کے راستے پر ڈالی۔

یہ کونین خاور کی زندگی بھر کی عبادتیں تھی اور رب العالمین نیک عورتوں کو یوں رسوا نہیں کرتا۔

URDU NOVEL BANK

وہ محفوظ تھی اس کی عزت محفوظ تھی وہ وقت پر پہنچ گیا تھا اس کے پاس، اسے لگا لوکیشن معجزہ تھی جس پر لوگ بھروسہ نہیں رکھتے اب۔

وہ پھر سے نیم بیہوشی کی حالت میں چلی گئی شایان دو گھنٹے کی ڈرائیو کرتا اسے واپس گھر لایا۔

اسے یاد آیا کیسے اس نے اسے کہا تھا اسے نہیں جانا لیکن وہ بضد تھا اسے بھیجنے پر۔

اسے اندر لٹاتے وہ نیم گرم پانی لایا اس کا وجود صاف کیا۔

پھر اس کے کپڑے اسکے بیگ سے نکالے اور اس کی طرف بڑھا۔

وہ اب بھی نیم بیہوش سی تھی شایان نے سائیڈ لیمپ بجھایا اور اس کے پکڑے بدلے اور لائٹس دوبارہ اون کی۔

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

اس کے بال باندھتے اس کے چہرے پر ہاتھ رکھا جہاں جابجا انگلیوں کے نشان تھے اس کا دل کیا واپس جائے اور اس شخص کی انگلیوں کو اپنے بوٹوں تلے مسل دے۔

وہ وہیں بیٹھ گیا اور اسے دیکھتا رہا۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

کیا یہ وہی کونین شایان تھی جسے وہ ساتھ لایا تھا، جو ابھی کل تک اس سے ڈھیر ساری باتیں کر رہی تھی، جس کی آنکھیں جذبات دِکھانے لگیں تھیں۔

اس نے نا کپڑے بدلے نا وہاں سے اٹھا بس اسے دیکھتا رہا اس کے گالوں کو تھامتے وہیں بیٹھا رہا کہ کمر اور ٹانگیں اکڑ گیئں۔

فجر کی آزان کی آواز گونجنے لگی تو کونین کا وجود کسمسایا وہ اسے وقت جاگتی تھی روز۔

اور پھر دیھیرے سے اس نے آنکھیں کھولیں اور شایان کو دیکھا۔

لبوں پر زرا بھر مسکراہٹ آئی اور اس نے پھر سے آنکھیں بند کی اور پھر دو، تین، پانچ اور دس سیکنڈ بعد وہ چیخ مارتی اٹھی سب یاد آتے ہی وہ بے قابو ہوئی تھی۔

Visit for more novels
www.urdunovelbank.com

"کونیننن-----"

"دور---دور رہو"

وہ اپنا آپ اس سے چھڑوا رہی تھی۔

کونین یہ میں ہوں شایان---"وہ اسے قابو میں کر رہا تھا کہ ایک دم کونین کا وجود تھما۔

URDU NOVEL BANK

پھر اس نے شایان کو دیکھا جیسے اسے پہچان لیا ہو۔

کیا ہوا؟"

اب نہیں بھیجنا مجھے؟ ایسا کرو ایک اور ڈرائیور بلاؤ جو بھروسے مند ہو مجھے ابھی جانا ہے "وہ کہتی بیڈ سے اترنے لگی کہ شایان نے اسے تھاما۔

"!کونین"

نہیں میرا نام مت لو !میرا نام مت لو !وہ شخص آج وہاں تک پہنچ گیا تھا شایان عثمانی"

"جہاں تک تم نہیں پہنچ سکے میرے نام نہاد شوہر ہوتے ہوئے بھی

اس نے یہاں اور پھر وہ انگلی رکھتی گئی جہاں جہاں اس شخص نے چھوا تھا اسے۔

visit for more novels.
www.urdunovelbank.com

شایان نے خود کو انگاروں پر محسوس کیا۔

"مار دیا۔۔۔مار دیا اس شخص کو میں نے۔۔۔۔"

"اچھا کیا۔۔۔لیکن کیا اس کا لمس میرے وجود سے ہٹا سکتے ہو۔۔۔بولو؟"

وہ چیخی اور پھر رونے لگی پھوٹ پھوٹ کر۔

URDU NOVEL BANK

شایان نے اسے حصار میں لینا چاہا لیکن اس نے شایان کو جھٹک دیا ایک بار نہیں بار بار اور پانچویں بار وہ اس کے سینے سے لگی بُرے طریقے سے رو رہی ہو۔

جیسے ایک بچہ چوٹ لگنے پر نرم آغوش میں آتا رو رہا ہو۔

شایان نے اسے مضبوطی سے خود میں بھینچا تھا اس کے بالوں پر پاگلوں کی طرح بوسے دیتا وہ شخص اس کی قسمر سہلا رہا تھا۔

وہ اپنے انجام کو پہنچ گیا۔

"آپ نے مجھے کیوں بھیجا شان؟"

وہ آنکھیں اٹھاتی بولی تو شایان عثمانی کا دل رُک گیا اور یہی وہ لمحہ تھا جہاں وہ سب دشمنی سب دعوے سب بھول گیا وہ سامنے بیٹھی لڑکی اس کی بیوی تھی، منکوحہ بچپن کی، محرم سب کچھ۔

"!مجھے معاف کر دو !میری غلطی ہے میں۔۔۔۔"

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

شایان کو لگا کہ معافی مانگنے کے لیے بنانے والے نے نہایت تھوڑے، چھوٹے اور بے معنی لفظ بنائے ہیں۔

شایان نے اس کا چہرہ سامنے کیا اور پھر پاگلوں کی طرح آہستگی سے اس کے چہرے کو چومنے لگا جیسے تکلیف کم کرنی چاہی ہو۔

رب العالمین نے کونین شایان عثمانی کو محفوظ کر دیا کیا یہ بات کافی نہیں؟ "شایان" اسے دیکھ کر بولا تو اس نے تیزی سے سر ہلایا۔

شایان نے اس کی تھوڑی کو چوما جہاں زخم تھا ہلکا سا۔

"اگر آپ نہ آتے؟"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"تو رب العالمین کوئی اور ذریعہ بنا دیتا لیکن کونین آپ کو یوں رسوا نہ کرتا"

وہ بولا تو وہ مطمئن ہوئی شاید وہ صحیح کہہ رہا تھا۔

"!مجھے نماز پڑھنی ہے شکر بھی تو ادا کرنا ہے"

وہ بولی تو شایان نے سر ہلایا اس کے بعد اس نے نماز ادا کی تھی اور دونوں کے سر سجدے میں پڑے رہے تھے نجانے کتنی دیر۔

URDU NOVEL BANK

وہ محفوظ تھی اس کے ساتھ موجود تھی۔

وہ آکر لیٹا اور اسے واپس سے حصار میں لیا تو وہ شایان کو دیکھنے لگی۔

"!سو جاؤ"

"!میں کبھی باہر اکیلی نہیں نکلوں گی"

وہ بولی تو شایان سے سر ہلایا وہ بہت ڈر گئی تھی اس واقعے کے بعد۔

شایان عثمانی کی شرٹ کو مٹھیوں میں بھینچتے وہ اس کے ساتھ لیٹی اس کے سینے پر اپنا سر ٹکایا۔

اس کی گرم سانسیں شایان کو خود کے سینے پر محسوس ہو رہی تھی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اس کا دل پرسکون تھا اب۔۔وہ اس کو حصار میں لیے نجانے کتنی دیر تک اس کی قمر سہلاتا رہا، اس کے بالوں میں انگلیاں چلاتا رہا کہ وہ سو جائے اور وہ سو گئی تھی۔

اس کی آنکھوں کے پپوٹے سوج گئے تھے۔

URDU NOVEL BANK

کچھ دیر بعد شایان کی آواز اپنے فون پر آتی کال سے کُھلی تھی اور اس کی خالہ کا فون تھا اس نے لب بھینچے وہ کل انہی کی باتوں میں تو آگیا تھا اس نے فون بند کر دیا اور اسے دیکھا روشنی میں جس کے چہرے پر نشان بے حد واضح تھا۔

اس کا دل ڈوب کر ابھرا۔

یہ بات وہ جانتا تھا وہ دونوں ہمیشہ یاد رکھنے والے تھے آج کی تاریخ کو کچھ حادثے کبھی نہیں بھولتے اور جس طرح آج انہوں نے قیامت دیکھی تھی وہ ہمیشہ ان کے دماغوں پر نقش رہنی تھی۔

وہ اس کے چہرے کو آہستگی سے تھام گیا پھر لب رکھے رات کی طرح جیسے اس سے بہتر مسیحائی کوئی نہ ہو۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اس نے مان لیا تھا کہ وہ لڑکی جو اس وقت اس کے پاس ہے جس کی سانسیں اس کی سانسوں کے ساتھ بڑھتی کم ہو رہی تھیں وہ اس کا سب کچھ ہے۔

اور سب کچھ کا مطلب معمولی کہاں ہوتا ہے۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

کسی شخص کے لیے خود کو مختص کر لینا کہ وہی سب کچھ ہے یعنی دل نے تمام دروازے بند کر لیے تھے اب تاقیامت وہاں کوئی بھی رسائی نہیں پا سکتا تھا۔

صبح اس نے جاگتے گہری سانس بھری تھی آنکھیں ایک بار پھر نم ہوئیں تھی وہ واقعہ اس کے ذہن پر چپک سا گیا تھا۔

اس نے شایان کے چہرے کو دیکھا اسے یاد آیا کیسے اس نے اس شخص کو مار دیا تھا۔

شایان کی شرٹ کے بٹنوں سے کھیلتی وہ اپنا دھیان بھٹکانا چاہتی تھی۔

پھر اس کے چہرے کو دیکھنے لگی اس کے چہرے کے نقوش کو حفظ کر رہی تھی شاید۔

"!آپ میری نیند خراب کر رہی ہیں بیوی"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

شایان نے اس کی قمر سے پکڑ کر اسے ساتھ لگاتے کہا تو وہ ہوش میں آئی۔

کونین نے اسے سنجیدگی سے دیکھا۔

URDU NOVEL BANK

اسے نکلے گھنٹہ ہو چکا تھا برف باری تیز ہو گئی تھی وہ کانپ رہی تھی اسے لگا اس نے جذبات میں آکر وہاں سے نکلتے غلطی کی ہے۔

لیکن وہ یہاں سے دور جانا چاہتی تھی۔

ازلان وہیں بیٹھا تھا بے حس و حرکت لیکن جیسے جیسے وقت بیت رہا تھا اس کا ملال بڑھنے لگا تھا۔

اس کا دل کہہ رہا تھا کہ ازلان اظہر ابھی معافی مانگ لو ابھی اپنے گناہ کی تلافی کر لو نہیں تو دیر ہو جائے گی بہت دیر۔

ازلان !اعظم کی آواز آ رہی تھی لیکن وہ باہر نہ نکلا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ازلان؟

ابھی مجھے کسی سے بات نہیں کرنی !وہ وہیں بیٹھا اعظم کی پکار کے جواب میں بولا تھا۔

فرشتے کہاں ہے؟ "اعظم نے اس کا دروازہ کھٹکھٹاتے پوچھا تھا۔"

"!تمہارے کمرے میں ہو گی اب میرا دروازہ مت کھٹکھٹانا"

"!نہیں ہے وہ پورے گھر میں نہیں ہے"

URDU NOVEL BANK

اعظم بولا تو ازلان کو لگا کسی نے اس کے جسم سے روح کو کھینچ نکالا ہو۔

دل اور دماغ کی جنگ لڑتے وہ دو، ڈھائی گھنٹے بعد دروازہ کھولتا باہر آیا۔

کہاں ہے فرشتے؟ "اندر نہیں ہے کیا؟ تم نے اسے نکالا ہے باہر؟"

"میرا دماغ خراب نہیں ہے؟"

سچ میں؟ اعظم نے آئبرو اچکائی تو وہ اسے نظرانداز کرتا پورے گھر میں اسے دیکھنے لگا۔

گھر کون سا بڑا تھا بہت جو وہ ملتی نا۔۔۔اور پانچ منٹ میں ہی وہ اس نتیجے پر پہنچے تھے کہ فرشتے وہاں نہیں تھی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ازلان جیکٹ پر کورٹ پہنتا دستانے پہنتے پاگلوں کی طرح باہر بھاگا تھا۔

اعظم نے بھی آنا چاہا تھا۔

"!یہیں رکو !اگر میں کچھ دیر میں واپس نہیں آتا تو مدد بلا لینا"

تم رُکو میں جاتا ہوں "!اعظم نے کہا تو ازلان اسے سنے بغیر تیز قدموں سے سامنے جاتی سڑک پر بھاگا۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

"!فرشتے"

اس بلاک سے نکلتے اس نے آواز دی تھی جہاں چار بجے ہی اندھیرا ہونے لگتا تھا برف باری تیزی سے ہو رہی تھی۔

لیکن فرشتے کا کوئی اتا پتا نہیں تھا اور یہی بات اس کا دل دھڑکا رہی تھی وہ اپنا فون نا لائی تھی ساتھ اگر لائی بھی ہوتی تو اس کے پاس یہاں کا نا نمبر تھا نا سم -----

تف ہے !وہ خود پر ملامت کرتا اسے پاگلوں کی طرح ڈھونڈ رہا تھا ایک بلاک اور پھر پاس کے پانچ بلاک، لیکن اس کا کوئی پتا نہیں تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ دل میں رب کا نام لیتے اب اس جنگل کی سڑک پر گیا تھا۔

اگر وہ یہاں بھی نہ ہوئی تو---اندھیرا بڑھنے لگا تھا اور یہ جنگل بھی خطرناک تھا وہ تیزی سے اسے ڈھونڈ رہا تھا جبکہ وہ خود برف سے گیلا ہو چکا تھا پیر برف میں دھنس رہے تھے۔

"فرشتے؟"

!ازلان

URDU NOVEL BANK

فرشتے نے ازلان کی آواز سنتے ہی اس سمت جانا شروع کیا تھا اس کو سانس بھی اب مشکل سے آ رہا تھا وہ برف سے ڈھکی تھی سردی سے وجود کانپ رہا تھا وہ اس جنگل میں ابھی داخل ہی ہوئی تھی غلطی سے راستے کی تلاش میں جب اسے ازلان کی آواز سنائی دی تھی۔

ازی !اس نے پوری قوت سے اس شخص کو پکارا تھا جس سے بھاگ کر وہ یہاں آئی تھی۔

ازلان پاگلوں کی طرح یہاں وہاں دیکھ رہا تھا کیونکہ اسے آس پاس ہی کوئی حرکت محسوس ہو رہی تھی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"فرشتے!آواز دو مجھے ہنی"

فرشتے!

لیکن فرشتے جاتے سانسوں سے وہیں گر گئی برف پر گرتے ہی اس کے ہوش و حواس صلب ہو گئے تھے۔

URDU NOVEL BANK

ازلان نے اس کے گرتے ہی اس آواز کی سمت قدم بڑھائے اور اسے سامنے دیکھتے اسے لگا تھا جیسے اسے زندگی کی نوید سنائی گئی ہو۔

اس کے پاس جاتے اسے دیکھا جس کے ہونٹ نیلے پر چکے تھے سردی سے اور وجود جم چکا تھا۔

ازلان نے اپنا کورٹ اتار کر اسے پہنایا اور اپنے دستانے اسے پہنائے فوراً پھر اسے بمشکل اٹھاتا واپسی کے راستے پر گامزن ہوا کیونکہ وہ راستے جانتا تھا یہاں کے۔

وہ خود بھی بمشکل چل رہا تھا۔

واپس لاتے اس نے اعظم کو دیکھا جو وہیں کھڑا تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

فرشتے؟ وہ بھاگتا ان کی طرف آیا تھا۔

"ازی تم ٹھیک ہو؟"

جی بھائی "!وہ اسے اپنے کمرے میں لے آیا جہاں اعظم پیچھے ہی داخل ہوا تھا۔"

بھائی مجھے وقت دیں پلیز "!وہ آہستگی سے بولا تو اعظم اسے دیکھنے لگا۔"

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

اعظم نے اس کی آواز کی پختگی اور فرشتے کے وجود پر حق محسوس کیا تو پیچھے ہو گیا اور اپنے کمرے میں چلا گیا وہ خاموش ہو گیا تھا۔

کچھ ایسا تھا جس سے لاعلم تھا وہ شاید۔

ازلان نے لاتے اسے بیڈ پر لٹایا جس کی سانسوں کی روانی نہایت سست تھی۔

اس کے منہ کے پاس انہیلر لگایا اور اس کی قمر سہلائی دونوں کے وجود جم چکے تھے۔

اس نے جا کر شاور اون کیا اور پانی گرم ہوتے ہی وہ واپس فرشتے کے پاس آیا اور اسے اٹھا کر واپس واش روم کے فرش پر کھڑا کیا جو اس کے سہارے کھڑی تھی۔

گرم پانی گرتے ہی وہ کانپ اٹھی تھی لیکن ازلان نے اسے ساتھ لگائے رکھا اس وقت اس میں بھی ہمت نہ تھی کسی چیز کی۔

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

فرشتے نے ہوش میں آتے ہی اسے دیکھا اور پھر آنکھیں موند کر سر اس کے سینے پر رکھا تو وہ اسے ساتھ لیتا شاور بند کر کے اس کے کپڑے چینج کرواتے اسے لٹا کر تین کمفرٹر اوڑھ

URDU NOVEL BANK

چکا تھا اس کے ہاتھوں میں دستانے اور پاؤں میں دو جرابیں پہنا کر اب وہ مطمئن ہوا اور خود چینج کرنے کے بعد آکر وہیں ڈھے گیا۔

اس کا وجود ٹوٹ رہا تھا درد سے لیکن اس کی تمام حسیات ساتھ موجود وجود پر تھی۔

اسے کھینچ کر ساتھ لگایا۔

وہ جانتا تھا ہوش میں آنے کے بعد ہی وہ وجود اس سے دور کو جائے گا، اس سے پھر سے نفرت کا اظہار کرے گا جو اسے برداشت کرنا تھا۔

وہ اس کے بالوں کو دیوانہ وار چومنے لگا، اپنی بے خبری میں جو اس کے ساتھ کیا اور اس کے بعد اسے کھونے کے ڈر نے اس کے حواس طلب کر دیئے تھے۔

visit for more novels.
www.urdunovelbank.com

ائیم سوری ہنی!

وہ اس کے دستانوں والے ہاتھوں کو اپنے ہاتھ میں تھام کر انہیں رب کر رہا تھا۔

اس کے پاؤں پر اپنے پاؤں رکھے تھے وہ جیسے اسے اس کی گے خبری میں بھی خود سے دور کرنے کا روادار نہ تھا۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

ازی !اعظم نے دروازہ کھٹکھٹایا تو ازلان بمشکل اٹھا اور دروازے تک گیا۔

"اب ٹھیک ہو کچھ چاہیے؟"

نہیں !ازلان نے تھکے سے لہجے میں کہا۔

ایک ہی کمرے میں رہو گے؟ "اس نے پیچھے فرشتے کے وجود کو کمفرٹر دیکھ کر کہا۔"

بیوی کو اسی کے شوہر کے ساتھ ہی رہنا چاہیے بھائی اور اس وقت میرے علاوہ فرشتے "

ازلان کو کوئی نہیں سنبھال سکتا "وہ کہتا دروازہ بند کر گیا۔

اعظم اظہر وہیں کھڑا رہ گیا اسے لگا اس نے غلط سنا ہے۔

اپنے کمرے میں آتے وہ صوفے پر ڈھے گیا فون مسلسل بج رہا تھا لیکن اسے ہوش کہاں تھی۔

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

بیوی ---فرشتے بیوی تھی اس کے بھائی کی اور وہ تو شادی کی پلیننگ----

اسے کیوں نہیں بتایا گیا تھا---اس نے دل پر ہاتھ رکھا جہاں درد واضح محسوس ہو رہا تھا

لیکن وہ ازلان کی طرح چیزوں کو توڑتے، پھینکتے اپنا غصہ نہیں اتارتا تھا یہی وجہ تھی کہ

درد اس میں جڑیں مضبوط کر رہا تھا۔

URDU NOVEL BANK

اس نے نمبر دیکھے بغیر کال اٹھالی اور کان سے لگاتے صوفے کی پشت پر سر ٹکا لیا۔

کیا تم کسی مصیبت میں ہو"؟ زارا نے کہا تو وہ تڑپ اٹھا۔"

"تم کیسے جان لیتی ہو؟"

یہ وہی لڑکی تھی جو اس کو نجانے کب سے تنگ کر رہی تھی اس سے اظہارِ محبت کرتی تھی اس کے ڈانٹنے پر تلخ باتیں کرنے پر بھی پیچھے نہیں ہٹتی تھی۔

مجھے آپ محسوس ہو جاتے ہیں "!اس نے آہستگی سے کہا تو وہ آنکھیں موند گیا۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"!کاش میں اس کو بھی محسوس ہوتا"

وہ آپ کا مقدر نہیں ہے اسے کسی اور کے لیے لکھا گیا ہے "مخالف نے کہا۔"

تو تمہارا مقدر میں بھی نہیں ہوں مجھے مت سوچا کرو اور نا محسوس کیا کرو "وہ دھاڑا تو" دوسری طرف خاموشی چھا گئی۔

زارا آپ کے لیے ہمیشہ موجود رہے گی اعظم !بس ایک بار بلائیے گا دنیا تمہیں چھوڑ" سکتی ہے زارا نہیں "وہ نم لہجے میں بولی اور کال کاٹ گئی تو وہ وہیں پڑا رہا۔

URDU NOVEL BANK

"!مجھے کبھی بھی چھوڑنا نہیں"

وہ پوری رات یہی ورد کرتا رہا تھا اس سے جو سو گئی تھی۔

وہ اس کے جاگنے سے پہلے اٹھا اور باہر نکل گیا پہلے اس نے فیصلہ کیا تھا یہاں آنے کا سب چھوڑنے کا اب کی بار فیصلے کا حق فرشتے ازلان کا تھا اور اس کا سانس سوکھا تھا وہ جانتا تھا وہ بہت ظالم ہے اور جو اس نے کیا ہے------اس کے بعد فرشتے اسے اتنی جلدی معاف نہیں کرے گی۔

وہ بلا مقصد ہی گاڑی گھما رہا تھا شاید واپسی پر وہ اسے وہاں نہ ملے لیکن-----

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"!مجھے منظور ہو گا سب فرشتے ازلان"

اس نے کہا اور واپسی کے راستے پر گاڑی موڑ لی۔

وہ اٹھی اور یہاں وہاں دیکھا جو ہوا تھا وہ یاد آنے لگا تو آنکھوں سے آنسو پھر سے سیلاب بہنے لگے۔

وہ باہر نکلی وہ اس وقت ازلان اظہر کو دیکھنا تو دور اسکا نام بھی نہیں سُننا چاہتی تھی۔

URDU NOVEL BANK

باہر صوفے پر اعظم موجود تھا کافی پی رہا تھا جس کی خود کی آنکھیں سرخ تھیں۔

"اعظم بھائی؟"

وہ اس کے سامنے آئی۔

"مجھے واپس جانا ہے!"

کیا ازلان جانتا ہے؟ "وہ عجیب سے انداز میں بولا۔"

"نہیں!"

اور مجھے فرق نہیں پڑتا اس شخص سے میں اس سے، اس گھر سے، اس ملک سے"

واپس جانا چاہتی ہوں بس ابھی ٹکٹس کروائیں!"وہ کہتی اندر چلی گئی تو اس نے گہرا سانس

بھرا۔

شاید قدرت اس کو ایک اور موقع دے رہی تھی۔

"اب بھی ناراض ہو؟"

Visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

نہیں ہونا چاہیے ؟ "وہ سادگی سے پوچھ رہی تھی۔"

ہو جاؤ میں منا لوں گا "!شایان نے جھکتے اس کی ناک کے ساتھ اپنا ناک رگڑا۔"

"کیا ناشتہ کرو گی؟"

بھوک نہیں ہے !وہ بولتی پھر سے اسے دیکھنے لگی۔

"مجھے واپس جانا ہے۔"

"کیوں؟"

بس میں واپس جانا چاہتی ہوں واپسی پر میں آپ کے ہاں کوئی بھی آپ کے لیے کسی"

"قسم کی جاب نہیں کرنا چاہتی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

!تمہیں جاب کی ضرورت نہیں ہے تم میری بیوی ہو"

نہیں مجھے آپ پر یقین نہیں آپ پھر سے کبھی یوں ہی مجھے چھوڑ دیں گے اور پتا ہے

"تب کونین خاور یہ برداشت نہیں کر پائے گی اسی لیے ہم ابھی سے جدا------

شایان نے جھکتے اس کے لبوں سے یہ لفظ اچک لیے تھے بے حد نرمی سے۔

URDU NOVEL BANK

پھر پیچھے ہوتے اسے دیکھا جو نم نگاہوں سے اسے دیکھ رہی تھی۔

"میں نے بہت نرمی سے کام کیا ہے ابھی۔۔۔۔لیکن یہ بات دوبارہ نہیں کرنا۔۔۔"

کونین نے اسے دیکھا اور پھر اس کے سینے پر سر رکھا۔

"!چلو ناشتہ کریں"

"!میں نہیں بنا پاؤں گی"

"!میں نے تمہیں بولا بھی نہیں ہے منگوا لیتا ہوں اٹھو "فریش ہو جاؤ

شایان نے کہتے اسے نرمی سے اٹھا کر بٹھایا اور خود فریش ہونے چلا گیا۔

کونین نے اپنے کپڑوں کو دیکھا تو چہرے کا رنگ بدلا اس نے یہ کپڑے تو نہیں پہنے تھے کل۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ باہر نکلا تو وہیں بیٹھی اپنے پاؤں کو گھور رہی تھی۔

"!فریش ہو جاؤ کونین"

"میرے کپڑے آپ نے۔۔۔۔؟"

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

ہممممم
!

وہ بول کر اس کے پاس آیا اور اسے اٹھاتے اپنے ساتھ واش روم لے کر گیا اور اس کے چہرے کر ہلکے ہاتھوں سے ٹھنڈے پانی سے دھویا پھر ٹشو سے صاف کیا وہ یہ کام نہایت دھیان سے کر رہا تھا۔

آپ یہ سب کیوں کر رہے ہیں شایان؟ مجھے اپنی عادت نہیں لگائیں آپ مجھے کبھی "میسر نہ رہے تو۔۔۔؟

شایان عثمانی کونین شایان تمہیں تاحیات میسر رہے گا وعدہ ہے میرا اور میں وعدے "نہیں توڑتا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کونین نے تھک کر اس پر اپنا وزن چھوڑ دیا تو وہ لڑکھڑایا پھر سنبھل کر قدم مظبوطی سے فرش پر ٹکائے۔

"مجھے ابھی کہیں نہیں جانا، ابھی ناشتہ بھی نہیں کرنا۔"

"تو یہیں کھڑے رہنا ہے؟"

اس نے تیزی سے سر ہاں میں ہلایا۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

شایان اسے باہر لایا اور صوفے پر بیٹھتے اس کے ساتھ بیٹھا تو کونین اس کے ساتھ لگ کر بیٹھ گئی خاموشی سے وہ اس وقت صرف اس شخص کو چاہتی تھی۔

مجھ سے ناراض ہو؟ کئی لمحے بعد وہ بولا۔

آپ کو فرق پڑے گا اگر میں ناراض ہوں گی تو؟

بالکل !شایان نے اس کے بالوں کو چومتے کہا۔

پھر اس کے ہاتھ تھامے اور پھر کندھے پر جھک کر لب رکھے۔

"آج کے بعد یہ شخص اگر تمہاری حفاظت میں چوک گیا تو مجھے سزا دینا جو چاہے کونین۔ "

وہ بولا تو کونین نے آنکھیں بند کی ہلکی سی مسکراہٹ دِکھ کر چھپ گئی۔

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

"ناشتہ کریں؟"

نہیں !تھوڑی دیر پہلے تمہیں نہیں کرنا تھا اب مجھے نہیں کرنا خاموشی سے بیٹھی رہو۔

کیا آپ میرے بال بنا دیں گے شایان؟ "وہ تیزی سے سر اٹھاتی بولی۔"

!شایان نے حیرت سے اسے دیکھا پھر اس کے بکھرے بالوں کو

URDU NOVEL BANK

"لیکن مجھے تو نہیں آتے بنانے----"

سیکھ لیں میرے لیے وہ کہتی اٹھی اور برش لے کر اس کے پاس آئی۔

شایان عثمانی نے یہ سب پہلے کہاں کیا تھا لیکن وہ اس کے لیے سب کرنے کو تیار تھا۔

"!بیٹھو"

وہ صوفے سے نیچے میٹ پر بیٹھ گئی تو شایان دھیرے سے اس کے بالوں میں برش کرنے لگا جو آپس میں بہت الجھے تھے۔

"یہ تو بہت الجھے ہیں یار---"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"!تو سلجھائیں نا--"

کونین نے مسکراتے کہا اور اسی مسکراہٹ کے بدلے وہ اس کے بالوں کو سلجھانے لگا تھا۔

وہ اس کے بال کبھی بہت دھیرے سے سیدھے کرتا کہ اسے محسوس ہوتا کہ وہ برش پھیر ہی نہیں رہا اور کبھی اتنی زور سے کہ اس کی آہ نکلتے نکلتے رہ جاتی۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

شایان آپ کو بہت سیکھنے کی ضرورت ہے "وہ کہتی اسے مڑ کر دیکھنے لگی۔"

شایان نے اسے گھور کر دیکھا کیونکہ اس کا سارا دھیان اس کے بالوں پر تھا پھر انہیں اکٹھا کیا اور ڈھیلی سے پونی میں قید کیا اب وہ کافی مطمئن تھا۔

خبردار اگر اتنے بال الجھائے تم نے دوبارہ میرے ہاتھ درد ہو رہے ہیں وہ مصنوئی غصے سے بولا۔

کونین نے اسے دیکھا پھر اس کے ہاتھوں کو دیکھا۔

شایان تھم گیا تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اور پھر وہ جھکی اور اپنے لب اس کے ہاتھوں پر باری باری رکھے۔

اگر وہ اس رشتے کو نبھانا چاہتا تھا تو اس کی طرف سے بھی ایفرٹس بنتی تھیں۔

"تھینک یو!"

شایان نے اس کے چہرے کو تھامتے اس کے ماتھے کو چوما تو وہ گلابی ہوئی۔

چلو !وہ دونوں باہر نکل گئے جہاں وہ ناشتہ پہلے ہی آرڈر کر چکا تھا جب وہ برش لینے گئی تھی۔

ناشتہ کرتے اس نے آخری نوالہ اسے کھلایا تو وہ مسکرا دی۔

آج میری سچ میں میٹنگ ہے "وہ سنجیدگی سے اسے بتانے لگا۔"

"!نہیں پلیززززز"

کونین بس تھوڑی سی دیر یاد---میں جلدی آجاؤں گا "وہ بولا تو وہ خاموش ہو گئی اور" صوفے پر بیٹھ کر ٹی وی چلا لیا۔

شایان نے اس کی ناراضگی کو بعد پر ڈال کر اپنی فائیلز سیٹ کی اور تیار ہوتا اس کا کمفرٹر لیتا باہر آیا اور اس پر کمفرٹر اوڑھا جس نے اسے دیکھ اتک نہیں تھا۔

visit for more novels.
www.urdunovelbank.com

گیٹ باہر سے لاک کر کے جا رہا ہوں سب سیو ہے یہاں کچھ نہیں ہو گا۔

تھا تو وہ آدمی بھی بھروسے مند "!وہ اسے لاجواب کر گئی تو وہ ہونٹ بھینچ گیا۔"

"!خیال رکھنا"

URDU NOVEL BANK

اس کے سر پر ہاتھ رکھتے اس کے بالوں کو ہلکا سا سہلایا اور بیرونی دروازے تک گیا پھر مڑ کر اسے دیکھ جس نے اسے نہیں دیکھا تھا اب بھی۔

وہ واپس آیا اور ٹی وی کی تار نکالی اور اس تک آیا۔

جب میں جاؤ تو مجھے آئیندہ دروازے تک چھوڑنے آنا اور میرے آنے پر بھی میری طرف متوجہ رہنا ہے تمہیں یہ سیکھ جاؤ!

کونین نے اسے دیکھا جو اس کی توجہ چاہتا تھا۔

"کھانے میں کیا کھائیں گے؟"

کچھ نہیں میں آؤں گا تو اکٹھے بنائیں گے وہ بولا اور دروازے تک گیا۔

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

اور پھر اسے دیکھا جو پیچھے ہی آئی تھی اس کے۔

شایان نے اس کی گردن پر لب رکھنے چاہے جب وہ پیچھے ہوئی۔

شایان نے اسے گھورا اور باہر نکل گیا تو وہ بھی گہرا سانس بھرتی وہیں لیٹ گئی اور پھر ٹی وی دیکھتے دوبارہ سو گئی تھی کہ اس کے واپس آنے کا بھی پتا نہ چلا۔

URDU NOVEL BANK

شایان فریش ہو کر واپس آیا تو وہ اب تک سو رہی تھی اور اسے سوتا دیکھ شایان کو وہ اچھی نہیں لگی تھی۔

اس لیے ریمورٹ اٹھایا اور ٹی وی کی آواز اونچی کر دی اور ریموٹ اس کے پاس رکھ کر کچن کی طرف چلا گیا۔

اسے کہاں کھانا بنانا آتا تھا یا وہ کہاں کبھی کچن میں گیا تھا۔

اتنی تیز آواز پر کونین نے آنکھیں کھولیں اور یہاں وہاں دیکھا ٹی وی کو فوراً بند کیا اور کچن میں دیکھا جہاں کی لائیٹ اون تھی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ تیزی سے اٹھ کر گئی جہاں شایان فریزر سے نجانے کیا ڈھونڈ رہا تھا۔

آپ کب آئے؟ "وہ اسے دیکھتی بولی اور دوپٹے کو اچھے سے پھیلایا۔"

"جب تم سو رہی تھی چلو مجھے بھوک لگی ہے کھانا بنائیں۔"

"میں بنا لیتی۔۔۔۔"

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

نہیں اکٹھے بنائیں گے مجھے بھی سکھاؤ "!شایان عثمانی اسے زہنی اضطراب سے باہر"
نکالنا چاہتا تھا۔

وہ آہستہ آہستہ اس کے مطابق خود کو ڈھال رہا تھا اور وہ یہ بات نہیں جانتا تھا۔

اس نے چکن نکالا اور اسے دھونے کے لیے دیا اور خود فریش ہو کر واپس آئی تو اندر ایک الگ جنگ چل رہی تھی۔

شایان چکن کو دھوتا خود بھی تقریباً گیلا تھا اور فرش بھی سارا نیچے گیلا تھا۔

کونین نے بال باندھے اور مسکراتے اسے دیکھا پھر آگے بڑھی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"!یہ آپ کام بڑھا رہے ہیں شایان"

"!دیکھو ہو گیا"

اس نے جیسے تیسے چکن دھو لیا تھا۔

کونین نے اسکے ہاتھ سے چکن لیا اور اس کو دوبارہ اچھے سے دھویا جب اس کا دوپٹہ بار بار کندھے سے نیچے آ رہا تھا۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

شایان جو اسے غور سے دیکھ رہا تھا اس کے دوپٹے کو اتارا اور وہاں کرسی پر رکھا تو کونین نے گلابی ہوتے سر جھکایا۔

لیکن جب خود پر مسلسل اس کی نگاہوں کی تپش محسوس کی تو پیاز نکالتے اس کے آگے رکھا تاکہ اس کا دھیان اپنے آپ سے ہٹا سکے۔

اس کو چھیل کر کاٹیں "!وہ اسے مصروف رکھنے کی خاطر بولی۔"

شایان کام پر لگ گیا تو مصالحہ بنانے کی نیت سے کونین نے چولہا چلایا اور برتن رکھتے وہاں مصروف ہو گئی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

شایان اس کے پاس آیا اور اپنی آنکھوں سے نکلتے پانی سے اسے دیکھا اور منہ بسوڑا تو کونین کا قہقہہ اُبلا۔

"اففف شایان آپ رو رہے ہیں؟"

"!ہنسو نہیں"

شایان نے اسے گھورتے کہا لیکن وہ مسلسل ہنس رہی تھی۔

URDU NOVEL BANK

شایان نے آگے بڑھتے اس کے کندھے پر اپنا چہرہ رکھا تو وہ تھمی پھر شایان نے اپنی آنکھوں کو اس کے کندھے سے رگڑ کر صاف کیا۔

اب دیکھو تمہارے کپڑے بھی میرے ساتھ ہی گندے ہوں گے "وہ پیچھے ہٹتا بولا جس کا چہرہ گلابی تھا وہ اس کی قربت میں گلابی ہو جاتی تھی یہ بات وہ جان گیا تھا۔

نہیں میرے کپڑے گندے تو نہیں ہوئے "وہ بولی اور پھر کام میں مصروف ہو گئی۔"

شایان؟

بولو !وہ وہیں بیٹھا اسے دیکھ رہا تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"!ایک اور کام کر دیں"

کیا؟

آٹا گوندلیں "!اس نے بنا مڑے شرارت سے کہا لیکن اس سے نگاہیں نہیں ملائیں۔"

"!باہر سے لے آئیں گے روٹی"

نہیں گھر کی کھانی ہے مجھے "وہ پھر سے بولی اور ہنسی دبانے کی خاطر ہونٹ کاٹا۔"

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

"!مجھے نہیں آتا بھئی"

"!پلیززززز"

"!اچھا لاؤ"

شایان اس کی خاطر کھڑا ہو گیا یہ وہ شایان عثمانی نہیں تھا جسے ڈیرے کے لوگ یا اس کے گھر کے لوگ جانتے تھے یہ الگ ہی شایان عثمانی بن گیا تھا جو شاید صرف کونین خاور کے لیے تھا۔

کونین نے اسے آٹا اور پانی علیحدہ برتنوں میں دیا اور اسے بالکل بھی نہ بتاتا کہ کتنا پانی ڈالنا ہے اور وہی ہوا جو اس نے سوچا تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

شایان نے اس سارے آٹے میں وہ بالٹی بھر پانی ایک بار ہی ڈال دیا تھا اور اب اس میں انگلیاں چلا رہا تھا۔

یار یہ چپک کیوں نہیں رہا ساتھ؟

"!ہاہاہاہاہاہاہا"

URDU NOVEL BANK

کونین ہنستی اسے دیکھنے لگتی اور پھر جب وہ گھورتا تو خاموش ہو جاتی اور پھر دوبارہ ہنسنے لگتی۔

شایان نے آگے بڑھتے اپنے گندے ہاتھ اس کے آگے کیے جو آٹے سے اٹے تھے۔

"!نہیں شایان"

اب وہ آگے تھی اور شایان پیچھے اور اس گھر میں ان کے قہقہے تھے۔

یہ ان کی زندگیوں کے بہترین لمحات تھے جو انہیں ہمیشہ یاد رہنے والے تھے۔

شایان نے اسے پکڑتے اس کے گالوں پر اپنے ہاتھ رکھے اور اپنے ہاتھوں پر لگا سارا آٹا اس کے گالوں پر لگا دیا تو اب اسے دیکھ رہی تھی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

یہ بہت بُری بات ہے شایان "!وہ غصے سے بولی تو شایان نے سنجیدگی سے اسے دیکھا۔"

کونین نے اسے دیکھا جو اب سنجیدگی سے اسے دیکھ رہا تھا پھر ایڑھیاں اونچی کی اور اپنے گال کو اس کے گال پر رکھا اور رب کیا تو وہ ہوش میں آیا۔

"!کونینننن"

URDU NOVEL BANK

لیکن تب تک وہ اس کے دونوں گال گندے کرتی اب پھر ہنس رہی تھی۔

شایان نے اس کی ہنسی کے دائمی رہنے کی دعا کی لیکن نہیں جانتا تھا کہ یہ ہنسی وہ خود چھیننے والا ہے اس کے چہرے سے مستقبل میں۔

وہ اندر آئی اور اپنا سامان سمیٹا جو اس نے ابھی زیادہ کھولا بھی نہیں تھا وہ یہاں سے جلد از جلد واپس جانا چاہتی تھی۔

وہ ازلان اظہر کو دیکھنا تک نہیں چاہتی تھی اسی لیے سامان اٹھاتی اور کورٹ پہنتی باہر نکلی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ہو گئیں ٹکٹس؟ "اس نے اعظم سے پوچھا جس نے سر ہاں میں ہلایا تھا۔"

چلیں؟

ابھی کافی وقت ہے فرشتے "وہ اسے جانچنا چاہ رہا تھا کہ وہ کیا چاہتی ہے۔"

ہم ائیرپورٹ پر ہی انتظار کریں گے "وہ کہتی دروازے کی طرف بڑھی۔"

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

"دستانے پہن۔۔۔۔"

میری فکر نہیں کریں۔۔۔بلکہ آپ نے اگر مزید یہاں رہنا ہے تو رہ سکتے ہیں میں "

"اکیلی چلی جاؤں گی۔

فرشتے میں یہاں آیا ہی تمہارے کہنے پر تھا تو رُکو گا کیوں؟ چلو میں اپنا سامان لے آؤں"

پھر چلتے ہیں کیب بک کرواؤ اتنی دیر "وہ اپنا فون اس کو تھماتا چلا گیا۔

فرشتے نے کیب بک کروائی۔

اب فون مسلسل بج رہے اتھا لیکن وہ نمبر سیو نہیں تھا اسے لگا کیب والے کا ہو گا اسی

لیے اٹھا لیا۔

اعظم "!وہ کوئی نسوانی آواز تھی جس میں بے حد تڑپ شامل تھی۔"

کیسے ہیں؟ شکر ہے میرا فون اٹھایا میں کل سے ملا رہی ہوں آپ میری محبت پر یقین"

کیوں نہیں کرتے میں نے ہمیشہ آپ کو سوچا ہے پلیز کال مت کاٹیے گا میری

"بات۔۔۔۔

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

فرشتے نے کال کاٹ دی کیونکہ اعظم اپنا سامان لے آیا تھا۔

فرشتے نے اسے دیکھا۔۔۔۔اس لڑکی کی تڑپ بتا رہی تھی کہ وہ اعظم اظہر سے کتنی محبت کرتی تھی لیکن وہ شخص اپنے بھائی کے جیسا ہی ناشکرا تھا شاید وہ تلخی سے سر جھکا گئی۔

چلیں؟ "اعظم نے کہا تو وہ باہر نکل گئی۔"

،پھر ائیرپورٹ پر اس نے نجانے کتنے گھنٹے اپنی فلائیٹ کا انتظار کیا تھا وہ بے چین تھی دل میں ڈر تھا کہ کہیں وہ شخص اسے ڈھونڈتا پہنچ نا جائے۔

"!پتا کریں فلائیٹ کا"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اس نے بے چینی سے اعظم سے کہا تو اس نے فرشتے کو دیکھا جو تب سے ایک منٹ نہ بیٹھی تھی۔

"!بس پندرہ منٹ"

اعظم نے کہا تو اس نے گہرا سانس بھرا اسے یاد آیا وہ کیسے خوش تھی یہاں آنے کے لیے اور اب وہ کیسے بے چینی سے اسی شخص سے دور جانا چاہتی تھی۔

URDU NOVEL BANK

ازلان نے گھر میں قدم رکھا تو خاموشی تھی اس کا دل لرزا۔

اس نے اپنا کمرہ چیک کیا اور اعظم کا دونوں کا سامان نہیں تھا یعنی وہ جا چکے تھے اسے اعظم اظہر پر غصہ آیا جس نے اسے بتایا تک نہ تھا پھر بھاگ کر گاڑی میں بیٹھتے اس نے گاڑی ائیرپورٹ کے راستے پر ڈالی تھی۔

یقیناً وہ سب سے پہلے یہیں اس ملک سے جانا چاہے گی وہ تیزی سے ڈرائیو کرتا وہاں پہنچا تھا جہاں کسی فلائیٹ کی اناؤنسمنٹ ہو رہی تھی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اس نے پورے ائیرپورٹ پر نظر ڈالی۔

وہ اس کو ایسے کیسے جانے دے سکتا تھا۔۔۔۔ایک آخری بار، معافی۔۔۔۔نہیں تو پچھتاووں کے علاؤہ اس کے پاس کیا رہ جاتا۔

"ہنی؟"

اس نے فرشتے کی پشت کو دیکھا تو وہیں رُک کر اسے آواز دی جو جا رہی تھی۔

URDU NOVEL BANK

فرشتے کا دل لرزا وہ مڑ کر نہیں دیکھنا چاہتی تھی لیکن دل کے ہاتھوں مجبور ہو کر مڑ کر اس شخص کو دیکھا۔

اعظم نے بھی اپنے بھائی کو دیکھا تھا جو بکھری حالت میں تھا ازلان اظہر کو ایسے کسی نے کہاں پہلے دیکھا تھا وہ تو اپنے آپ کو ہمیشہ پریزنٹیبل رکھنے والا تھا اور آج بکھرے بال شرٹ کے بٹن آدھے کُھلے، بکھرے بال اور آنکھوں کے نیچے ہلکے۔

"جا رہی ہو؟"

مجھے موقع تو دیتی۔۔۔۔وہ وہیں سے چِلایا تھا جبکہ فرشتے نے حلق میں آنسوؤں کو اٹکتے محسوس کیا اور پھر سے آگے کی طرف قدم بڑھایا۔

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

فرشتے ازلان ایسے نہیں جا سکتی تم !وہ پھر سے چِلایا تھا۔

لوگ ان کی طرف متوجہ ہو رہے تھے۔۔۔۔۔

"چلو فرشتے"

URDU NOVEL BANK

اعظم نے اس کا ہاتھ تھاما اور ایک قدم آگے بڑھایا اور ازلان اظہر کی آواز آنا بند ہو گئی ! تھی۔

فرشتے نے اپنا ہاتھ جھٹکے سے اعظم کے ہاتھ سے نکالا۔ "آئیندہ ہاتھ مت لگائیے گا اور یہ میں آخری بار آپ کو بتا رہی ہوں "وہ اعظم سے بولتی لاشعوری طور پر پیچھے مڑی تھی۔

ازلان وہیں کھڑا اسے دیکھ رہا تھا۔

دونوں نے ایک دوسرے کو دیکھا تو فرشتے نے ایک قدم آگے بڑھایا اور ازلان اظہر نے خشک سا قہقہ لگایا اپنی حالت پر۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

یعنی ہجر شرط تھا۔

اور پھر مڑ گیا واپس دیکھے بنا جبکہ پلین میں جاتے تک وہ مڑ کر اسے دیکھتی رہی تھی۔

شاید ہماری قسمتوں میں کبھی ملنا لکھا ہی نہیں تھا۔

ہم واپس کب جائیں گے؟ "کونین نے اسے دیکھتے پوچھا۔"

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

"واپس کیوں جانا چاہتی ہو؟"

وہ کھانا کھا کر اب سکون سے سب سمیٹتے وہاں بیٹھے تھے۔

"بابا کو مِس کر رہی ہوں ان سے ملنا چاہتی ہوں۔"

شایان کے تاثرات جامد ہوئے آنکھوں کے سامنے اپنی خالہ کا روتا چہرہ آیا۔

"!!!کل چلیں گے"

اوکے !وہ خوش ہو گئی اور سامنے ٹی وی پر موجود مووی کو دیکھنے لگی۔

"کونین----"

ہمممم؟ وہ مصروف سی بولی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"اگر تمہیں مجھ میں یا اپنے باپ میں کسی ایک کو چننا ہوا تو کسے چنُو گی؟"

آواز تو اونچی کریں "!کونین نے ٹی وی کی سکرین کو دیکھتے کہا۔"

اس لیے اس کا سوال سُن نا پائی تھی شایان نے غصے سے ٹی وی بند کیا تو کونین نے اسے دیکھا۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

"میں بات کر رہا ہوں۔"

" ٹھیک ہے کیا پوچھ رہے ہیں؟"

کونین کو اس کا غصہ ہونا اور سنجیدہ ہونا دونوں ڈرا دیتا تھا۔

اگر تمہیں مجھ میں یا اپنے باپ میں کسی ایک کو چننا ہوا تو کسے چنُو گی؟ "سوال دہرایا گیا۔"

یہ کیسا سوال ہے؟ "کونین نے حیرت سے اسے دیکھا۔"

"!جواب دو"

اس طرح کے بے مقصد سوالات کا کوئی جواب نہیں ہوتا شایان "!اس نے اٹھنا چاہا۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

شایان نے اس کے بازو سے پکڑتے اسے واپس بٹھایا۔

جواب چاہیے مجھے "!شایان عثمانی بضد تھا۔"

"!کوئی بھی لڑکی اپنے باپ کو چنُے گی شایان"

وہ سادگی سے بولی لیکن شایان عثمانی کی رگیں تن گئیں اور ہونٹ بھینچ لیے۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

یعنی وہ شخص جس نے اس کی خالہ کو دھتکارا تھا اب مستقبل قریب میں اُس شخص کی بیٹی، اس کی بیوی اسے دھتکارنے والی تھی۔

کونین شایان عثمانی مجھے دھتکارنے کا کبھی مت سوچنا تمہیں جان سے مار دوں گا"

میں "!!وہ غرایا۔

"!اٹھو سامان باندھو ہم جا رہے ہیں"

کونین نے ہونق بنے اسے دیکھا ابھی تک تو سب بہترین چل رہا تھا اور اب۔۔۔

خیر شاید اس کا ناراض ہونا بنتا بھی تھا ہر شخص اپنے آپ کو کسی کی دوسری پرائورٹی بنتا دیکھنا پسند نہیں کرتا لیکن اسے صرف اپنے باپ سے ملنا تھا اسی لیے وہ سامان باندھنے لگی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

شایان کا غصہ اتر گیا تھا یا شاید اس نے دبا لیا تھا اب وہ نارمل تھا۔

"شایان؟"

بولو؟

URDU NOVEL BANK

"کیا میں اب بھی کوئی جاب کروں گی آپ کے لیے؟"

نہیں!

"تو بابا کا علاج؟"

"وہ ایسے ہی چلے گا لیکن تم میرے ساتھ رہو گی اب سے"

"لیکن۔۔۔۔۔"

"کیا تمہیں کوئی اعتراض ہے؟"

شایان عثمانی نے آئبرو اچکاتے سرد سے لہجے میں استفسار کیا تو وہ جھجکی۔

"مطلب ابھی رخصتی؟؟"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"تم میرے نکاح میں ہو اور رخصتی ہو گئی ہے۔"

وہاں سب۔۔۔؟ "اسے سمجھ نہ آیا کہ اس کے اس اچانک فیصلے پر کیا رِدِ عمل دے۔"

تم میرے فلیٹ پر رہو گی "!وہ لمحوں میں سب سوچ کر اسے فیصلہ سنا رہا تھا۔"

کونین کو کیا اعتراض ہو سکتا تھا اس کے باپ کے بعد ایک وہی شخص تو تھا اس کا واحد رشتہ جس کے لیے دل بدلنے لگا تھا۔

ٹھیک ہے !کونین نے کہا اور اپنی انگلیوں سے کھیلنے لگی۔

تم میری بیوی ہو کونین اور میں تمہیں ساتھ رکھنا چاہتا ہوں کیا یہ بات پریشانی طلب "ہے؟"

شایان نے کونین کے ہاتھ تھامتے کہا۔

"!!!!نہیں"

اور فیصلہ ہو گیا تھا اس کے دل نے شایان عثمانی کو چنُا تھا وہ مسکرا دی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

سفر تیزی سے کٹا تھا وہ اسے اپنے فلیٹ پر اتارتا چابی دیتا چلا گیا تھا۔

کونین نے اندر آکر دیکھا جہاں صاف ستھرائی تھی وہ سیدھا سامنے موجود بیڈ روم میں چلی گئی اور فریش ہوتی سو گئیں کیونکہ سفر کی بہت تھکاوٹ تھی۔

شایان اپنی خالہ کے پاس آیا تھا سیدھا۔

URDU NOVEL BANK

"خالہ جانی؟"

وہ انہیں آواز دیتا گھر میں داخل ہوا۔۔۔۔جہاں اس کی نانی طاہرہ نقوی نے اس کے ماتھے پر بوسہ دیتے اسے اپنی بیٹی اور اس کی خالہ کے کمرے کی طرف اشارہ کیا تھا۔

وہ دروازہ کھٹکھٹاتا اندر داخل ہوا۔

"کیسی ہے میری جان؟"

سائمہ نقوی نے اسے ساتھ لگاتے پیار دیا تو وہ مسکرا دیا وہ اپنی ماں سے زیادہ اپنی خالہ کے قریب تھا کیونکہ اس نے اپنے بچپن کا بیشتر حصہ اِنہیں کے ساتھ گزارا تھا۔

اور اُس حادثے کے بعد تو وہ اور زیادہ اپنی خالہ کے قریب ہو گیا تھا اور اس کی خالہ نے بھی اسے اپنے قریب کر لیا تھا۔

Visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

یہی وجہ تھی کہ شایان عثمانی کو اپنے مطابق چلاتی آئیں تھیں۔۔۔اپنے آنسوؤں کو نشانہ بناتے۔

"کیسی ہیں؟"

URDU NOVEL BANK

وہ لڑکی کہاں ہے؟ "وہ سیدھا مدعے پر آئیں تھیں۔"

"!حال احوال تو دریافت کر لیں تھکا ہوا ہوں"

وہ شکوہ کناہ لہجے میں بولا تو انہوں نے ملازمہ کو آواز دیتے جوس لانے کو کہا۔

اگر تم میری سگی اولاد ہوتے نا شان تو ایسا نا کرتے "!وہ نم لہجے میں بولی تو وہ تڑپ" اٹھا۔

خالہ میں آپ ہی کی اولاد ہوں "!وہ ان کے ہاتھ تھامتا بولا۔۔"

تم نے اس لڑکی کو واپس نہیں بھیجا اور نہ میری کالز کا جواب دیا ایسا کرتے تم نے" مجھ سے زیادہ پہلی بار، پہلی بار کسی دوسری عورت کو فوقیت دی ہے اور عورت بھی وہ "جس سے مجھے نفرت ہے۔

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

شایان کو وہ سب پھر سے یاد آیا جو اس کو واپس بھیجنے پر ہوا تھا۔

"خالہ۔۔۔"

!اور پھر وہ انہیں بتاتا گیا کہ کیسے کونین اُن سب سے گزری

URDU NOVEL BANK

تو مرنے دیتے اسے، چھوڑ دیتے جیسے اس کے باپ نے میری عزت سے کھیلا کوئی"

"اُس ذلیل کی عزت سے کھیل لیتا تو مجھے چین تو پڑتا کم از کم۔

وہ نفرت سے چِلائیں۔

خالہ !وہ دنگ رہ گیا اُن کی کونین کے لیے اتنی نفرت دیکھ کر۔

"کیا اس شخص نے آپ کی عزت۔۔؟"

"بس کرو شان !تمہیں فرق پڑتا ہے؟"

وہ مصنوئی آنسو صاف کرتی بولی لیکن شایان عثمانی تڑپا تھا۔

"بتائیں نا۔۔۔۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"!نہیں کسی روز سہی۔۔۔۔ابھی تم جاؤ"

خالہ۔۔۔۔

پلیز شان ۔۔ تم نے پرانے زخم ادھیڑ دیلے ہیں جن سے خون رسنے لگا ہے اس سے"

"پہلے کہ وہ زخم ناسور بن جائے میں دھو کر خود کو اس تکلیف سے نکالنا چاہتی ہوں۔

URDU NOVEL BANK

"لیکن اس لڑکی کے بارے میں مت سوچنا!"

"وہ تباہ ہو گی۔۔۔تباہ۔۔۔"

وہ بولی اور واش روم میں بند ہو گئیں تو وہ تھکے قدموں سے اٹھ کر کمرے سے او پھر اس گھر سے نکل گیا۔

اس کا سر درد سے پھٹ رہا تھا وہ کیا کرتا ایک طرف وہ عورت تھی جس سے اسے ماں سے زیادہ محبت تھی جو ماں سے بڑھ کر تھی اور ایک وہ جو بچپن سے اس کے نکاح میں تھی اور جذبات بدلنے لگے تھے اس کے لیے۔

جذبات نہ بھی بدلتے تب بھی شاید اس سے دستبردار ہونا اس کی غیرت گوارہ نہ کرتی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ ڈیرے کے لیے نکل گیا اس وقت وہ کسی سے نہیں ملنا چاہتا تھا۔

اس نے ڈرائیور سے ڈیرے پر چلنے کا کہا تو ڈرائیور نے سہمتے اسے دیکھا۔

کیا کچھ مسئلہ ہے تو میں خود چلا جاتا ہوں"وہ سخت تیور لیے بولا۔"

"نہیں سر۔۔۔بس واش روم سے آتا ہوں۔۔"

URDU NOVEL BANK

ڈرائیور نے فون نکالا اور نمبر ملایا ڈیرے کا جو اٹھایا نہیں گیا تھا پھر تیزی سے میسج کیا اور بھیج دیا۔

اب وہ سست روی سے گاڑی چلاتا بیک ویو مرر میں شایان عثمانی کو دیکھ رہا تھا جو فون پر مصروف تھا۔

کیا تم گاڑی چلانا بھول گئے ہو؟

وہ دھاڑا تو ڈرائیور نے ہڑبڑاتے گاڑی کی اسپیڈ تیز کی۔

"!بھائی آرہے ہیں"

یہ پیغام پڑھتے وہاں سنسنی سی مچ گئی تھی کیونکہ وہاں کا ماحول شایان عثمانی کبھی پسند نہ کرتا۔

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

شراب اور شباب سے بھری پڑی تھی وہ جگہ اور یہ سب شایان کے جانے پر ہی ہوتا تھا کیونکہ وہ ان سب چیزوں کے سخت خلاف تھا لیکن اس کے جانے پر یہ سب چیزیں کی جاتی تھیں۔

URDU NOVEL BANK

اور پھر وہ جگہ تیزی سے خالی کی گئی تھی اس کے آنے سے پہلے۔

وہ وہاں پہنچا اور وہاں بنائے اپنے کمرے میں چلا گیا اس وقت اسے کوئی اپنے آس پاس نہیں چاہیے تھا۔

کیا یہاں شراب پی گئی ہے پھر سے؟ "وہ بدبو محسوس کرتا سختی سے استسفار کرنے لگا۔"

"!نہی۔۔۔نہیں۔۔۔۔"

سب ڈرتے آگے آنے کو تیار نہ تھے شایان عثمانی کے غصے سے کون واقف نہ تھا وہاں۔

یہ آخری وارننگ تھی اس کے بعد یاد رکھنا معافی کا گمان مت کرنا مجھ سے نکلو سب "!یہاں سے فوراً"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ دھاڑا تو وہ سر جھکائے نکل گئے۔

کونین سو کر جاگی تب بھی وہ نہیں آیا تھا اس نے باورچی خانے کا چکر بھی لگایا تھا لیکن کھانے کو کچھ نہیں تھا۔

URDU NOVEL BANK

"اففف !اب کیا کروں؟"

"کیا خود لے آؤں؟"

وہ اسی کشمکش میں تھی کیونکہ اسے بے حد بھوک لگی تھی اور شام ہو گئی تھی شایان عثمانی واپس نہیں آیا تھا۔

اس نے چادر اوڑھی اور وہیں سے گیٹ کی چابی اٹھائی جو ایک شایان رکھ کر گیا تھا اور گیٹ بند کرتی پیسے لیتی باہر نکل گئی۔

پاس ہی کی دکان سے چیزیں لیں تھیں اس نے۔۔۔اسے کچھ دور سے ہی شایان کی گاڑی دِکھ گئی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اس نے بھی شاید کونین کو دیکھ لیا تھا اس لیے پاس لا کر گاڑی روکی۔

بیٹھو "!وہ سنجیدہ تھا۔"

اور اس کی پلیٹ میں ناشتہ نکالتے اس کے آگے رکھا جو وہ خاموشی سے کھانے لگا۔

کیا چاہتے ہو؟ "ناشتے کے بعد وہ صوفے پر جا بیٹھے تو وہ بھی وہیں آگیا۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"اپنے چچا جان کے پاس نہیں آسکتا کیا؟"

آج کیسے یاد آگئی آپ کو میری؟ "وہ حیرت سے بولے۔"

بس میں جان گیا ہوں اس عورت کی اصلیت جس نے سالوں آپ کو ازیت پہنچائی اور" میرا بچپنا اور میری جوانی مسخ کر دی "وہ ان کے قدموں کے پاس بیٹھ گیا لیکن وہ خاموش رہے۔

URDU NOVEL BANK

میں ہمیشہ انہیں کہتا رہا کہ آپ میرے فیورٹ ہیں اور وہ ہمشہ مجھے کہتی رہی کہ آپ" دھوکے باز ہیں بچپن میں میں سمجھ نہیں سکا لیکن جیسے جیسے وقت گزرتا گیا وہ مجھے آپ "کے خلاف کرتی رہی۔

مجھے بتاتی رہی کہ آپ نے انہیں دھوکا دیا ہے ان سے شادی کے وعدے کر" کے۔۔۔۔ان سے مراسم بڑھا کر کسی اور سے شادی کر لی۔۔۔۔انھوں نے بتایا کہ آپ "کیسے کردار کے مالک ہیں۔

"آپ کیسے ان سے ملتے رہے ہیں اور۔۔۔۔"

اوررر !خاور عثمانی مطمئن سے بولے تو وہ سر اٹھاتا انہیں دیکھنے لگا۔

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

"آپ کو غصہ نہیں آیا؟"

نہیں پہلے آیا کرتا تھا اب تو سالوں بیت گئے جو لوگ دماغی طور پر پاگل ہو چکے ہوں کیا" ان کا علاج محض باتوں سے کیا جا سکتا ہے؟ نہیں کبھی نہیں !اسی لیے کبھی میں نے "اس عورت کو جواب نہیں دیا۔

URDU NOVEL BANK

"آپ نے ان کو غلط ثابت کیوں نہیں کیا۔۔؟"

کیونکہ ان سب میں تمہاری ماں بھی تھی اگر یہ سب کھول دیتا تو میری وجہ سے ایک"

"رشتہ ٹوٹ جاتا اور میری اپنوں نے ہی مجھ پر بھروسہ نہیں کیا تو میں سب چھوڑ آیا۔

کم از کم جس کے ساتھ آیا تھا اس نے مجھے خالی ہاتھ قبول تو کیا تھا۔۔۔۔میرے سکھ"

"دکھ کی ساتھی تو رہی تھی مجھے ایک خوبصورت تحفہ تو دیا کونین کی صورت۔

شاہ زیب بھائی مجھ سے رابطے میں رہے تھے آپ کا اور کونین کا نکاح بھی انہوں نے"

کروایا تھا۔

وہ ہمیشہ کہتے تھے کہ کوین ان کی بیٹی ہے لیکن اس عورت کو یہ بھی ہضم نہیں

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ہوا۔۔۔۔۔تہذیب عثمانی کو ایک روز شاہ زیب نے شاید بتا دیا تھا کہ وہ مجھ سے ملتا

"ہے اور اس نکاح کا بھی اور اس کے بعد جو ہوا سب جانتے ہیں۔

شاہ زیب عثمانی کبھی مجھ سے نہیں ملے ان کی آنکھیں بھیگ گئی جیسے آج بھی وہ ان

دنوں کو جی رہے ہوں۔

URDU NOVEL BANK

شایان نے ان کے گھٹنے پر ہاتھ رکھا۔

"مجھے نہیں اندازہ میں کب اس خود ساختہ نفرت میں بہتا چلا گیا اور۔۔۔۔۔"

بچپن کی آپ کی ہر غلطی معاف میرے بچے لیکن کیا ہوش سنبھالنے کے بعد بھی آپ" کو خبر نہیں ہوئی۔۔۔آپ نے کبھی نہیں جاننا چاہا کہ آپ کی منکوحہ کون ہے کہاں

"ہے ؟

نہیں یہ سچ نہیں ہے !میں جان گیا تھا لیکن بہت سالوں بعد جب میں نے نیا نیا" بزنس شروع کیا تھا۔

بابا کی الماری سے کاغزدات نکالے تو اس میں ملا اپنا نکاح نامہ دیکھتا میں کئی لمحے سن رہ "گیا بے حس و حرکت سا۔

میں کسی صنفِ نازک سے منسوب ہوں میں نہیں جانتا تھا اور نہ کسی نے مجھے بتایا" "تھا۔

www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

اور پھر میں نے خالہ سے بات کی اور انھوں نے مزید آپ کے خلاف میرے دماغ"
میں زہر بھرنا شروع کر دیا شاید وہ جانتی تھی کہ میں خاموش نہیں بیٹھوں گا اور کونین خاور
"عثمانی کو ڈھونڈنے کی کوشش کروں گا۔

میں نے ڈھونڈا اسے لیکن دل سے نہیں !شاید اس نفرت کے بعد میں اس سے بھی"
نہیں ملنا چاہتا تھا۔

"لیکن کچھ مہنیوں بعد وہ میرے سامنے تھی۔

"!کونین خاور عثمانی"

اس نے پہلی ہی ملاقات میں مجھ پر واضح کر دیا کہ وہ میرے نکاح میں ہے---- "
Visit for more novels:
www.urdunovelbank.com
میری معلومات جو میں نے کروائی تھی اس میں میں اس کے بارے میں اور آپ کے
مرض کے بارے میں جان گیا تھا۔

بس میں نے آگے جو کیا وہ سائمہ نقوی نے جو کہا وہ کیا---کونین کو نوکری پر رکھا اپنے
لیے وہ چاہتیں تھی اسے گھر میں کسی ملازم کی طرح متعارف کروایا جائے لیکن میرے
"دل کو یہ گوارا نہیں تھا۔

URDU NOVEL BANK

"میں نے ایسا نہ ہونے دیا۔"

میں نے نفرت ہونے کے باوجود آپ کا علاج کروایا کیونکہ میرے دماغ پر اس شخص کی"
تصویر اور وہ لمحے ہلکے ہلکے چھپے تھے جس میں آپ سب سے زیادہ مجھ سے محبت کیا
"کرتے تھے۔

میں تو آپ سے معافی بھی نہیں مانگ سکتا کیونکہ میں ناچاہتے ہوئے بھی گناہگار رہا"
ہوں آپ کا "!وہ ان کے ہاتھ تھماتا بھاری ہوتی آواز کے ساتھ بولا۔

تو خاور عثمانی اسے دیکھتے رہے پھر اس کے سر پر ہاتھ رکھا تو وہ جھٹکے سے سر اٹھاتا
انہیں دیکھنے لگا

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

نہیں آپ مجھے اتنی جلدی معاف نہیں کر سکتے! آپ بھی مجھ سے نفرت کریں سالوں"
"!تک

نہیں بیٹا میری اتنی عمر نہیں بچی "!وہ مسکرا دیے تو وہ تڑپ گیا۔"

اس شخص کا حوصلہ اور دل کتنا بڑا تھا۔

میں نے معاف کیا آپ کو میری جان !بس شکوہ یہ رہا کہ آپ نے میری بیٹی کا دل "دکھایا۔"

میں بہت شرمندہ ہوں۔۔۔میں نے اس سے محبت کی ہے یقین کریں اس کے "ساتھ کچھ بھی جھوٹ نہیں تھا کوئی فریب نہیں۔"

اسے دل سے اپنایا میں نے۔۔۔۔کونین کے لیے میرا دل دھوکا کر گیا اور میں نے اپنی "خالہ کی بھی ایک نہیں سنی۔"

"!میں سب میں اس سے بہت محبت کرتا ہوں"

وہ ان کے ہاتھ تھامے انہیں اپنی محبت کا یقین دلا رہا تھا ان کی بیٹی سے۔۔

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

وہ مسکرا دیے۔۔۔سالوں پہلے انہوں نے بھی تو محبت کی تھی پھر کیسے نا دیکھ پاتے وہ سچے جذبات۔

"!ہم نے آپ کو معاف کیا خوش رہیں"

"اور آپ کی بیٹی؟"

URDU NOVEL BANK

وہ سیدھا ہوا کان کے ساتھ جسم کا ہر عضو انہیں سننے کا منتظر تھا۔

وہ آپ کا آپ کی بیوی کے ساتھ معاملہ ہے "!وہ ہنس کر بولے تو وہ گہری سانس بھر" گیا۔

اس کی بیوی !ہاں وہ اس کی بیوی تھی !انھوں نے اپنی بیٹی اسے دے دی تھی۔

"!آپ میرے ساتھ واپس چلیں"

"نہیں یہ ممکن نہیں ہے !وہ میرا گھر نہیں ہے۔"

دادا جان نے کہا ہے کہ آپ کو لے کر آنا ہے !آپ جانتے ہیں آپ سے کبھی بھی" نفرت نہیں کی انھوں نے کیا کوئی والدین اپنی اولاد سے نفرت کر سکتے ہے؟ میں نے انہیں راتوں کو آپ کے کمرے میں جاتے دیکھا ہے ----- آپ کی یاد میں ان کی آنکھوں "کو نم دیکھا ہے۔

!میں جانتا ہوں !میں جانتا ہوں وہ مسکرا دیے

Visit for more novels
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

میری پہلی نوکری بھی انہوں نے لگوائی تھی میں جانتا ہوں "وہ بولے تو شایان نے" حیرت سے انہیں دیکھا پھر مسکرا دیا۔

"چلیں پھر؟"

میں کیا کروں گا اب وہاں جا کر؟ ہماری بیٹی سے پوچھ لو وہ جائے گی تو؟ "وہ پہلے" سنجیدگی اور پھر شرارت سے بولے۔

اسے منا لوں گا آپ اپنا سامان باندھے آپ کے بھائی اور والد صاحب آپ کا کمرہ روز" "صاف کرواتے ہیں اور اب بھی وہ آپ کے منتظر ہیں۔

خاور صاحب مسکرا دیے۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ہاں انہیں لوٹ جانا چاہیے تھا سالوں ترسے تھے وہ ان رشتوں کو۔۔۔کیا پتا کب زندگی" دغا دے جائے وہ سر ہلا گئے تو شایان ان کے ضروری سامان کے ساتھ انہیں حویلی "چھوڑ ایا۔

اب مشکل ہدف اس کی بیوی تھی۔

"کونین شایان عثمانی آپ کو کیسے منایا جائے؟"

URDU NOVEL BANK

وہ اسکی یونیورسٹی کے باہر کھڑا تھا جب اسے

سامنے سے کونین آتی دکھائی دی اسے وہ باہر نکل کر کھڑا ہوا لیکن وہ اسے نظرانداز کرتی

آگے بڑھنے لگی۔

کونین؟

"!کونین !واپس آؤ پلیز !مجھے بات کرنی ہے"

"کیا مسئلہ ہے کب سے لڑکی کو پریشان کر رہا ہے؟"

دو لڑکوں نے شایان کو دیکھتے کہا تو کونین نے مڑتے اسے دیکھا جو شکوے بھری نگاہوں

سے اسے ہی دیکھ رہا تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ واپس آئی۔

"!میرے ہسبینڈ ہیں یہ"

کونین نے کہا تو وہ دونوں لڑکے انہیں عجیب نظروں سے دیکھتے چلے گئے۔

"چلو؟"

URDU NOVEL BANK

"بالکل نہیں !اپنے راستے پر جائیں اور دوبارہ مت آئیے گا۔"

کونین شایان عثمانی آپ بیٹھ رہی ہیں یا میں اپنے طریقے سے بٹھاوں؟ وہ بولا تو کونین نے اسے ایک نظر دیکھا اور پھر قدم گیٹ کی طرف بڑھائے۔

شایان نے آگے بڑھتے اس کا ہاتھ اپنی گرفت میں لیا اور گاڑی میں بٹھاتے اپنی جگہ پر بیٹھا اور اسپیڈ سے چلاتے اپنے فلیٹ پر لایا۔

"کیا چاہتے ہیں آپ شایان عثمانی؟ اور کیا بچا ہے اب؟"

میری بات سنو کونین؟ "شایان نے اس کا ہاتھ تھماتے کہا۔"

ہاتھ نہیں لگائیں "!وہ پیچھے ہوئی۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

پھر سے تھپڑ مارو گی؟ "شایان بولا تو کونین نے نگاہیں چرائیں۔"

"کیا چاہتے ہیں آپ؟"

آپ کو "!شایان نے اسے پانی پکڑاتے کہا جو ہانپ رہی تھی۔"

URDU NOVEL BANK

یہ جو تمہارے شوہر ہیں نا ان کو بتاؤ زارا کہ ولیمہ ان صاحب کا ہی ہے خالی میرا" نہیں۔۔۔میں نے صبح سے اپنی بیوی کی شکل نہیں دیکھی ہے میرا سانس گھٹ رہا ہے!"

ازلان اور اعظم پاس کھڑے تھے زارا کے آتے وہ بولا۔

زارا مسکرا دی۔

بہت بڑے ڈرامے ہو تم!بیوی کو تم نے یہیں سے کئی بار تاڑ لیا ہے مجھے یقیں ہے"

نہیں تو تمہیں کون روک سکتا ہے بھلا!"

اعظم نے بھی حساب پورا کیا تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ازلان نے انہیں گھورا تو وہ مسکراتے باہر نکل گئے۔

زارا کو یک دم لگا کہ فرشتے اس دنیا کی سب سے خوش قسمت لڑکی ہے اسی اپنی محبت واقع اب ثابت کرنی تھی شاید اعظم اظہر بھی کسی دن اسی مقام پر ہوتا۔

کافی محبت درکار تھی۔۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

ولیمے کا فنکشن تھکا دینے والا تھا لیکن زارا آج خوش تھی کیونکہ اعصاب پر موجود بوجھ اتر گیا تھا۔

اعظم بھی اچھے سے ملا تھا سب سے ان کی جوڑی کافی سراہی تھی لوگوں نے۔

وہ کافی تھک گئی تھی اسلیے فوراً کمرے میں آگئی۔

"!چینج مت کرنا تھوڑی دیر میں واپس آرہا ہوں"

اعظم خود چینج کر کے واپس جا چکا تھا مہمانوں کو رخصت کرنے کے لیے۔

زارا کتنی ہی دیر بیٹھی رہی بھوک بھی لگ رہی تھی لیکن شرم آرہے آرہی تھی ابھی بھی کچھ مہمان تھے نیچے وہ کیسے جا کر کھانا کھاتی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ایک تو بھوک اور اوپر سے اس جوڑے میں اب سانس بھی نہیں نکل رہا تھا۔

ڈیڑھ گھنٹے بعد جب اس کی برداشت ختم ہو گئی تو وہ چینج کرنے چلی گئی فریش ہو کر واپس آئی تو بھی اعظم واپس نہیں آیا تھا۔

وہ کمفرٹر میں لیٹ گئی۔

URDU NOVEL BANK

بھوک سے بُرا حال تھا لیکن تھکاوٹ کی وجہ سے نیند آگئی۔

اعظم ڈھائی گھنٹے بعد جب واپس آیا تو اسے امید تھی کہ وہ مشرقی دلہنوں کی طرح اس کا انتظار کر رہی ہو گی لیکن اسے کمفرٹر میں دبکے دیکھ وہ ٹھنڈی آہ بھر کر رہ گیا۔

پاس جانے پر معلوم ہوا کہ وہ لڑکی اسکے ارمانوں کا قتل کرتی منہ دھو کر اس کی بات کو فراموش کرتی سو گئی ہے۔

وہ خود بھی چینج کر کے واپس آیا اور اپنی جگہ پر لیٹا اور اس لڑکی کو دیکھا۔

وہ عام ہوتے ہوئے بھی عام نہیں تھی۔۔۔۔جب وہ اپنی زندگی کے مشکل دور سے گزر رہا تھا تو وہ ذریعہ تھی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ہاں بس اسے ہضم نہیں ہوا تھا اس کا بار بار اعظم اظہر کو اپروچ کرنا۔

لیکن کیا وہ سامنے موجود لڑکی کی محبت کو جھوٹا کہہ سکتا تھا؟ نہیں ہرگز نہیں۔

وہ اسے کافی رُلا چکا تھا۔۔۔آپ کے مشکل وقت میں سہارا بننے والے لوگ سب سے قیمتی ہوتے ہیں۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

اس نے تو فرشتے کو دوبارہ حاصل کرنے کا سوچا تھا ازلان سے فرشتے کی ناراضگی کے بعد۔ لیکن ان سب میں زارا آگئی تھی۔۔۔۔رب العالمین نے اسے گناہگار ہونے سے بچا لیا تھا۔

ناپسندیدگی ہی سہی لیکن اس نے زارا کو پہروں سوچا تھا اور اپنی مرضی سے اسے نکاح میں لیا تھا اس لڑکی نے اپنی محبت ثابت کر دی تھی اب اس کی باری تھی۔

محبت کے بدلے محبت ہی دی جاتی ہے محض لفظوں پر نہیں ٹرکھایا جاتا۔۔۔۔۔۔محض دلاسے نہیں دئے جاتے اور نہ پسندیدگی کا اظہار کرکے بری الزمہ ہوا جاتا ہے محبت کا جواب اسی محبت اور اپنائیت سے دینا محبت کرنے والے کا قرض ہوتا ہے جو ادا نہ کرو تو خیانت کہلائی جاتی ہے۔

اس نے قریب ہوتے زارا کے چہرے سے بال ہٹائے۔

پھر جھک کر استحقاق سے اس کے ماتھے پر بوسہ دیا تو روح تک ٹھنڈک اتری۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

"زارا؟"

زارا----؟

ہممم !زارا نے مندی آنکھیں کھول کر اسے دیکھا۔

"اٹھو؟"

کیوں؟ "زارا نے آنکھیں کھولتے اسے دیکھا۔"

"کیوں کا کیا مطلب؟ کیا کہا تھا میں نے چینج مت کرنا اور تم یہاں خراٹے لے رہی ہو۔"

جھوٹ تو مت بولیں اعظم میں خراٹے نہیں مارتی "زارا کی ساری نیند اڑ گئی تھی اس کے جھوٹ سے۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"تم چھپا کیوں رہی ہو؟"

اس میں کون سی شرمندگی کی بات ہے "اعظم نے شرارت سے کہا۔"

"!میں کیوں چھپاؤں گی جب میں نہیں مارتی تو"

زارا نے یہ بھی دھیان نہیں دیا تھا کہ وہ دونوں اس وقت کتنے قریب ہیں۔

URDU NOVEL BANK

تم مجھے اپنی پرفیوم نہیں بتاؤ گی "اعظم نے مصنوئی غصے سے کہا اور نامحسوس انداز میں"

مزید قریب ہوا۔

اعظم اظہر اگر آپ کو میری خوشبو پسند ہے تو آپ کہہ سکتے ہیں "!زارا نے اتراتے کہا اور"

آنکھیں گھمائی ایسا کرتے وہ پیاری لگی تھی۔

ہاہاہاہا "!اعظم کا قہقہ گونجا تو زارا اس کی مسکراہٹ کو دیکھتی رہی۔"

پھر مسکرا دی اسے یقین ہو گیا تھا کہ اعظم اظہر اس رشتے کے لیے تیار ہے اب وہ

خیانت نہیں کرے گا اس کی آنکھیں بالکل شفاف تھی کسی بھی مصنوئی جذبے کے

بغیر۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

شیمپو کون سا لگاتی ہو؟ "اعظم اظہر ساری باتیں آج ہی پوچھ لینا چاہتا تھا۔"

"میں کیوں اپنی چیزیں آپ کو بتاؤں؟"

زارا نے کہا تو اعظم نے اس کی کمر میں ہاتھ ڈالتے اسے قریب کرتے حصار میں لیا۔

"اعظم؟"

"!خاموش رہو"

"!ہاں مجھے یاد آیا مجھے بہت بھوک لگی ہے !اپنی شادی کا کھانا بھی نہیں کھایا میں نے"

"!اب صبح کھانا"

بالکل نہیں !ابھی لے کر آئیں "!زارا اس سے دور ہوئی۔"

"میں کیوں لاؤں؟"

"باہر ہمارے کچن میں فروٹس ہوں گے وہ کھا لو۔"

بالکل نہیں یہ آپ جیسے امیروں کا پیٹ بھرتا ہو گا پھلوں سے ہمارا تو نہیں بھرتا جائیں"

"مہمان ہیں نیچے میں نہیں جا سکتی آپ لے کر آئیں۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

مہمانوں نے کھا جانا ہے تمہیں؟ "!اعظم نے اسے گھورتے پوچھا۔"

نہیں وہ سوچیں گے کچھ لمحوں پہلے کیسی لگ رہی تھی اور اب دیکھو "!زارا نے اپنے"

حلیے کی طرف اشارہ کرتے کہا۔

وہ اس وقت نائٹ ڈریس میں بالوں کا جوڑا بنائے ہوئے تھی۔

URDU NOVEL BANK

اووو! تم انہیں اپنا اصل روپ نہیں دیکھنا چاہتی؟"اعظم مسکراہٹ روکتا اٹھا گیا۔"

"اصل روپ کیا ہاں؟ میں کیا کوئی چڑیل لگتی ہوں؟"

تھوڑی بہت "!اعظم کہتا باہر نکل گیا تو زارا دروازے کو گھورتی رہ گئی۔"

اعظم کے کھانا لاتے ہی وہ ٹوٹ پڑی اور کھانا کھانے لگی۔

"!زارا کیا ہو گیا ہے یار؟ آرام سے کھاؤ"

"!اپنے کھانے کو دیکھیں آپ اعظم"

پھر برتن اپنے ہی کچن میں رکھتے وہ اپنے لیے آئس کریم ڈالتی واپس آئی جہاں اعظم ٹیرس پر کھڑا فون چیک کر رہا تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کھائیں گے"؟"

زارا نے آئس کریم سے چمچ بھر کر اس کے آگے کیا تو وہ کھا گیا۔

اب میرا چمچ جوٹھا ہو گیا ہے میں نیا لے کر آتی ہوں "!وہ بولی تو اعظم نے جھٹکے سے" سر اٹھایا۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

"تو میرا بھی جوٹھا نہیں کھاؤ گی تم؟"

نہیں !وہ کندھے اچکاتے بولی۔

اور جو میں تمہارا جوٹھا کھا رہا وہ؟ "اعظم کو یہ بات بری لگی تھی شاید۔"

لو تو وہ آپ کی مرضی تھی۔۔۔۔"زارا بولی لیکن اعظم اسے ایک نظر دیکھ کر واپس فون پر لگ گیا۔

تو وہ مسکراتی اسی چمچ سے کھانے لگی۔

اعظم جا کر لیٹ گیا تھا۔

وہ اپنے برتن رکھتی واپس آئی اور اپنی جگہ پر لیٹ گئی۔

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

اب کیوں کھایا میرا جوٹھا؟ "اعظم نے چھت پر نگاہیں ٹکائے کہا۔"

آپ کو برا لگا ہے اعظم؟ "وہ آنکھیں پٹپٹاتے اس کے قریب ہوئی۔"

مجھے کیوں برا لگے گا"؟ اعظم نے اس کا نزدیک آنا محسوس کرتے کہا۔"

"لگا تو ہے آپ کو؟"

URDU NOVEL BANK

میں مزاق کر رہی تھی اب آپ کا جوٹھا تو کھا ہی سکتی ہوں میں "!وہ احسان کرنے " والے انداز میں بولی تو اعظم نے اسے حصار میں لیا۔

زارا نے اس کی طرف دیکھا جو اسے ہی دیکھ رہا تھا تو نگاہیں جھکا گئی۔

امم !گڈ نائٹ "!زارا نے کہا تو اعظم نے اسے گھورا۔"

زارا نے اس کے حصار سے نکلنا چاہا جو مضبوط تھا۔

اس نے تھوک نگلتے اس کو دیکھا جو اس پر جھکا اس کے گال کو لبوں سے چھو گیا۔

کیا تمہارے دل میں میرے لیے کوئی گلہ اب بھی بچا ہے تو کر لو؟ "وہ شاید اس کا دل" اپنے لیے ہر طرح سے صاف کرنے چاہتا تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"آپ مجھ سے محبت کر لیں گے نا اعظم؟"

اس کے لہجے کی تڑپ پر وہ چونکا اور پھر نحال ہوتا اس پر جھکا اور اس کی سانسوں میں اپنی سانسیں ملانے لگا۔

زارا اسکی قربت کو پہلی بار محسوس کرتی آنکھیں بند کرتی اس کی شرٹ تھام گئی۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

وہ پیچھے ہٹا اور اس کے گال سہلائے۔

"!اعظم اظہر جلد اپنے دل کو تم سے محبت ہو جانے کی نوید سنائے گا"

لیکن یہ سب زبردستی تو نہیں ہوتا اور کیا ہوا اگر آپ کا دل راضی نہ ہوا مجھ سے محبت "کرنے میں تو؟"

وہ وسوسوں میں گھری تھی۔

"تمہیں کیوں لگتا ہے میرا دل تم سے محبت نہیں کرے گا؟"

مجھے دوسری محبت پر بھروسہ نہیں ہے "!وہ صاف گوئی سے بولی۔"

Visit for more novels
www.urdunovelbank.com

اور ہو سکتا ہے دوسری محبت شدت اختیار کر جائے اور تم خود کو خوش قسمت لڑکی "سمجھو تو۔۔۔"

"اگر ایسا ہے تو زارا اعظم ہمیشہ آپ کی احسان مند رہے گی۔"

اعظم نے اس کے کندھے پر بوسہ دیا تو وہ مسکرا دی۔

URDU NOVEL BANK

پھر اس کی گردن پر لب رکھے اور سر اٹھا کر پھر سے اسے دیکھا ۔

"میں اب بھی پوچھ رہا ہوں کون سا خفیہ پرفیوم لگاتی ہو تم؟"

زارا نے اس کے سینے پر ہاتھ جڑا-----

افففف اعظم افففففف "!وہ مسکرا دیا اور اس پر حصار تنگ کر گیا۔"

زارا کا دل مطمئن تھا اس شخص کو پا کر-----اس کی آنکھیں اس کے لفظوں کا ساتھ دے رہی تھی جب اس نے کہا تھا وہ اس سے محبت کر لے گا وہ ایمان لے آئی تھی وہ جانتی تھی وہ اس سے محبت کر لے گا۔

اعظم نے اس کی آنکھوں پر بارہا بوسے دیلے تھے کہ وہ اس کے سینے میں چہرہ چھپا گئی تھی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

معجزے یوں بھی ہو جایا کرتے ہیں !"وہ مسکرا دی۔"

😘😘😘😘😘😘😘😘😘😘

URDU NOVEL BANK

اردو ناول اور سٹوریز کی سب سے بڑی ویب سائٹ

www.urdunovelbank.com



Urdu Novel Bank website

جہاں ملے آپ کو نئے اور اچھے معیاری ناول تمام کیٹگری میں۔۔۔

گوگل پر ٹائپ کریں

Urdu Novel Bank

اور ویب سائٹ سے ڈاؤنلوڈ کریں ہزاروں مکمل ناول مفت میں

URDU NOVEL BANK

اظہر صاحب فوراً پہنچ گئے تھے اور ازلان بھی اعظم کسی کام سے گیا تھا۔
اس شخص نے کئی سال جیل میں نکالے تھے اس کے علاوہ ازلان اظہر نے اس پر حملہ بھی کیا تھا اس کا بس چلتا تو وہ اسے زندہ جالا دیتا۔

اس کے بعد جب اس کی دادی کی طبیعت خراب ہونے لگی تو اظہر نے اعظم کی پسندیدگی کو مدنظر رکھتے ہوئے ازلان کی محبت کو نظرانداز کیا اور اعظم کے لیے اسے مانگ لیا۔
اور نکاح منعقد کیا گیا لیکن جس دن نکاح ہونا تھا اس دن اعظم اظہر کا پہلا جوب انٹرویو تھا جو وہ کسی صورت نہیں چھوڑنا چاہتا تھا اسی لیے چلا گیا اور قدرت نے خود فرشتے حیدر کو ازلان اظہر کے نام کر دیا۔

یہ اس کی دادی نے کہا تھا۔
اس کے بعد فرشتے کی حالت بدترین ہوتی گئی وہ اس ٹروما سے نکل نہیں پا رہی تھی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

سالوں اس نے شہر کے بہترین ڈاکٹروں سے سیشنز لیے تھے ان سب میں ایک بھی دن ایسا نہیں گزرا تھا جب ازلان اظہر اس سے ملنے نہ آیا ہو۔

اس نے اپنی محبت اس سے ثابت کر دی تھی کہ اس کی دادی بھی سکون سے منوں مٹی تلے جا سوئی لیکن فرشتے کو سنبھالنا ازلان کے کیے مزید مشکل ہو گیا۔
وہ مہینوں اپنے آپے اور ہوش و حواس میں نہیں رہتی تھی۔

ازلان نے اپنی ڈگری اور بزنس سب ساتھ ساتھ کیا تھا لیکن اس میں فرشتے ازلان کو ایک لمحے کے لیے بھی فراموش نہیں کیا تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ازلان نے فرشتے کے گال چومے تو وہ ہوش میں آئی۔

"آئی لو یو ازلان!"

"ازلان اظہر کے بعد مجھے میری زندگی میں کچھ نظر نہیں آیا۔۔۔میں نے نیم بیہوشی میں بھی آپ کو سوچا ہے۔۔۔۔میں نے کبھی نہیں سوچا تھا کہ کوئی مجھے اپنا لے گا لیکن مجھے نہیں پتا رب العالمین کو میری کون سی ادا پسند آئی اور مجھے آپ دے دیے

URDU NOVEL BANK

گئے۔۔۔۔مجھے بہت ڈر لگتا تھا اپنی خوش قسمتی سے۔۔۔۔اور وہی ہوا آپ مجھے چھوڑ کر چلے گئے میں کہتی ہوں نا نظرِ بد بہت بری چیز ہے!"

وہ اس کے حصار میں تڑپتی بولی۔

ازلان اظہر کو لگا اس کی سالوں کی محنت کا پھل مل گیا ہو اسے نواز دیا گیا ہو۔۔۔۔ سالوں لگائے تھے اس نے اس لڑکی پر !اس سے یہ سب سننے کےلکیے۔۔۔۔اپنے جیسی محبت اور تڑپ اس میں دیکھنے کے لیے اپنے لیے اور آج وہ لمحہ اسے نواز دیا گیا تھا وہ مسکرا دیا اور اس کے بالوں پر کئی بار بوسہ دے گیا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ نجانے کب تک ایسے ہی بیٹھے رہے۔

"میں جنت میں ہر بار آپ کو مانگوں گی ازلان اظہر!"

ازلان کا دل تشکر کے احساس سے بھر گیا ایک آنسو پلکوں کی بار پر آکر ٹھر گیا۔

زندگی کا تھکا دینے والا سفر تمام ہوا تھا۔۔۔اس کی بیوی، اس کی محبت، سالوں کی چاہت اسے معتبر کر گئی تھی۔

URDU NOVEL BANK

آپ بھی کچھ بولیں "!فرشتے نے اسے گھورتے کہا۔"

میں کان پکڑ کر معافی ہی مانگ سکتا ہوں اور کیا مجال میری "!ازلان نے شرارت سے"

کہا تو دونوں کے قہقہے گونجے۔

"معاف کر دو گی نا؟"

سوچوں گی !فرشتے کہتی کھڑی ہو گئی۔

"!اچھا بیٹھو مجھے اور باتیں کرنی ہیں"

"!ازلان میں یہ ڈریس اور نہیں سنبھال سکتی"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"!اچھا ٹھیک ہے جاؤ چینج کر لو"

ازلان کو بھی اس پر ترس آیا تو اپنے ہاتھ اس کی کمر سے ہٹائے اور خود بھی فریش

ہوتا لیٹ گیا۔

وہ واپس آئی تو میک اپ بھی صاف تھا لائٹس بند تھیں۔

"ازلان مجھے بچے ہوئے کپ کیکس۔۔۔۔"

URDU NOVEL BANK

"اپنی جگہ پر آجاؤ خاموشی سے اب فرشتے نہیں تو مجھ سے بُرا کوئی نہیں ہو گا۔"

"!نہیں نا"

فرشتےےے۔۔۔ "!ازلان نے سائیڈ لیمپ اون کیا۔"

"!میں بہت بُرا سوتی ہوں صوفے پر سوجاؤں گی"

وہ جلدی سے صوفے پر بیٹھ گئی تو ازلان زچ ہوتا اٹھا اور اسے باہوں میں اٹھائے بید پر

لٹاتے لائٹ اوف کی۔

کیا مسئلہ ہے اب بتاؤ؟ "اسے قریب ہوتے پوچھا۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"مجھے یہاں نیند۔۔۔۔۔"

"نیند آنی بھی نہیں چاہیے مجھ سے باتیں کرو، مجھے وقت دو۔۔"

"مجھے ڈر لگ رہا ہے۔"

"کس سے؟"

"آپ سے اور کون سے یہاں جن ہیں؟"

URDU NOVEL BANK

"تمہیں لگنا بھی چاہیے اور زیادہ زبان نہیں چل رہی تمہاری؟"

وہ کہتا اس پر جھکا اس کو چپ کروا گیا تھا۔

چاند سے آتی روشنی ان کی زندگی کو مزید خوبصورت ہونے کی نوید سنا رہی تھی۔

وہ شخص سالوں اس سے محبت کا اظہار کرتا آیا تھا آج اس نے کر کے ان کے رشتے کو مکمل کر دیا تھا ہمیشہ کے لیے۔

🙈🙈🙈🙈🙈🙈

کونین نے نظرانداز کیا تو شایان نے گلاس اس کے لبوں سے لگایا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"مجھے گھر جانا ہے بابا انتظار کر رہے ہوں گے۔"

آپ کے بابا اپنے گھر جا چکے ہیں اور اس وقت اپنے بھائیوں کے ساتھ مصروف ہوں گے۔"

"کیا مطلب ہے؟"

URDU NOVEL BANK

شایان نے اسے سب مختصر سا بتایا اور کچن میں چلا گیا جبکہ وہ تو کئی لمحے وہیں کھڑے رہ گئی۔

وہ مطمئن ہوئی تھی کہ اس نے خاور عثمانی سے معافی مانگ لی تھی اور انہیں ان کے رشتوں میں پہنچا دیا تھا۔

وہ اس کی طرف متوجہ ہوئی جو شاید باہر سے لایا کھانا نکال رہا تھا۔

"!مجھے واپس چھوڑ کر آئیں"

کہاں؟

"میرے گھر؟"

ہمارے گھر بھی چلیں جائیں گے لیکن اگلے کچھ روز ہمیں یہیں رہنا ہے "!وہ عام سے انداز میں بولا جیسے سب نارمل ہو ان کے درمیان۔

"شایان عثمانی آپ کو بات سمجھ میں آرہی ہے مجھے واپس جانا ہے۔"

"کھانا کھاؤ پہلے بیٹھ کر۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

"!نہیں کھانا مجھے"

وہ بولی تو شایان نے اسے زبردستی اپنی ساتھ والی کرسی پر بٹھایا اور نوالہ بنا کر اس کے آگے کیا۔

کونین نے اس کا ہاتھ دھتکارا تو نوالہ زمین پر جا گرا۔۔۔شایان کئی لمحے اسے سنجیدگی سے دیکھتا رہا اس کا یہ عمل بہت ناگوار گزار تھا اسے۔

کونین بھی شرمندہ ہوئی اور اٹھ کھڑی ہوئی۔

شایان نے وہی نوالہ اٹھا کر منہ میں ڈال لیا اور دو تین اور نوالے کھائے اور کھانا پیک کیا اور فون کان سے لگایا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"!کریم میں فلیٹ پر ہوں۔۔۔کونین کو ان کے گھر چھوڑ دو"

ٹھیک ہے میں انتظار کر رہا ہوں "!وہ کال کاٹ گیا اور پھر کمرے میں چلا گیا۔"

کونین اتنی جلدی سمجھنے والی نہیں تھی اور وہ بھی کافی تھک گیا تھا۔۔۔۔کہیں نا کہیں غلطی تو اس کی بھی نہیں تھی لوگوں کو ناراض کرنا آسان تھا لیکن منانا نہیں۔

URDU NOVEL BANK

اور کونین اسے کی بات سننا ہی نہیں چاہتی تھی وہ زبردستی نہیں کر سکتا تھا۔۔۔اس نے سگریٹ سلگاتے سامنے دیوار پر نگاہیں مرکوز کیں۔

وہ باہر صوفے پر بیٹھتی ہاتھوں کو چہرے میں چھپائے رونے لگی۔

پھر اٹھتی چھوٹے چھوٹے قدم اٹھاتی دل کے منانے پر دروازہ کھولتی اندر داخل ہوئی۔

جو سگریٹ کے دھوئیں سے بھرا تھا اس نے کھنستے سامنے والی کھڑکی کھولی۔

اس گھر سے کتنی یادیں وابستہ تھی اس کی۔

اس کمرے سے !اسے شایان کے ساتھ گزارے تمام لمحات یاد آئے۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

لیکن کل اسے تھپڑ اور آج وہ حرکت۔۔۔۔اسے خود پر غصہ ایا۔۔۔۔وہ زیادہ ہی بدتمیزی کر رہی تھی اس سے۔

شایان نے اسے دیکھتے آدھ جلا سگریٹ بجھا دیا وہ کہاں اس کے سامنے پیتا تھا سگریٹ۔

"!کریم کو فون کریں"

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

"وہ راستے میں ہے!"

" اسے منع کر دیں میں نہیں جاؤں گی! "

وہ کہتی باہر چلی گئی تو شایان عثمانی گہری سانس بھر کر رہ گیا۔

"کیا چاہتی تھی وہ!"

بہر حال اس نے کریم کو فون کر کے منع کر دیا۔۔

کونین نے کھانا دوبارہ گرم کیا اور ٹرے میں رکھتی اندر آئی واپس اور اس کے سامنے میز پر رکھا۔

"تم کھا لو مجھے نہیں کھانا "!لیکن وہ نظرانداز کرتی اپنی ہی پلیٹ اس کے آگے کر گئی۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"مجھے نہیں کھانا کونین!"

کیوں؟

"کیا کچھ دیر پہلے میں نے ایسا کوئی سوال کیا تھا؟"

"آئم سوری وہ بس۔۔۔۔۔"

URDU NOVEL BANK

"کم از کم کھانے کے ساتھ تو۔۔۔۔"

"آئیم سوری کہا تو۔۔۔بس میں نے غصے میں۔۔۔۔۔"

اس نے پلیٹ آگے کی تو وہ آگے ہوتا کھانے لگا۔

ویسے جتنے سگریٹ پیے ہیں اس کے بعد ضرورت تو نہیں پڑنی چاہیے آپ کو کھانے "کی۔"

شایان اسے بس گھور کر رہ گیا کھانے کے بعد کونین نے اس کی چائے بنائی اور اسے دیتی وہیں بیٹھ گئی۔

شایان نے اسے دیکھا جو بید پر بیٹھی تھی اس کے سامنے۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"!تم یہاں بھی بیٹھ سکتی ہو کونین"

وہ بولا اور فون پر مصروف ہو گیا تو کونین اٹھ کر اس کے ساتھ آکر بیٹھ گئی۔

"!کیا ایسا بہت ضروری ہے آپ کے فون میں دکھائیں"

وہ زچ ہوئی اس کے چاہنے پر آگئی تھی لیکن اسے فون سے فرصت نہیں تھی۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

اس لیے اس کا فون اچک کر چیک کرنے لگی جو اپنی میلز پڑھ رہا تھا۔

"اس لڑکی کا کیا نام تھا؟"

"کس کا؟"

شایان نے اسے دیکھا جو بالکل اس کے ساتھ بیٹھی تھی شانوں سے چادر جھلک گئی تھی

وہ اس وقت کالے جوڑے میں تھی دوپٹہ سر پر نہیں تھا اب۔

جسے میں نے پہلی ملاقات میں آپ کے نزدیک دیکھا تھا۔

میں نہیں جانتا !شایان کو اندازہ نہیں تھا کہ اسے اب تک یاد ہو گا یا وہ اس سے یہ"

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

سوال کرے گی۔

"کیوں؟ جتنے آپ قریب تھے اس کے مجھے لگا-----"

تمہارا رد عمل دیکھنے کے لیے وہ کیا تھا میں نے آخر میری منکوحہ سالوں بعد مجھ سے ملنے"

آئی تھی "!وہ صاف گوئی سے بولا اور وہ سچ کہہ رہا تھا۔

"آپ کو کیسے پتا میں آنے والی ہوں۔"

URDU NOVEL BANK

میں اس سے پہلے ہی تمہارے بارے میں معلومات اکٹھی کر چکا تھا سب جانتا تھا پہلے ہی۔"

"لیکن میرا ردعمل کیوں؟"

"میں نہیں چاہتا تھا میرا امپریشن تم پر اچھا پڑے۔"

اور آپ اس میں کامیاب رہے مبارک ہو"!وہ جل کر بولی تو شایان مسکرا دیا۔"

"تم جیلس ہوئی تھی؟"

نہیں !حیرت نہیں ہوئی تھی امیر زادے ایسے ہی ہوتے ہیں"!وہ اس کے فون پر گیلری کھولنے لگی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"!اچھا اور تمہیں کیسے پتا ہے کہ امیر زادے کیسے ہوتے ہیں؟ میں تو امیر نہیں ہوں"

لیکن وہ اس کی گیلری میں اپنی تصویریں دیکھتی حیران تھی۔۔۔۔وہ جب ساتھ تھے تب کی کئی لمحوں کی تصاویر تھی وہ۔

URDU NOVEL BANK

وہ حیرت سے دیکھ رہی تھی اس فولڈر پر صرف دل کے سانچے کا ایموجی تھا اور اندر صرف اس کی تصویریں۔

یہ کب لیں آپ نے؟"

"تمہیں میں اتنا فراموش لگتا ہوں تم سے؟"

مجھے یہ بھی پتا ہے تم کتنے دن یونیورسٹی گئی ہو۔۔۔تمہاری کلاس میں کتنے لڑکے ہیں۔۔۔کون سے مضامین پڑھ رہی ہو تم سب کچھ اور پوچھنا چاہوں تو پوچھ سکتی ہو۔"

کونین اسے منہ کھولے دیکھنے لگی تو شایان نے آگے بڑھتے اس کا کھلا منہ بند کیا اور اس کے گال کو چومتے واپسی اپنی جگہ پر بیٹھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

جبکہ اس کے چہرے پر بکھرے گلال کو سنجیدگی سے دیکھنے لگا اسی نظارے کو تو اس نے مہینوں یاد کیا تھا۔

"آپ کی خالہ!"

"میں انہیں ڈسکس نہیں کرنا چاہتا کونین کم از کم ابھی تو نہیں"

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

"ٹھیک ہے؟ لیکن مجھے ان سے نفرت ہے !اور آپ کی والدہ-----"

کیسے گزرے دن میرے بغیر؟ "وہ اسے ساتھ لگاتا استسفار کرنے لگا۔"

"آپ کو فرق پڑتا ہے؟"

"ہاں جی اسی لیے سب خبر رکھی ہے میں نے تمہاری!"

شایان؟

" ہممممم؟ آپ ٹھیک ہیں؟"

"مجھے کیا ہونا ہے؟"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

آپ سب سے چھپا سکتے ہیں لیکن میں اتنا تو پڑھ سکتی ہوں آپ کو؟---آپ بہت "

"تھک گئے ہیں اور خود سے بھی غصہ ہیں-----

"نہیں ایسا نہیں ہے!"

وہ اس سے دور ہوتا بولا اور فریش ہونے چلا گیا وہ واپس آیا تو وہ وہیں پر بیٹھی تھی۔

"سو جاؤ تھوڑی دیر!"

URDU NOVEL BANK

وہ فائل نکلا کر وہیں بیڈ پر بیٹھ گیا تو کونین بھی فریش ہو آئی اور واپس اس کے ساتھ بیٹھ گئی اور اس کی فائل بند کرتے سائیڈ پر رکھی۔

"آئم سوری آپ پر ہاتھ۔۔۔"

کونین پلیز میں کچھ بھی ڈسکس نہیں کرنا چاہتا "وہ لیٹتا سر پر کمفرٹر ڈال گیا تو کونین" نے گہرا سانس بھرا۔

وہ مشکل وقت سے گزار رہا تھا جہاں سبکو سمجھانا اور منایا تھا اس نے لیکن ان سب میں وہ خود کہیں گم گیا تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ تو بے قصور رہا تھا ان سب میں اور شاید کونین نے سارے بدلے اسے وہ تھپڑ اور بے حد بدتمیزی کر کے لیے تھے جس پر وہ بے حد شرمندہ تھی۔

ان سب میں وہ فراموش ہو گیا تھا مکمل۔

کونین نے اس کے چہرے سے کمفرٹر ہٹایا اور اس کے ماتھے سے بال ہٹاتے جھک کر وہاں لب رکھے تو شایان نے آنکھیں کھولیں جن میں تھکاوٹ اور کرب واضح تھا۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

کونین نے اس کے بالوں میں انگلیاں چلائیں تو وہ اس کی گود میں سر چھپا گیا اور بازو اس کے گرد لپیٹے۔

"انہوں نے کتنا بُرا کیا میرے ساتھ۔"

سالوں مجھ سے جھوٹ بولا مجھے دھوکا دیا۔۔۔میں نے ماما سے زیادہ محبت کی ان سے"

"اور انہوں نے بدلے میں۔۔۔۔

"مجھے ان سے زیادہ گلہ اپنی ماں سے ہے کونین۔۔کیا کوئی ماں بھی ایسا کر سکتی ہے؟"

"وہ آپ سے محبت کرتی ہوں گی شایان۔۔۔۔"

میں جانتا ہوں لیکن یہ کیسی محبت ہے جس میں انہوں نے کسی کی زندگی برباد کر "دی۔

میں تھک گیا ہوں۔۔۔۔زندگی ایسی نہیں سوچی تھی میں نے۔۔۔۔۔میں شرمندہ ہوں "خود سے۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

بابا نے آپ کو معاف کر دیا ہے شایان اپنے اس گلٹ سے نکل آئیں،دوسروں کے"

"بارے میں سوچنا چھوڑ دیں---

"جو ہو گیا وہ ماضی تھا آگے بڑھیں۔"

"تم نے معاف کر دیا مجھے؟"

میں کون ہوتی ہوں آپ کو معاف کرنے والی شایان---شاید آپ سے زیادہ غلطیاں"

میں نے کی ہیں اس رشتے میں----اور جو حرکت اس دن میں نے کی ہے اس پر میں

"مرتے دم تک پشیماں رہوں گی۔

وہ کافی دیر خاموش رہے---جیسے زخموں کو بھرنے کا موقع دیا ہو۔کونین مسلسل اس

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

کے سر میں ہاتھ پھیر رہی تھی اس کی کمر کو سہلا رہی تھی اسے پرسکون کرنے کے لیے

اور اس میں وہ کامیاب رہی تھی۔

"ویسے "کافی بھاری ہاتھ نہیں ہے آپ کا بیوی؟

کچھ لمحوں بعد وہ سیدھا ہوا اور اسے ہاتھ سے کھینچ کر اپنے اوپر گرایا۔

"شایان پلیززز میں پہلے ہی بہت شرمندہ ہوں!"

سارے بدلے لے لیے ہیں تم نے مجھ سے۔۔۔۔خبردار کل کو میرے بچوں کو کوئی"

"کہانی سنائی تم نے کوئی۔۔۔۔۔

وہ بولا تو وہ جھنپ گئی اور گال دھکنے لگے۔

"تم اتنا بلش کیوں کرتی ہو؟"

"نہیں تو؟"

تم ایسا کرتی دنیا کی حسین ترین لڑکی لگتی ہو کونین شایان عثمانی۔۔۔۔میں یہ گلال اور"

"میری قربت پر تمہاری گالوں کا پرحدت ہو جانا بڑھاپے تک دیکھنا چاہتا ہوں۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ بولا تو کونین اس کی باتوں کی تاب نہ لاتے چہرہ اس کے سینے میں چھپا گئی تو وہ ہنس

دیا۔

"اب کیسا محسوس ہو رہا ہے؟"

تم ساتھ ہو تو بہترین "!شایان نے اس کے بالوں کو چومتے کہا۔"

"تم نے بالوں کو کلر نہیں کروایا؟"

URDU NOVEL BANK

آپ بھول رہے ہیں آپ نے کروانا تھا اور مجھے نئ چادریں بھی چاہیے، یونیورسٹی میں"

"نئے سیمیسٹر کی فیس بھی جمع کروانی ہیں اور۔۔۔

"ٹھیک ہے! سب مل جائے گا آپ کو بیوی"

وہ اس کے ماتھے اور گال کو چومتا بولا تو وہ مسکرا دی۔

"چلیں مجھے گھر چھوڑ کر آئیں۔"

"نہیں دو تین دن۔۔۔۔"

نہیں میری خواہش ہے کہ ہم پھر سے نکاح کریں بابا کے ساتھ اپنی خوشیاں منائیں"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"اس گھر میں ایک ساتھ۔

تم ایسا چاہتی ہو؟ "شایان نے اس کی آنکھوں میں دیکھتے کہا۔"

کونین نے تیزی سے سر ہلایا۔

ٹھیک ہے جو حکم "!وہ اس کے بال کان کے پیچھے اڑاتا بولا۔"

URDU NOVEL BANK

اور پھر کافی گھنٹے اس کے ساتھ باتوں میں گزارے اسے واپس چھوڑ آیا اور انتظامات کرنے لگا۔

اس لڑکی کو وہ مزید دن خود سے دور نہیں رکھ سکتا تھا کہ ابھی تو وہ میسر آئی تھی۔

باقی کے زخم بھی تو اسی سے مندمل ہونے تھے۔

اس نے ایک ہی شام میں تیاری کی تھی صرف ولیمے کا فنکشن تھا نکاح تو گھر میں ہی کرنا تھا۔

نکاح کے بعد اس نے کونین کو اپنی محبت میں بھگو دیا تھا۔

اس کے پاؤں میں پازیب پہناتے اس کے ہاتھوں کو چوما۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اس تحفے کا شکریہ "!وہ مسکرا کر بولی۔"

میری زندگی میں آنے کا شکریہ کونین شایان "!اس کے ماتھے کو چومتا وہ بولا۔"

"!ہٹیں آپ بہت بھاری ہیں"

وہ بولی تو شایان نے اسے گھورا اور اس کے ہاتھوں کو اپنے ہاتھ کی انگلیوں میں تھامتے اس پر جھکا اور اپنے پیار کی بارش اس پر برسانے لگا۔

URDU NOVEL BANK

این برای توست عشق ابدی من

"(آپ کے لیے میری محبت ابدی ہے)"

💑💑💑💑💑💑💑💑💑💑

چند سالوں بعد:

"!زارا میرے کپڑے"

وہ واش روم سے آوازیں دے رہا تھا وہ جو نیچے کچن میں گئی تھی زِچ ہوئی اور سب کی مسکراتی نظروں کو دیکھتی واپس آئی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ان کی شادی کو ایک سال ہونے کو آیا تھا اور مجال تھی کہ وہ شخص اپنا کوئی بھی کام خود سے کرتا

کیا مسئلہ ہے اعظم؟"

یہ رکھ گے گئی ہوں میں آپ کے کپڑے، آپ کی وجہ سے روز مجھے دوبارہ سیڑھیاں چڑھ کر آنا پڑتا ہے "وہ اسے تولیہ اور اس کے کپڑے پکڑاتی بولی۔

URDU NOVEL BANK

تو روز یہ سب کام کر کے نیچے جایا کرو "!وہ کندھے اچکاتا بولا۔"

ہاں اور پھر لارڈ صاحب کے ناشتے میں دیر ہو گئی تو اس پر بھونچال آجائے گا اور کہاں" آپ کو ملازمہ کے ہاتھ کا کھانا ہے مجھے تو سمجھ نہیں آتی اور آج واپسی پر میں ماما کے گھر "جاؤں گی اور ہفتہ رہو گی وہاں خبردار جو مجھے روکا ہو تو-----

وہ اپنی ہی دھن میں بولے جا رہی تھی جب وہ پیچھے سے آتا اسے حصار میں لے گیا۔

آپ نے مجھے گیلا کر دینا ہے اعظم "!اس کو شرٹ لیں اور بالوں سے پانی گرتے دیکھ" وہ بولی۔

"!شوہر کے سارے کام بیوی ہی کرتی ہے"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"!اور بیوی کے کون کرے گا"

میں تو جیسے کرتا نہیں ہوں نا "!اعظم نے اس کی کان کی لو کو دانتوں میں دبایا۔"

"اور کہاں جانے کی بات ہو رہی ہے؟"

"!ماما کے گھر وہ بھی ہفتے کے لیے"

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

ہرگز نہیں "!اعظم نے اسے اب تک وہاں دو دن سے زیادہ ٹھہرنے نہ دیا تھا وہ جو اس" سے محبت کرنے کا وعدہ کیسے ہوا تھا اس کی عادت لگوا بیٹھا تھا دل کو اور عادت تو محبت سے زیادہ جان لیوا ہوتی ہے۔

پر کیوں؟ "وہ نم لہجے میں بولی۔"

"!خبردار روئی تو !تم جانتی ہو میں اکیلے بور ہو جاتا ہوں"

سیدھا بولیں میرے بغیر دل نہیں لگتا آپ کا "!وہ غصے میں بولی وہ بہت ایکسپریسو" نہیں تھا۔

اچھا ٹھیک ہے ہاں میرا دل نہیں لگتا ہے تمہارے بغیر اور تم جانتی ہو تمہاری خوشبو" کے بغیر اب مجھے نیند نہیں آتی ہے اور یہ سب تمہاری غلطی ہے تم نے مجھے عادت ڈالی ہے اپنی اور اب آکر مجھ سے شکائتیں کرنے لگی ہو "!وہ شرٹ پہنتا اس کے گالوں کو چومتا بال بنانے لگا تو وہ مسکرا دی۔

زارا اعظم کا دن بن جاتا تھا جس دل وہ تھوڑا اظہار کر دیتا تھا۔

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

وہ جانتی تھی وہ اس سے محبت کرتا ہے وہ اس کے پیچھے گھومتا تھا سارا دن آفس سے آنے نے بعد اس کا دوستوں سے ملنا کم ہو گیا تھا۔

اس نے زارا کو دوست بنا لیا تھا، گھومنا پھرنا سب اسی تک مختص کر دیا تھا۔

"!ایک شرط پر نہیں جاؤں گی میں ماما کی طرف"

"!مجھے منظور ہے"

"!سن تو لیں"

سناؤ "!وہ پرفیوم چھڑکتا اس پر بھی کرنے لگا۔"

"ہم کسی کی شادی کریش کریں گے مطلب انجان لوگوں کی کتنا مزہ آئے گا۔۔۔"

Visit for more novels
www.urdunovelbank.com

"زارا اعظم آپ پاگل ہو گئیں ہیں لیکن آپ کا شوہر نہیں۔"

لیکن اعظم ۔۔۔۔۔۔اس سے پہلے کہ وہ کچھ کہتی وومٹ آنے پر واش روم کی طرف گئی۔

تمہیں کل بھی وومٹ ہو رہی تھی زارا کیا کھایا ہے تم نے۔۔۔۔"

کتنی بار بولا ہے میں نے جنک فوڈ کم کھایا کرو "!وہ اس کے پاس کھڑا اسے ڈانٹ رہا تھا۔

URDU NOVEL BANK

زارا نے نم آنکھوں اٹھائی اسے دیکھا اور پھر ٹشو سے منہ صاف کرتی باہر نکل گئی۔

"!چلو ڈاکٹر کو دکھا لیں"

"نہیں مجھے ماما گھر چھوڑ دیں شام کو واپسی پر دکھا دیں گے۔۔۔۔"

لیکن۔۔۔۔۔"

پلیززززز اعظم اور جلدی سے نیچے آجائیں آپ کا ناشتہ تقریباً تیار تھا "وہ اس کے بال بگاڑتی چلی گئی۔

کیونکہ اسے جو محسوس ہو رہا تھا وہ اس کی تصدیق کروانا چاہتی تھی وہ خوش ہونے کے ساتھ ڈری ہوئی بھی تھی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

!زارا آپ کو چیک کروانا چاہیے !اگر خوشخبری۔۔۔۔"

وہ بولیں تو زارا نے انہیں اشارا کیا تو وہ خاموش ہو گئی۔

!آج چیک کرواؤ گی لیکن سرپرائز ہے "!وہ بولی تو وہ مسکرا دیں اچھا ٹھیک ہے '

پھر وہ تیار ہوتے نکل گئے۔

URDU NOVEL BANK

اعظم نے اس چھوڑا اور خود آفس نکل گیا۔

" اسلام علیکم گھر کے واسیوں زارا اعظم تشریف لائی ہیں سب اٹھ کر ملو مجھ سے" وہ اونچی آواز میں کہتی اندر داخل ہوئی تو گھر میں جیسے رونق سے آگئی۔

سب اسے خوشی سے ملے اس کی ماں نے اس کا خوشی سے دمکتا چہرہ دیکھا تو کئی بار اس کی نظر اتاری۔

"بھابھی آپ کو وائز کی بار کیسا محسوس ہوتا تھا۔"

کیا مطلب۔۔۔۔؟ مطلب تم بھی زارا۔۔۔۔او مائی گاڈڈڈ۔۔۔۔۔"اس کی ماں نے سنا" تو جلدی سے زارا کو پیار کر ڈالا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"ماما ابھی کنفرم نہیں ہے میں نے چیک نہیں کروایا۔"

"تو کرواؤ فوراً کس بات کا انتظار کر رہی ہو؟"

پھر فوراً چیک کروانے پر اس کا شک یقین میں بدلا تو گھر والے خوش ہوئے لیکن اس کی طبیعت نہیں سنبھل رہی تھی۔

"اب اس کو چکر بھی آرہے تھے وومٹ کے ساتھ۔"

URDU NOVEL BANK

مجھے گھر جانا ہے اپنے "!وہ اپنی ماں کو دیکھتے بولی۔"

"!ابھی بھی اپنے گھر میں ہی ہو"

"نہیں میرا فون دیں میں اعظم کو بلاؤں----"

تھوڑی دیر پہلے تو چھوڑ کر گیا ہے بچہ اب پھر آفس سے آلے گا شام تک کا"

"انتظار----

ماما پلیززززز !وہ بولی تو اس کی ماں نے گھورتے اس کا فون پکڑایا اور خود باہر نکل گئی۔

اعظم---؟

"اتنی جلدی یاد آنے لگ گئی ہے میری----"

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

آپ کب تک آئیں گے؟ "وہ نم لہجے میں بولی تو وہ ٹھٹکا۔"

"کیا ہوا؟ طبیعت ٹھیک ہے؟"

"نہیں !آپ آسکتے ہیں پلیز----مجھے گھر جانا ہے؟"

"!میں آرہا ہوں دس منٹ میں"

URDU NOVEL BANK

وہ کام چھوڑتا اٹھ گیا اور ابھی صبح ہی تو زارا اسے کہہ رہی تھی کہ وہ اس کے کام نہیں کرتا۔

وہ آکر سب سے ملتا اسے لے گیا۔

"ڈاکٹر کے پاس --"

نہیں میں ماما کے ساتھ ہو آئی تھی "وہ انگلیاں مڑوڑتی بولی۔"

"پھر کیا بتایا؟"

میں گھر جا کر بتاؤ گی "!وہ نظریں جھکائے ہی بولی تو اعظم فکرمند ہوا لیکن خاموش رہا۔"

گھر جاتے ساتھ اس نے اسے بٹھاتے پوچھا۔ visit for more novels: www.urdunovelbank.com

اب بتاؤ؟

"میں کیسے بتاؤں؟"

زبان سے زارا "!وہ زِچ ہوا۔"

ٹھیک ہے اب مجھے ڈانٹنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے نہیں تو بے بی ناراض ہو سکتا ہے "وہ بولتی اس کے سینے میں منہ چھپا گئی۔

URDU NOVEL BANK

اعظم کو لگا اس نے غلط سنا ہے۔

'!زارا۔۔۔۔؟سچ میں۔۔۔۔اور خدایا۔۔۔۔۔"

وہ اس کے گال چٹا چٹ چوم گیا اس کی آنکھوں کی خوشی اور لہجے کی بے قراری زارا اعظم کو بتا گئی تھی کہ اس کی محنت رائگاں نہیں گئی اعظم اظہر پر۔

"!شکریہ زندگی"

خوبصورت تحفے کے لیے۔۔۔۔۔یہ میری زندگی کا بہترین تحفہ ہے جو مجھے میری زندگی کی"

"!سب سے خوبصورت اور قیمتی عورت نے دیا ہے جس سے مجھے بے حد محبت ہے

وہ اظہار کر گیا تو زارا مسکرا دی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

گھر میں جیسے خوشیوں کا سیلاب امڈ آیا تھا فرشتے اور ازلان کو بھی بتا دیا گیا تھا۔

اس کے بعد زارا نے اعظم کا ایک الگ ہی روپ دیکھا تھا۔۔۔۔۔جس نے اسے ہاتھوں کا چھالا بنا لیا تھا۔

😍😍😍😍😍😍😍😍😍😍😍

فرشتے دھیان سے یار "!ازلان اظہر کو اس نے گھن چکر بنا دیا تھا اپنے پیچھے۔"

URDU NOVEL BANK

وہ اس وقت کیک بیک کرتی بنا کسی کپڑے کے اسے ایسے ہی ہاتھوں سے نکال چکی تھی اور اب گرم انگلیوں کو لیے یہاں سے وہاں اچھل رہی تھی۔

کچھ نہیں ہوا "!فرشتے نے کہا۔"

باہر برف باری ہو رہی تھی اور برف باری میں اس کا نکلنا منع تھا کیونکہ وہ کئی بار بیمار ہو چکی تھی۔

ہاں اس کے تھوڑی دیر بعد اگر تم بچوں کی طرح روتی میرے پاس آئی تو دو لگا کر تمہیں" پھر مرہم لگاؤ گا "وہ لیپ ٹاپ سے سر اٹھاتا بولا۔

"!کھڑوس"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

میں ٹھیک کہتی ہوں آپ بدل گئے ہیں ازلان "!وہ منہ بسوڑتے بولی اور چائے نکالنے" لگی۔

ایک تو میں روز آپ کو خوش کرنے کے لیے نت نئے پکوان بناتی ہوں اور آپ کا ایٹی" "ٹیوڈ ہی ختم نہیں ہوتا۔

URDU NOVEL BANK

وہ دہائی دیتی بولی تو ازلان مسکرا دیا پھر کام ختم کرتا برتن اٹھاتا ٹیرس پر چلا گیا۔

وہ بھی وہیں آتی جھولے پر بیٹھ گئی تو ازلان بھی ساتھ بیٹھ گیا۔

اس کی ٹوپی کو اس کے سر پر پہناتے ازلان نے اسے گھورا تو وہ مسکرا کر رہ گئی۔

"چلیں جلدی سے کھا کر بتائیں کیسا بنا ہے؟"

زبردست "!ازلان نے کیسا ور اندر سے ٹیوب لاتے اس کے ہاتھوں پر لگائی تو وہ کھلکھلا" اٹھی۔

"!تھوڑی تھوڑی محبت تو اب بھی ہے آپ کو"

وہ شرارت سے بولی تو ازلان نے اسے گھورا اور اس کا بنایا کیک کھانے لگا۔

www.urdunovelbank.com

"ہم واپس کب جائیں گے؟"

"زارا کتنی کیوٹ لگ رہی تھی نا؟"

تم بھی ویسی کیوٹ لگ سکتی ہو "!وہ اسے لیتا اندر آگیا کیونکہ ٹھنڈ بڑھ رہی تھی۔"

اچھا کیسے؟

URDU NOVEL BANK

مجھ پر توجہ دے کر "!ازلان نے کہتے اسے اپنی طرف کھینچا۔"

"!آپ پر ہی تو توجہ ہے میری"

اچھا !ازلان نے کہتے الماری کھولی اور اسے ایک ڈبہ تھمایا۔

"یہ کیا ہے؟"

کھول کر دیکھ لو "!ازلان نے کہا تو فرشتے نے کھول کر دیکھا اس میں ایک ٹیڈی بیئر تھا"

جس کے ہاتھ میں ایک لفافہ تھا۔

فرشتے نے کھولا تو وہ ٹکٹس تھے۔

"ہم واپس جا رہے ہیں؟"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"!اب جانِ جاناں کوئی فرمائش کرے اور ہم پوری نہ کرے ایسا ہو سکتا ہے"

وہ جھکتا سر کو خم دیتا بولا تو وہ مسکراتی ایڑھیوں پر کھڑی ہوتی اس کے گال چوم گئی۔

لیکن ایسا کرتے اس نے اپنے پاؤں پر کلہاڑی ماری تھی کیونکہ ازلان اظہر اسے حصار میں لیتا قدم پیچھے کی طرف بڑھا رہا تھا۔

URDU NOVEL BANK

بیڈ پر گرتے اس نے فرشتے کے کچھ بولنے سے پہلے اس کی سانسوں کو خود میں قید کر گیا تھا۔

فرشتے تو بس اس کے سینے میں منہ دے گئی تھی وہ اسے ایسے ہی کچھ بھی بولنے کے قابل نہیں چھوڑتا تھا۔

"!شان پلیززز مان جائیں"

وہ اپنے بھاری ہوتے وجود کے ساتھ اس کے پیچھے گھوم رہی تھی۔

بالکل نہیں !تم نے اپنی حالت دیکھی ہے۔۔۔میں تمہیں سیڑھیاں نہیں چڑھنے دیتا"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"اپنے ساتھ دوسرے شہر لے کر جانا تو بہت دور کی بات ہے۔

!پلیززززز

!نووو

"!میں آپ کے بغیر یہاں کیا کروں گی"

URDU NOVEL BANK

"!دو دن کی بات ہے اور تمہارہ پیپر بھی ہے آخری اس کی تیاری کرو"

تو وہ آپ کی واپسی کے بعد ہے شان "وہ آنکھیں پٹپٹاتے بولی۔"

"تم سفر نہیں کر سکتی ہو کونین کیوں ضد کر رہی ہو؟"

کونین نے ایک نظر اسے دیکھا اور کمرے سے نکل گئی اس کے بعد وہ اس سے ناراض ہی رہی تھی۔

کیا ہوا پیاری لڑکی؟ "موحد نے اس کی آنکھیں نم دیکھتے ہوچھا۔"

بھائی نے کچھ کہا ہے تو مجھے بتائیں "!وہ شیر بنتا آگے آیا لیکن پیچھے سے شایان کو آتے "دیکھ قدم کونین سے دور کیۓ۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

میری بیوی کو الٹی سیدھی پٹیاں تو ہی پڑھاتا ہے نا "!شایان اس کے پیچھے لپکا اور اب "پورے گھر میں موحد کے فریادیں تھی سب مسکرانے لگے۔

"کیا کہا ہے آپ نے میری پوتی کو شایان؟"

"!دادا جان بس ضدی ہو گئی ہے اور کچھ نہیں"

URDU NOVEL BANK

شایان اس کو لے کر حساس ہو گیا تھا بہت یہ اس کی پریگننسی کے کچھ آخری مراحل تھے۔۔۔۔

خاور عثمانی کچھ مہینے پہلے ہی اپنی بیماری سے لڑتے دنیا فانی سے کوچ کر گئے تھے اس نے بہت مشکل سے سنبھالا تھا کونین کو اس کی حالت بہت بری تھی وہ بیمار رہنے لگی تھی جب اسے پتا چلا تھا کہ وہ ایک ایکسپیکٹ کر رہی اس کے بعد اس نے ہاتھ کا چھالا بنا لیا تھا اسے۔

"دادا جان ان کو بولیں مجھے لے کر جائیں میں اکیلی کیا کروں گی؟"

وہ جہانگیر عثمانی کے ساتھ لگتی بولی تو انہوں نے کندھے اچکاتے شایان کو دیکھا۔

Visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

بس میں نے کہہ دیا ہے کونین اس بات پر مزید بحث نہیں ہو گی میں وہاں بس بزنس "میٹنگ کے لیے جا رہا ہوں اٹھو کھانا کھاؤ اور اپنی دوا لو!"

وہ بولا تو کونین نے نم آنکھوں سے اسے دیکھا اور جھٹکے سے اٹھ کر چلی گئی تو شایان نے دور تک اس کے ایسے اٹھ کر جانے پر اسے گھورا۔

"دیکھ رہے ہیں آپ؟"

URDU NOVEL BANK

وہ جہانگیر عثمانی کو دیکھتا بولا تو تہذیب عثمانی نے اسے دیکھتے کچھ کہنا چاہا لیکن وہ وہاں سے چلا گیا۔

اور پھر وہ چلا گیا تھا کونین نے اسے ایک بھی کال نہیں کی تھی۔

اس نے دو دن میں اسے ہزار کالز کر ڈالی تھیں لیکن کونین نے ایک بھی نہیں اٹھائی تھی۔

"!موحد بات کرواؤ میری کونین سے"

وہ آج واپس آرہا تھا لیکن کونین اس سے بات نہیں کر رہی تھی۔

"!پیاری لڑکی آپ کے مجازی خدا کی کال ہے بات کریں"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

تم ہی کرو مجھے نہیں کرنی "!وہ سن رہی تھی سب موحد نے اسپیکر پر ڈالی تھی کال۔"

"!کونین کال اٹھاؤ میری"

"!اپنا کام کریں وہاں خاموشی سے"

URDU NOVEL BANK

واپس آکر پوچھتا ہوں تم سے۔۔۔۔دو دن میں کتنا خوار ہوا ہوں تمہاری وجہ سے اندازہ"

"ہے تمہیں؟

وہ غصے سے بولا تو موحد نے کونین کو دیکھا جو اس سے زیادہ غصے میں تھی۔

"!میں نے نہیں کہا تھا کہ جائیں۔۔۔اور دوسروں کے سامنے مجھ پر غصہ مت کریں"

وہ روتی اٹھ گئی تو موحد کو اپنی شامت آتی محسوس ہوئی۔

تم اب تک وہیں تھے تمہیں میں گھر آکر پوچھتا ہوں "!شایان نے کہتے کال کاٹ دی تو"

موحد سر پکڑ کر رہ گیا۔

رات کو سب کھانا کھا رہے تھے جب وہ آیا اور سب کو سلام کیا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"کونین کہاں ہے؟"

اس کا پہلا سوال ہی یہ تھا۔۔۔ملائکہ نے ٹھنڈی آہ بھری کچھ لوگ آپ کے نصیب میں نہیں ہوتے خیر اس کی بھی منگنی ہو چکی تھی وہ آگے بڑھ گئی تھی۔

"!اس کا دل نہیں تھا کھانا کھانے کو"

جواب تہذیب عثمانی کی طرف سے آیا جسے وہ نظرانداز کرتا آگے بڑھا۔

URDU NOVEL BANK

برو میرے لیے کچھ لائے ہو؟ "موحد نے ہانک لگائی۔"

ہاں جوتے لایا ہوں کچھ دیر میں دیتا ہوں "وہ بولا تو موحد منہ بسوڑ گیا۔"

وہ کمرے میں آیا تو وہ ٹی وی دیکھ رہی تھی۔

شایان نے اسے دیکھتے ٹھنڈی آہ بھری اسے دیکھتے سکون اترا تھا دل میں۔

"کھانا کیوں نہیں کھایا؟"

کونین نے جواب نہ دیا تو وہ اس کے پاس آیا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

زندگی !وہ اس کے ہاتھ تھامتا بولا۔

میری وہاں دو بار گاڑی خراب ہوئی ہے اتنی گرمی تھی وہاں تم کیسے رہتی وہاں تم جانتی" ہو تمہارے معاملے میں میں کتنا حساس ہوں تم نے ایک بار بھی میری کال نہیں اٹھائی میں کتنا فکرمند تھا۔"

"آپ سوری ہیں؟"

کونین نے کچھ سوچتے کہا تو شایان نے تیزی سے سر ہلایا اسے ناراض کہاں دیکھ سکتا تھا۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

"!مجھے آئس کریم کھانی ہے"

ابھی؟

"موحد کو۔۔۔۔۔"

"!آپ جا کر لے کر آئیں"

اس نے دو تین فلیورز بتائے تو وہ تھکا ہونے کے باوجود اٹھ کر باہر نکل گیا اس کی ناراضگی بھی تو دور کرنی تھی۔

آئسکریم لاتے اسے دی اور خود فریش ہونے چلا گیا کھانا کھا لیا تھا اس نے۔

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

اس کے ساتھ لیٹتے اسے حصار میں لیا۔

"اب تو ناراض نہیں ہو؟"

" !تھوڑی تھوڑی"

"اور وہ تھوڑی تھوڑی ناراضگی کیسے دور ہو گی؟"

آپ موحد کے لیے کچھ لائیں ہیں؟ "اس نے جو کہا تھا۔"

URDU NOVEL BANK

ہاں جی لے آیا ہوں تم دونوں نے مار کھانی ہے مجھ سے "!وہ بولا تو کونین نے اسے" گھورا پھر اسکی بیئرڈ پر ہاتھ رکھا۔

"تھک گئے ہیں؟"

!تھوڑا سا

!آرام کریں

شایان نے اس پر حصار تنگ کرتے اس کے بالوں میں چہرہ چھپایا اور اس کی گردن پر لب رکھے تو وہ گلابی ہونے لگی۔
🤗🤗🤗🤗🤗🤗🤗🤗🤗

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ سب اپنی زندگی میں آگے بڑھ گئے ہیں بہت آگے آزمائشوں سے لڑ کر جیتتے شایان عثمانی نے باپ بنتے اپنی ماں کو معاف کر دیا تھا لیکن پھر سے ویسی محبت نہ ان سے کر پایا تھا اور سائمہ نقوی کون تھی اس نے بھلا دیا تھا اس نے جان لیا تھا کہ کسی سے بے ساختہ نفرت نہیں کی جاتی، بلا جواز رشتے خراب نہیں کیے جاتے۔

کونین عثمانی نے جان لیا تھا کہ اپنے حق سے پیچھے نہیں ہٹتے جو آپ کا ہے وہ آپ کو مل کر رہتا ہے اس نے اپنے رشتے کو اور اس بکھرے شخص کو سمیٹ دیا تھا اپنی چاہت اور محبت سے۔

ازلان اظہر نے غصے پر قابو پانا سیکھ لیا ہے کہ اس سے سراسر نقصان اپنا ہی ہوتا ہے وہ محبت میں بہت آگے نکل گیا تھا جہاں اب صرف خوشیاں تھی اپنے باپ سے گُھل مل گیا تھا وہ کہ اس کے باپ نے اس سے ہوئی ناانصافیوں کی بھرپائی اسے توجہ دے کر اس عمر میں پوری کر دی تھی۔

فرشتے ازلان اظہر نے انگنت سیشنز کے بعد اپنے آپ کو سنبھال لیا تھا کیونکہ اسے ازلان اظہر ملا تھا اس نے جان لیا تھا محبت کرنے والوں کو کیسے ترجیح دی جاتی ہے، کسی غیر محرم پر بھروسہ کر کے اسے گھر میں نہیں بلایا جاتا اور اپنے رشتے کی حقیقتیں نہیں چھپائی جاتی وہ ازلان اظہر کی سنگت میں خوش تھی اور اپنا پہلا بے بی ایکسپیکٹ کر رہی تھی۔

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

اعظم اظہر نے جان لیا تھا کہ جس چیز میں رب کی مصلحت نہ ہو وہ قیامت تک نہیں ملتی اور جو چیز کسی کی ہو اس پر نگاہیں نہیں بٹھائے رکھتے کیونکہ رب العالمین نے ہمارے لیے بہتر سوچا ہوتا ہے، اس نے اپنی زندگی کی دوسری محبت اس شدت سے کی تھی کہ اب اس عورت کے بغیر اسے کچھ سمجھ نہیں آتی ہے، اسے اپنا ماضی تک بھول گیا تھا یاد تھا تو ایک نام، ایک وجود زارا اعظم۔

زارا اکبر نے خود کو کسی مرد کو اپروچ کیا تھا جو کسی صورت غلط نہیں تھا محبت کے اظہار کا حق اگر مرد کو ہے تو عورت کو بھی ہے ہاں اگر اس میں حدود سے پھلانگا نہ جائے، اس ،نے سیکھ لیا تھا کہ کسی کو بار بار اس کا ماضی یاد کروا کر، جتا کر آپ کا اپنا نقصان ہے اس نے اس شخص پر اپنی زندگی کی ساری محبتیں اور وقت نچھاور کر دیا تھا جس کا صلہ یہ نکلا تھا کہ وہ شخص بیشک اسے روز آئی لو یو نہیں کہتا تھا یا محبت کے لمبے قصیدے نہیں پڑھتا تھا لیکن وہ جانتی تھی وہ شخص اس کے بغیر رہنے کا نہیں سوچ سکتا تھا اپنے بیٹے کے ساتھ وہ خوش تھی۔

ان سب نے معجزوں پر یقین کیا تھا اور آج اتنی آزمائشوں کے بعد معجزے ہی تھے جو ان کو ساتھ جوڑ گئے تھے۔

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

رشتے ابدی محبت میں جڑ گئے تھے۔

🔒🔒🔒🔒🔒🔒🔒🔒🔒

شایان عثمانی نے آج بہت بڑا کونٹریکٹ پا لیا تھا اعظم اظہر کے ساتھ مل کر اور اس وقت وہ سب ساتھ تھے اپنے بیوی بچوں کو لیے۔

"اس کو پکڑے میرے سارے بال خراب کر دیے ہیں اس نے"

زارا نے اپنے گول مٹول بیٹے کو دیکھتے کہا اور اسے اعظم کو پکڑایا جو اسے گھورتا اپنے بچے کو تھام گیا تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"خبردار میرے بیٹے کو کچھ کہا تو؟"

ہاں میں نے تو اسے دو لگا دی ہیں نا جیسے "!زارا نے کہا تو اعظم ہنس دیا۔"

"!تمہیں شرم آتی ہے اپنے ہی بیٹے سے جیلس ہوتے"

میں کوئی جیلس نہیں ہوں لیکن دیکھیں کیا میری آنکھوں میں کچھ گیا ہے؟ "وہ اس کے آگے آتی اس کی توجہ اپنی طرف مبذول کروانے کی خاطر بولی۔

"!گھر جا کر تفصیل سے دیکھوں گا"

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

وہ اس کی طرف جھکتا اس کے کان میں کہتا آگے بڑھ گیا۔

بے شرم "!وہ کہتی گلابی چہرے سے جوس کا گلاس اٹھا گئی۔"

تمہیں کس نے کہا تھا فرشتے ازلان کے جوتے پہنو میں نے گھر میں کہا تھا کہ شوز پہن "لو کون سا نظر آنے ہیں۔

وہ اعظم اور شایان کے ساتھ کھڑا تھا جب وہ منہ بناتی اس کے پاس آئی تھی اعظم اور شایان ایک دوسرے کو دیکھتے مسکرا دیے ازلان کو اس کی طرف جاتے دیکھ۔

مجھ سے چلا نہیں جا رہا "!اس کے کچھ آخری منتقس تھے اور وہ واپس یہی شفٹ ہو گئے تھے۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"!اچھا بیٹھ جاؤ"

ازلان نے اسے بٹھایا اور گھر میں فون کرتے اس کے شوز منگوائے تھے اور تب تک سب کو نظرانداز کرتا اس کے پاس کھڑا رہا تھا۔

اسے جوس پلایا۔

"اب جائیں سب ہمیں دیکھ رہے ہیں۔"

URDU NOVEL BANK

!ازلان نے آیتیں پڑھتے اس پر کچھ پھونکا

"!نہیں لگتی تمہیں نظر جانِ جاناں"

جھک کر اس کے کندھے کو چومتے وہ چلا گیا تو فرشتے نے سر جھکا لیا اور پھر کچھ پڑھتے

اس پر پھونکا۔

"اففف نظر لگ جاتی ہے یہ نہیں سمجھیں گے۔"

"کیا ہوا؟"

"یہ سو گئی ہے میں تھک گئی ہوں؟"

کونین جو اسے کب سے لے کر گھوم رہی تھی ٹھنڈی آہ بھرتی بولی۔

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

مجھے دو "!شایان نے اس سے ان کی بیٹی لی اور اس کر اس کے گال چومے۔"

'!شان اٹھ جائے گی پھر رات کو تنگ کرے گی"

اچھا سوری "!شایان اسے لیتا چکر کاٹنے لگا۔"

"!موحد کو فون کر دوں؟ وہ لے جائے گا وہ پہلے ہی کہہ رہا تھا اس کو چھوڑنے کے لیے"

نہیں !وہ میری بیٹی خراب کر رہا ہے "!شایان نے کہا تو کونین نے اسے دیکھا۔"

URDU NOVEL BANK

اس کے ساتھ ریڈ لپسٹک کیوں نہیں لگائی کونین؟ "وہ جیسے اس محفل میں بھی بہت" بڑا مسئلہ لے کر بیٹھ گیا تھا۔

"کیونکہ میری شادی نہیں تھی جو ریڈ لپسٹک لگا آتی۔"

"!گھر جا کر لگا کر دکھا دینا مجھے"

"!نووو"

یسسس "!شایان نے اسے گھورا اور فری کو لیے یہاں سے وہاں چکر کاٹنے لگا تو کونین" اسے دیکھ کر رہ گئی اس کے تھکنے کی وجہ سے اس نے دوبارہ فری کو کونین کو نہیں پکڑایا تھا کیونکہ وہ جانتا تھا کونین نے ہیل پہنی ہے۔

افففف وہ دیکھیں اعظم اور ازلان بھائی کو کیسے اپنی بیوی کی تعریفوں میں لگے اور میں" "!یہاں آپ کی بیٹی کو سنبھال رہی ہوں

"!میں نے یہاں اپنی محبت کا اظہار کیا نا بیوی تو مشکل آپ کے لیے ہی ہو گی"

وہ بولا تو کونین اسے گھورتی فرشتے اور زارا کے پاس چلی گئی۔

Visit for more novels
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

اس خوبصورت موقع پر میری وائف کے لیے ایک سرپرائز جس پر میں کئی سالوں سے" کام کر رہا ہوں"

وہ مائک تھامتا سر جھکا کر بولا اور پھر خاموشی چھا گئی لمحے کے لیے اس کے بعد ماحول میں اس کی خوبصورت آواز گونجنے لگی۔

وہ سورہ رحمان کی تلاوت کر رہا تھا۔۔۔اس کی آواز ماحول پر سحر طاری کر رہی تھی۔

وہ شایان عثمانی تھا جس نے اپنی بیوی کے لیے تلاوت سیکھی تھی مہینوں لگا کر۔

فَبِأَيِّ آلاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ

(اور تم اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کو جھٹلاؤ گے)

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ جو اٹھ جائے محفل سے جو اگر
سانس لینا محال ہے آنکھیں میچ کے

میرا گھر، گلیاں، یہ کمرے ہیں ویران

URDU NOVEL BANK

پوچھتے ہیں لوگ آخر وہ گیا کہاں پے؟

!دلِ ناکردہ کی حالت نہ پوچھ اے ہمنشیں
اس کے آنے کی روز دعائیں مانگی ہیں ہاتھ باندھ کے

وہ مہرباں جو ستم کر دے آ کر تو بتاؤ
ہم ہو نا جائیں گے بیگانہ دنیا جہاں سے؟

پھر اس کے بعد بس مسکرا دے گر وہ ہلکا سا
پھر تو پوچھیے گا ہی مت حال دلِ زار کے--------

از قلم سُنیہا رؤف۔

ختم شد۔

visit for more novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

جوائن ناول بینک فیس بک گروپ

www.facebook.com/groups/NovelBank

انسٹاگرام پر ناول بینک کو فالو کریں

www.instagram.com/pdfnovelbank

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

بہترین اور اچھی اچھی اردو سٹوریز پڑھنے کے لئے یہ یوٹیوب چینل سبسکرائب کریں۔

https://youtube.com/c/OnlineUrduNovel